ایچ ای سی سے منظور شدہ

علمی و تحقیقی مجلہ

معارفِ اسلامی

Allama Iqbal Open University

جلد: 7 شمارہ: 2 جولائی 2008ء تا دسمبر 2008ء

اس شمارے میں:

	اشارات	مدیر مسئول
1	الجواهر الحسان کی تفسیری حیثیت	حافظ مبشر حسین، محمد طاہر صدیق
2	مقاصدِ شریعت اور حرمتِ منشیات	ڈاکٹر مطیع الرحمٰن
3	رسول اکرم ﷺ کی رفاہی منصوبہ بندی سے عہدِ حاضر میں استفادہ	ڈاکٹر محمد سجاد
4	جزیہ: مفہوم صغار کا جائزہ	ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی
5	تہذیبی ہم آہنگی: اسلامی تعلیمات کے تناظر میں	پروفیسر ڈاکٹر محمد خلیفہ حسن احمد پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق
6	أبو منصور الماتريدي و عقائد الماتريدية	ڈاکٹر ضیاء اللہ نور الحق
7	الوسائل التعليمية في تدريس العربية بباكستان	ڈاکٹر محمد بشیر
8	مسلم بن محمود الشَّيْزَرِيّ شاعر الأيوبيين في اليمن ونماذج من شعره	إسماعيل عُقَيب العَقلاوي

کلیۂ عربی و علومِ اسلامیہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

الجواھر الحسان کی تفسیری حیثیت

* حافظ مبشر حسین

* محمد طاہر صدیق

مفسر ثعالبیؒ

اسلامی ادبیات میں ثعالبی کی نسبت سے دو شخصیتیں معروف ہیں۔ایک عبدالرحمٰن بن محمد بن مخلوف الثعالبی (786ھ/1384ء-875ھ/1470ء) ہیں جن کی تفسیر کا یہاں تذکرہ کیا جارہا ہے اور دوسری شخصیت عبدالملک بن محمد بن اسماعیل ،ابومنصور الثعالبی (350ھ/961ء-429ھ/1038) ہے۔آپ کی کتابوں میں ''یتیمة الدھر'' اور ''فقه اللغة'' معروف ومشہور اور مطبوع ہیں۔ابومنصور ثعالبی کے بارے میں خیرالدین زرکلی لکھتے ہیں:

''آپ نیشاپوری ہیں اور لغت وادب کے ائمہ میں سے ہیں''(1)۔

ان کے علاوہ ایک اور شخصیت مفسر ثعلبی (بدون الالف بعد الثاء) کے نام سے معروف ہے،ان کا نام احمد بن محمد بن ابراہیم اور کنیت ابواسحاق ہے۔ان کے بارے میں خیرالدین زرکلی رقم طراز ہیں:

''آپ نیشاپوری ہیں،مفسر قرآن ہیں،تاریخ آپ کا پسندیدہ موضوع رہا ہے۔آپ کی تصنیفات میں ''عرائس المجالس، قصص الانبیاء اور الکشف والبیان فی تفسیر القرآن'' شامل ہیں،یہ تصنیف 'تفسیر ثعلبی' کے نام سے بھی مشہور ہے''(2)۔

الجواھر الحسان کے مؤلف امام ثعالبی کے بارے میں خیرالدین زرکلی 'الاعلام' میں لکھتے ہیں:

''عبدالرحمٰن بن محمد بن مخلوف الثعالبی الجزائری،ابوزید، آپ مفسر قرآن ہیں، جزائر کے نامور علماء میں آپ کا شمار ہے۔آپ کی بعض تصنیفات یہ ہیں:

الجواھر الحسان فی تفسیر القرآن، یہ چار جلدوں میں ہے۔

---

* ریسرچ ایسوسی ایٹ/لیکچرر، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

* ریسرچ ایسوسی ایٹ/لیکچرر، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

⊙ الانوارفی معجزات النبویة، ⊙ روضة الانوارونزهة الخیار،

⊙ مجموع ⊙ جامع الامهات فی احکام العبادات،

⊙ الذهب الابریزفی غریب القرآن العزیز،

⊙ الارشادفی مصالح العباد، ⊙ ریاض الصالحین''(3)۔

امام ثعالبی کے علمی اَسفار (رِحلات)

امام ثعالبی نے اپنی تفسیر میں سورۃ الشوری کے آخر میں اپنے علمی اسفار (رحلات) کے بارے میں چند باتیں ذکر کی ہیں، چنانچہ آپ رقم طراز ہیں:

''میں نے آٹھویں صدی ہجری کے آخر میں علمی سفر شروع کیے، نویں صدی کے شروع میں میں 'بجایہ' میں پہنچا جہاں میں نے کبار علماء بالخصوص عبدالرحمٰن وغلیسی کے اصحاب سے بکثرت فائدہ اٹھایا اور بارہا ان کی مجالس میں شریک رہا..... پھر میں تیونس گیا اور وہاں سید عیسی غبرینی، اَبی، اور برزالی وغیرہ سے کسب علم کیا۔ پھر میں نے مشرق کا رخ کیا۔ مصر میں میں ولی الدین عراقی سے ملا اور ان سے بہت سے علوم سیکھے جن کا بڑا حصہ علوم حدیث پر مشتمل ہے۔ علم حدیث میں اللہ تعالیٰ نے میرے لیے تمام راستے کھول دیئے، چنانچہ شیخ ولی الدین عراقی نے مجھے ان تمام احادیث کی نقل وروایت کی اجازت دے دی جو میں نے ان سے پڑھی اور اس کے علاوہ کی بھی انہوں نے اجازت دی۔ پھر میں مکہ مکرمہ میں بعض محدثین سے ملا، اس کے بعد میں دیار مصر اور تیونس میں واپس لوٹ آیا اور یہاں کے اور علماء سے بھی علم حاصل کیا۔ یہاں میں شیخ ابوعبداللہ محمد بن مرزوق سے ملا جو حج کے لیے جارہے تھے، چنانچہ ان سے بھی میں نے بہت سا علم حاصل کیا اور انہوں نے بھی مجھے اسلامی علوم وفنون کی تدریس کی اجازت مرحمت فرمائی.....''(4)

تفسیر ثعالبی (الجواھر الحسان فی تفسیر القرآن) کے بنیادی مآخذ

امام ثعالبی کا اہم تصنیفی کارنامہ ان کی تفسیر 'الجواھر الحسان فی تفسیر القرآن' ہے۔ یہ بنیادی طور پر کوئی مستقل بالذات تفسیر نہیں ہے بلکہ امام ثعالبی نے ابو محمد عبد الحق بن غالب بن عطیہ المعروف بہ امام ابن عطیہ (481-542ھ) کی تفسیر 'المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز' کو پیش نظر رکھ کر اس کا ملخص تیار کر دیا ہے، گویا امام ثعالبی کا بنیادی مآخذ تفسیر ابن عطیہ ہی ہے۔ تاہم صاحب علم ہونے کے پیش نظر امام ثعالبی نے نقد و تبصرہ اور تعلیقات سے بھی کام لیا ہے۔ ان کا بنیادی کام چونکہ 'المحرر الوجیز' کا مہذب و ملخص نسخہ تیار کرنا تھا، اس لیے انہوں نے زیادہ تر اختصار ہی سے کام لیا ہے اور اس سلسلہ میں فطری طور پر ان کے پیش نظر بھی وہی منہج رہا ہے جو ابن عطیہ نے اپنی تفسیر میں اختیار کیا ہے یعنی منہجِ تفسیر بالماثور۔ اب اس سلسلہ میں خود امام ثعالبیؒ کی چند توضیحات ملاحظہ فرمائیے:

'الجواھر' کے مقدمہ میں مفسر موصوف فرماتے ہیں:

> ''اس 'مختصر'(5) میں، میں نے اپنے لیے اور تم (قارئین) کے لیے جن چیزوں کو جمع کرنے کا ارادہ کیا ہے، جن سے دنیا و آخرت میں میری اور تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی، وہ یہ ہیں کہ میں نے الحمد للہ تفسیر ابن عطیہ میں موجود تمام اہم چیزوں کو اخذ کر لیا ہے، پھر اس میں اور مفید نکات بھی جمع کر دیے ہیں جو مجھے دیگر ائمہ کی کتابوں اور اس امت کے ثقہ علماء سے حاصل ہوئے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ جن راسخ علماء سے میں نے کچھ اخذ و روایت کیا ہے، تالیفات کے اعتبار سے ان کی تعداد کم و بیش سو ہوگی اور پھر ان میں سے ہر مؤلف اپنے دین و تقوی اور علمی رسوخ میں مشہور و معروف ہے۔ مفسرین سے جو کچھ میں نے نقل کیا ہے، وہ ان کی تفاسیر کو سامنے رکھتے ہوئے نقل کیا ہے، روایت بالمعنی سے کام نہیں لیا کہ مبادا کوئی لغزش ہو جائے، بلکہ اس سلسلہ میں مؤلفین کے اقتباسات حرف بہ حرف نقل کر دیئے ہیں'' (6)۔

اسی طرح موصوف اس تفسیر کے اختتام پر رقم طراز ہیں:

''اللہ عزوجل نے تلخیص پر مشتمل اس 'مختصر' کی تکمیل میں میرے لیے آسانی فرمائی، میں نے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اسے مختصر مگر قیمتی موتیوں سے مزین بنادیا ہے۔ الحمدللہ میں نے اس میں ابن عطیہؒ کی تفسیر کے اہم نکات جمع کردیئے ہیں، اور ابن عطیہ کی تفسیر میں جو تکرار تھا یا انتہاء درجہ کی شاذ باتیں تھیں، وہ سب اس میں حذف کردی ہیں اور اس میں اور بہت سے قیمتی نکات اور نفیس باتیں کہ جن کے بغیر چارہ نہیں، جمع کردی ہیں۔ ان قیمتی نکات کو (علامتوں کے ساتھ) ممتاز کردیا ہے اور ان کے مراجع بھی ذکر کردیئے ہیں اور انہیں لفظ بہ لفظ اخذ کیا گیا ہے۔ یہ سارا کام میں نے سچائی اور راہ راست کی نیت کے ساتھ انجام دیا ہے اور اس کے اجروثواب کے لیے میں اللہ تعالیٰ ہی کے ہاں امید رکھتا ہوں'' (7)۔

یہی بات موصوف نے تفسیر سورۃ الشوریٰ کے اختتام پر بھی کہی ہے، تاہم اس میں یہ اضافہ بھی ہے:

''میری اس تفسیر (الجواھر) سے اہل علم بھی بے نیاز نہیں رہ سکتے، اور اس میں مبتدیوں کے لیے بھی کفایت کردی گئی ہے۔ یہ تفسیر اپنے قاری کو بہت سی مطولات سے مستغنی کردے گی کیونکہ اس میں وہ اپنے موضوع سے متعلقہ معلومات پالے گا اور بہت سے حقائق کی تہ تک جا پہنچے گا'' (8الف)۔

یہ بات تو واضح ہوگئی ہے کہ امام ثعالبی کی تفسیر کا بنیادی مأخذ تفسیر ابن عطیہ ہی ہے، تاہم اس کے ساتھ آپ نے کچھ اور مآخذ کو بھی مدنظر رکھا ہے جن میں حدیث کے سلسلہ میں حدیث کی امہات کتب مثلاً صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابوداؤد اور جامع ترمذی وغیرہ شامل ہیں، نیز امام بغوی کی 'مصابیح السنۃ' سے بھی استفادہ کیا گیا ہے جو حدیث کے حوالہ جات کے لیے بنیادی مصدر کی بجائے ثانوی مصدر کی حیثیت رکھتی ہے (8ب)۔

علاوہ ازیں اَذکار و اَدعیہ سے متعلقہ احادیث کے لیے امام ثعالبیؒ نے امام نوویؒ کی کتاب 'حلیۃ الابرار' (جو 'الاذکار' کے نام سے معروف ہے) سے استفادہ کیا ہے۔

اسی طرح اس موضوع سے متعلقہ مزید احادیث کے لیے آپ نے تقی الدین ابوالفتح محمد بن محمد بن علی بن ہمام مصری کی تالیف 'سلاح المومن' کو پیش نظر رکھا ہے (8د)۔
جبکہ ترغیب و ترہیب اور احوال آخرت سے متعلقہ احادیث کا بڑا حصہ آپ نے امام قرطبی کی کتاب 'التذکرۃ' اور عبدالحق اشبیلی کی کتاب 'العاقبۃ' سے لیا ہے (8ھ)۔

تفسیر ابن عطیہ کا تعارف و منہج

امام ثعالبیؒ کی تفسیر 'الجواھر الحسان' چونکہ تفسیر ابن عطیہ (المحرّر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز) کا اختصار ہے اور ابن عطیہ ہی کے منہج کی امام ثعالبیؒ نے بالعموم پیروی کی ہے، اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے ایک نظر مفسر ابن عطیہ اور ان کی تفسیر المحرّر الوجیز پر ڈال لی جائے۔

امام ابن عطیہ 481 ہجری الموافق 1088 عیسوی میں پیدا ہوئے اور 542 (اور بقول بعض 546) ہجری الموافق 1148 عیسوی میں فوت ہوئے۔ آپ کی کنیت ابومحمد ہے اور نام عبدالحق بن غالب بن عبدالرحمٰن بن عطیہ المحاربی ہے۔ آپ غرناطہ، اندلس کے رہنے والے ہیں۔ اپنے وقت کے مفسر اور فقیہ رہے ہیں۔ احکامی مسائل اور حدیث کا درک رکھنے والے تھے۔ آپ نے شعر بھی کہے ہیں۔ 'مریۃ' کے والی بھی رہے ہیں اور مسلمانوں کے لشکروں میں جہاد کے لیے بکثرت شریک ہوتے رہے ہیں۔ آپ 'لورقۃ' مقام میں فوت ہوئے۔ آپ کی تصنیفات میں یہ کتابیں شامل ہیں: المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز، برنامج، المجموع (8د)۔

تفسیر ابن عطیہ کے بارے میں محققین کی رائے یہ ہے کہ یہ تفسیر بالماثور کی ذیل میں آتی ہے، چنانچہ محمد حسین ذہبی نے اپنی کتاب 'التفسیر والمفسرون' میں جہاں تفسیر بالماثور کی ذیل میں آنے والی آٹھ اہم تفاسیرِ ماثورہ کا تعارف کروایا ہے، وہاں پانچویں نمبر پر تفسیر ابن عطیہ کو شامل کیا ہے اور اس تفسیر کا تعارف کرواتے ہوئے رقم طراز ہیں:

> ''تفسیر ابن عطیہ جس کا اصل نام 'المحرّر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز' ہے، کتب تفاسیر میں اور تمام مفسرین کے ہاں ایک اہم مقام رکھتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس تفسیر کے مؤلف نے اپنا وہ علم بھرپور طریقے سے اس تفسیر میں داخل کر دیا ہے، جو

ان کے دور میں معروف ومقبول تھا اور جسے انہوں نے محنت شاقہ سے حاصل کیا تھا۔ ابن عطیہؒ نے بقول ابن خلدونؒ تمام ماثورہ تفاسیر سے اس تفسیر کو اخذ کیا ہے اور اس میں کوشش کی ہے کہ وہی چیز نقل کریں جو اقرب الی الصحت ہے۔ اور اس طرح انہوں نے ایسی تفسیر مرتب کر دی جو اہل مغرب اور اہل اندلس میں حسن قبول کے ساتھ متداول ہو گئی۔ اور اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ابن عطیہؒ نے بہت عمدہ اور تخلیقی کام انجام دیا ہے حتی کہ اس کا چار دانگ عالم شہرہ اس کتاب کے مؤلف کی عربی دانی اور علمی وسعت کا بہترین ثبوت بن گیا۔ لیکن اس شہرت کے باوجود یہ اب تک مخطوط ہی کی شکل میں ہے (محمد حسین ذہبی نے جس وقت یہ بات کی اس وقت یہ مخطوط ہی کی شکل میں تھی، لیکن اب ایک عرصہ سے یہ شائع ہو چکی ہے۔ مقالہ نگاران) اور اس کے دس بڑے اجزاء ہیں۔ دار الکتب المصریۃ میں اس کے صرف چار اجزاء یعنی تیسرا، پانچواں، آٹھواں اور دسواں پائے جاتے ہیں۔ میں نے ان اجزاء کی طرف مراجعت کی اور جو اللہ کی توفیق سے میرے لیے میسر ہوا، ان کا مطالعہ کیا۔ میں نے دیکھا ہے کہ مؤلف ایک آیت ذکر کرتے ہیں پھر نہایت شستہ اور سلیس زبان میں اس کی تفسیر کرتے ہیں اور تفسیر بالماثور کا طریق اختیار کرتے ہیں اور اس سلسلہ میں بہت زیادہ طوالت میں نہیں جاتے۔ ابن جریر طبریؒ سے آپ بہت زیادہ نقل کرتے ہیں اور ان سے جو کچھ نقل کرتے ہیں، بعض اوقات اس پر تنقید بھی کرتے ہیں، بالکل اسی طرح جس طرح کہ طبری کے علاوہ دیگر اہل علم سے نقل کرتے ہوئے ان کا مناقشہ اور رد کرتے ہیں۔ آپ عربی شاعری سے بہت زیادہ استدلال کرتے ہیں بالخصوص عبارتوں کی تفسیر میں ادبی شواہد کے طور پر اسے پیش کرتے ہیں جیسا کہ بعض اوقات معانی کی توجیہ کے لیے لغت عرب سے استدلال کرتے ہیں۔ اسی طرح آپ نحو کے فن کو بھی بہت استعمال کرتے ہیں۔ قرآن کی مختلف قراءات سے بھی تعرض کرتے ہیں اور اس طرح مختلف معانی پر روشنی ڈالتے ہیں۔

ابن حبانؒ اپنی تفسیر کے مقدمہ میں تفسیر ابن عطیہ اور تفسیر کشاف کا موازنہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''تفسیر ابن عطیہ میں منقولات زیادہ ہیں، اور یہ زیادہ جامع اور خالص ہے جبکہ کشاف اس کے مقابلہ میں زیادہ ملخص (تلخیص شدہ) اور غامض (گنجلک) ہے۔ اسی طرح امام ابن تیمیہؒ اپنے فتاوی میں تفسیر ابن عطیہ اور تفسیر کشاف کا موازنہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''تفسیر ابن عطیہ تفسیر کشاف سے بہتر ہے۔ نقل اور بحث کے اعتبار سے زیادہ صحیح ہے۔ اور اس میں بدعی اقوال کشاف کے مقابلہ میں بہت کم ہیں۔ اس لیے یہ کشاف کے مقابلہ میں بہت بہتر بلکہ ایسی دیگر تفاسیر کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہے'' (9)

تفسیر بالماثور کیا ہے؟

چونکہ تفسیر ابن عطیہ میں تفسیر بالماثور کا منہج غالب ہے اور یہی منہج امام ثعالبی نے بھی قائم رکھا ہے، اس لیے یہ معلوم کر لینا چاہیے کہ تفسیر بالماثور سے کیا مراد ہے۔ اس سلسلہ میں محمد حسین ذہبی فرماتے ہیں کہ:

''تفسیر بالماثور اس بات پر مشتمل ہے کہ قرآن کی تفسیر و تبیین اور اس کے نصوص سے مراد باری تعالیٰ کی توضیح کے لیے خود قرآن ہی کی دوسری آیات سے رجوع کیا جائے، پھر اس کی طرف رجوع کیا جائے جو رسول اللہ ﷺ سے منقول ہے اور پھر اس کی طرف رجوع کیا جائے جو صحابہ کرامؓ سے مروی ہے اور پھر اس کی طرف رجوع کیا جائے جو تابعینؒ سے منقول ہے۔ تفسیر بالماثور میں تابعین کی طرف مراجعت میں اگرچہ یہ اختلاف ہے کہ ان کے اقوال ماثور کی قبیل سے ہیں یا رائے کی قبیل سے، لیکن ہم نے اس کا ذکر اس لیے کیا ہے کہ تفاسیر ماثورہ مثلاً تفسیر طبری وغیرہ میں احادیث اور آثار صحابہ ہی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ اس کے ساتھ اقوال تابعین کو بھی شامل کیا گیا ہے'' (10)

تفسیر بالماثور کے سلسلہ میں امام ابن تیمیہؒ نے اپنے رسالے 'مقدمۃ فی اصول التفسیر' میں تفصیل سے کلام کیا ہے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

''اگر کوئی پوچھے کہ تفسیر کا سب سے عمدہ طریق کیا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ تفسیر کا سب سے بہترین طریق یہ ہے کہ قرآن کی تفسیر قرآن ہی سے کی جائے۔ اگر کوئی مضمون ایک جگہ مجمل ہے تو کسی اور جگہ اس کی تفصیل مل جائے گی اور اگر کوئی چیز ایک جگہ مختصر بیان ہوئی ہے تو کسی اور جگہ مفصل بیان ہوئی ہوگی۔ اگر اس میں کامیابی نہ ہو تو پھر سنت رسول کی طرف رجوع کیا جائے کیونکہ سنت قرآن کی تشریح و توضیح کرتی ہے لیکن جب ہمیں قرآن کی تفسیر نہ قرآن میں ملے اور نہ ہی سنت رسول میں تو ہمیں اقوال صحابہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے کیونکہ وہ نزول قرآن کے مخصوص حالات کے براہ راست مشاہدے کی وجہ سے سب سے زیادہ مطالب قرآن سے آگاہ تھے، انہیں فہم کامل اور علم صحیح کی دولت بھی نصیب ہوئی تھی، خصوصاً ان کے علماء و اکابر صحابہ مثلاً خلفائے اربعہ اور ہدایت یافتہ ائمہ جیسے۔ یضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت عبداللہ بن عباس'' (11)۔

نیز فرماتے ہیں:

''قرآن کے کسی حصہ کی تفسیر اگر خود قرآن یا حدیث میں نہ ملے تو ایسی صورت میں بہت سے ائمہ کرام اقوال تابعین کی طرف رجوع کرتے ہیں مثلاً مجاہد بن جبیرؒ کی طرف جو علم تفسیر میں اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھے.....اسی طرح دیگر تابعین ہیں مثلاً سعید بن جبیر، عکرمہ، عطا بن ابی رباح، حسن بصری، مسروق بن اجدع، سعید بن مسیّب، ابوالعالیہ، ابن انس، قتادہ، ضحاک بن مزاحم وغیرہ۔ اسی طرح تبع تابعین ہیں اور ان کے بعد دیگر اہل علم ہیں'' (12)۔

امام ثعالبی کا منہج تفسیر

امام ابن عطیہ کی پیروی میں امام ثعالبی کی تفسیر میں بھی تفسیر بالماثور ہی کا منہج غالب اور نمایاں ہے، اگرچہ اس میں ابن عطیہ کی طرح لغوی مباحث اور فقہی آراء بھی زیر بحث لائی گئی ہیں۔ ہم یہ معلوم کر چکے ہیں کہ تفسیر بالماثور میں بنیادی طور پر درج ذیل چار اصول پیش نظر رکھے جاتے ہیں:

⊙ قرآن کی تفسیر قرآن سے ⊙ قرآن کی تفسیر احادیث سے

⊙ قرآن کی تفسیر آثار صحابہ سے ⊙ قرآن کی تفسیر اقوال تابعین سے۔

اس کے علاوہ تفسیر بالماثور میں ایک اہم بحث 'اسرائیلی روایات' سے استدلال کی بھی ہے، اس لیے کہ تفسیر بالماثور کے آخری تین اصول بنیادی طور پر روایت کے زمرہ میں آتے ہیں، جب کہ روایات میں صحیح، حسن اور ضعیف ہر طرح کی روایات کتب تفاسیر بالخصوص تفاسیر ماثورہ میں پائی جاتی ہیں اور اسرائیلی روایات بھی انہی روایات کا ایک حصہ ہوتی ہیں۔ اب ہم ان اصولوں کی روشنی میں تفسیر ثعالبی کا مختصر جائزہ لیتے ہیں۔

❶ قرآن کی تفسیر قرآن سے

جہاں تک تفسیر بالماثور کے پہلے اصول یعنی 'قرآن کی تفسیر قرآن سے' کا تعلق ہے تو اس سلسلہ میں امام ثعالبیؒ نے اس اصول کو پوری طرح مدنظر رکھا ہے، چنانچہ قرآن کے مشکل الفاظ کی توضیح، مجمل مقامات کی تفصیل، عموم کے خصوص، مطلق کی تقیید، سیاق وسباق سے معنی ومفہوم کا تعین وغیرہ میں انہوں نے بے شمار نظائر و امثلہ قائم کی ہیں۔ اس سلسلہ میں موصوف نے کہیں تفصیل سے کام لیا ہے، کہیں اختصار سے اور کہیں نہایت اختصار سے۔ ذیل میں اس سلسلہ کی چند اہم مثالیں اختصار کے ساتھ پیش کی جاتی ہیں:

① سورۃ الفاتحہ کی آیت نمبر ۶ ﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ﴾ میں کلمہ 'اھدنا' (ھُدٰی) کے معنی ومفہوم کے حوالے سے رقم طراز ہیں کہ:

> ''دل میں ایمان پیدا کر دیے جانے کے معنی میں بھی لفظِ ھُدٰی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ قرآن کی ان آیات میں استعمال ہوا ہے: ﴿اُولٰئِکَ عَلٰی هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ﴾ (سورۃ البقرۃ:۵) ﴿يَهْدِىْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ﴾ (سورۃ البقرۃ:213) ﴿اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ﴾ (سورۃ القصص:56) ﴿فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ﴾ (سورۃ الانعام:125)..... اسی طرح ھدی پکار رندا کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ﴾ (سورۃ الرعد:7)

یہاں ہادی سے مراد پکارنے والا ہے، نیز ارشاد ہے: ﴿وَاِنَّکَ لَتَھْدِیْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ﴾ (سورۃ الشوریٰ:52)..... ھدی الہام کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ ھَدٰی﴾ (سورۃ طٰہٰ:50) اسی طرح ھدی بیان وتوضیح کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَھَدَیْنٰھُمْ﴾ (سورۃ فصلت:17) نیز ارشاد ہے: ﴿اِنَّ عَلَیْنَا لَلْھُدٰی﴾ (سورۃ اللیل:12)'' (13)۔

پھر اس کے بعد امام ثعالبیؒ ان تمام معانی میں تطبیق دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

''ھُدٰی کے ان تمام استعمالات میں (بنیادی طور پر) ارشاد ورہنمائی کا مفہوم پایا جاتا ہے'' (14)۔

② اسی طرح سورۃ الفاتحہ کی آیت نمبر 7 ﴿صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ﴾ کی تفسیر میں موصوف رقم طراز ہیں:

''اس آیت میں ﴿اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ﴾ سے کن لوگوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، اس میں اختلاف ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور جمہور مفسرین کا قول یہ ہے کہ یہاں ﴿اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ﴾ سے مراد انبیاء، صدّیقین، شہداء اور صلحاء ہیں، اور انہوں نے اس سلسلہ میں سورۃ النساء کی آیات ﴿وَ لَوْ اَنَّھُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَکَانَ خَیْرًا لَّھُمْ وَ اَشَدَّ تَثْبِیْتًا وَّ اِذًا لَّاٰتَیْنٰھُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِیْمًا وَّ لَھَدَیْنٰھُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًاوَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْھِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ وَ الشُّھَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا﴾ (69 تا 66) سے استدلال کیا ہے'' (15)۔

موصوف نے اس استدلال پر سکوت فرمایا ہے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ اس استدلال کی تائید کرتے ہیں۔

③ اسی طرح سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 143 ﴿وَ کَذٰلِکَ جَعَلْنٰکُمْ اُمَّةً وَّسَطًا﴾ میں امت وسط کا معنی و مفہوم متعین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اس کا مطلب ہے عدول، اللہ کے رسول ﷺ سے بھی اس سلسلہ میں یہی مروی ہے

اور مفسرین کے بیانات بھی اس سلسلہ میں اسی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ 'وسط' کا معنی ہے بہترین اور منتخب شدہ۔ ہار کے درمیان میں جو پتھر منتخب کیا جاتا ہے، وہ باقی سب سے نفیس ہوتا ہے۔ اور یہی معنی سورۃ القلم کی آیت 128 ﴿قال اوسطھم﴾ میں پایا جاتا ہے۔'' (16 الف)۔

قرآن کی آیات میں اگر کہیں بظاہر تعارض ہو تو امام ثعالبیؒ وہاں ان میں تطبیق بھی دیتے ہیں مثلاً سورۃ البقرۃ کی آیت 185: ﴿یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ﴾ کے تحت رقم طراز ہیں:

''امام ابن فاکہانی (16 ب)، امام نوویؒ کی 'الاربعین' میں فرماتے ہیں کہ اگر تم کہو سورۃ الانشراح کی آیت: ﴿اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا﴾ تنگی کی موجودگی پر قطعیت کے ساتھ دلالت کر رہی ہے جب کہ سورۃ البقرۃ کی یہ آیت ﴿یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ﴾ تنگی کی نفی پر قطعیت سے دلالت کر رہی ہے، کیونکہ اہل السنہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ جو اللہ نہ چاہے، وہ نہیں ہو سکتا۔ (تو یہ تعارض ہو گیا ہے) میں کہوں گا کہ سورۃ البقرۃ میں جس عسر کی نفی کی گئی ہے اس سے مراد احکام شریعت میں عسر کی نفی ہے، اس کے علاوہ عسر کی دیگر شکلوں کی اس میں نفی نہیں کی گئی، لہٰذا یہاں کوئی تعارض نہیں ہے'' (17)۔

❷ قرآن کی تفسیر حدیث سے

امام ثعالبی کا حدیث وسنت کے ساتھ اعتناء دوسرے علوم کی نسبت زیادہ رہا ہے، جیسا کہ ان کے سوانح میں گزر چکا ہے، چنانچہ قرآن مجید کی تفسیر کے سلسلہ میں اگر امام ثعالبیؒ کو کوئی چیز حدیث صحیح سے مل جاتی ہے تو وہاں موصوف نہ صرف یہ کہ اسے ترجیح دیتے ہیں بلکہ اسے اختیار کرنے پر اصرار بھی کرتے ہیں۔ تفسیر قرآن میں حدیث کی اس درجہ اہمیت کی بے شمار مثالیں ان کی تفسیر میں موجود ہیں، مثلاً سورۃ آل عمران کی آیت 44: ﴿اِذْ یُلْقُوْنَ اَقْلَامَھُمْ﴾ کے تحت ایک حدیث سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''واذا ثبت الحدیث فلا نظر لاحد معه اگر یہ حدیث صحیح ثابت ہے تو پھر اس کی موجودگی میں کسی اور تفسیر کی دیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں'' (18)۔

قرآن کی تفسیر حدیث کی روشنی میں کرنا تفسیر بالماثور کا ایک اہم اصول ہے، اس لیے اگرچہ بنیادی طور پر یہ طرز تفسیر خود امام ابن عطیہ کے ہاں بھی موجود ہے (19)، مگر امام ثعالبی نے اس سلسلہ میں جو تمسک اختیار کیا ہے، وہ تفسیر ثعالبی میں بہت نمایاں دکھائی دیتا ہے۔ امام ثعالبی ایک تو اپنی تفسیر میں ان احادیث کو باقی رکھنے کی کوشش کرتے ہیں جن سے خود ابن عطیہ نے استدلال کیا ہے، تاہم بعض اوقات ثعالبی حدیث کا پورا متن مصدر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اور راوی کا حوالہ دیتے ہوئے ذکر کر دیتے ہیں مثلاً سورۃ البقرۃ کی تفسیر کے آغاز ہی میں امام ابن عطیہ نے ایک حدیث کا صرف مخصوص حصہ ذکر کیا ہے مگر امام ثعالبی اس پر اضافہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں پوری حدیث ذکر کروں گا:

وھاانا ان شاء اللّٰہ اذکر اصل الحدیث بکمالہ لمااشتمل علیہ من الفوائد العظیمۃ، خرج الحاکم ابوعبداللّٰہ فی المستدرک علی الصحیحین عن معقل بن یسارؓ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ.....(20) ۔

اسی طرح اگر ابن عطیہ نے ایک ہی مفہوم کی بہت زیادہ احادیث ذکر کی ہوں، تو پھر ثعالبیؒ اختصار کے پیش نظر ان میں سے صرف اہم احادیث ذکر کرتے ہیں۔ اور اگر کوئی اہم ترین حدیث ابن عطیہ ذکر نہ کر پائے ہوں تو امام ثعالبی اسے ضرور ذکر کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں بہت سے مقامات پر امام ثعالبی قصداً احادیث ذکر کرتے ہیں، اس سلسلہ میں آئندہ صفحات میں 'اضافی نکات کے لیے اَحادیث سے استدلال' کے ضمن میں ذکر کردہ چند حوالہ جات دیکھے جا سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں امام ثعالبیؒ بعض اوقات ان احادیث کو ذکر کرنے سے پہلے اس طرح کے خیالات کا اظہار بھی کرتے ہیں:

''وھاانا انقل ان شاء اللہ من صحیح الاحادیث فی ھذاالمحل مایثلج لہ الصدر، یہاں میں ان شاء اللہ کچھ صحیح احادیث ذکر کروں گا جن سے سینوں کو راحت نصیب ہوگی''(21)۔

عام طور پر مشکل الفاظ کی توضیح ،یا مجمل کی تفصیل یا آیت میں موجود احکام کی تشریح، یا آیات کے سبب نزول یا عام کی تخصیص وغیرہ کے لیے تفسیر القرآن بالحدیث کے اصول سے مدد لی جاتی ہے۔امام ابن عطیہ اور امام ثعالبی کے ہاں اس سلسلہ میں بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ذیل میں اس سلسلہ کی چند اہم مثالیں تفسیر ثعالبی کے حوالے سے ملاحظہ فرمائیے:

① الفاظ وکلمات کی توضیح کے لیے احادیث سے استدلال

(i) سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 52: ﴿ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ﴾ میں کلمہ 'عفو' کی توضیح کرتے ہوئے امام ثعالبی ایک حدیث سے استدلال کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

> ''ومنه الحديث فجعلت ام اسماعيل تعفى اثرها،ایک حدیث میں ہے کہ حضرت ام اسماعیل علیہا السلام اپنے نشانات کو مٹاتی جاتی تھیں'' (22)۔

(ii) اسی طرح سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 79: ﴿فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِاَيْدِيْهِمْ﴾ میں کلمہ 'وَیل' کی وضاحت کرتے ہوئے امام ثعالبی پہلے امام خلیل نحوی کے حوالے سے اس کی لغوی توضیح نقل کرتے ہیں پھر فرماتے ہیں:

> ''اس آیت میں ویل سے مراد جہنم کے عین درمیان بہنے والی وہ وادی ہے جس میں جہنمیوں کا پیپ اور خون بہہ رہا ہوگا، چنانچہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ((انه واد فی جهنم بين جبلين يهوی فيه الهادی اربعين خريفا)) ''یہ جہنم میں دو پہاڑوں کے درمیان ایک وادی ہے، جس میں کوئی چیز گرائی جائے تو چالیس سال بعد اس کی تہہ تک وہ پہنچے گی''۔اور حضرت عثمانؓ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ((انه جبل من جبال النار) ''یہ آگ کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ ہے'' (23)۔

(iii) سورۃ المائدۃ کی آیت نمبر 19: ﴿عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ﴾ میں کلمہ 'فترۃ' کی توضیح کرتے ہوئے

امام ثعالبی ایک حدیث سے استدلال کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

''فترۃ کا معنی انقطاع ہے ..... چنانچہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: ((لکل عمل شرة ولکل شرة فترة))، ہر عمل کے لیے مصروفیت ہے اور ہر مصروفیت کے لیے انقطاع ہے'' (24)۔

② مجمل کی تفصیل کے لیے احادیث سے استدلال

امام ثعالبی نے اپنی تفسیر میں بہت سے مقامات پر ایسی احادیث ذکر کی ہیں جو قرآن مجید کے کسی اجمالی بیان کی تفصیل کرتی ہیں، اگرچہ ان میں زیادہ مقامات وہ ہیں جہاں ابن عطیہ ہی کی تفسیر سے اختصار کیا گیا ہے، تاہم بعض مقامات پر خود ثعالبی نے بھی اس سلسلہ میں اضافہ کیا ہے۔ مجمل کی تفصیل کے سلسلہ میں از راہِ اختصار ہم صرف ایک مثال ذیل میں ذکر کرتے ہیں:

سورۃ الاعراف کی آیت 46: ﴿وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ﴾ میں 'رجال' سے مراد کون لوگ ہیں، یہ مجمل ہے، اس لیے اس کی تفسیر اور تعیین میں اختلافِ رائے ہے۔ امام ثعالبی اس سلسلہ میں فرماتے ہیں:

''جمہور کے بقول اس رجال سے مراد انسان ہیں یعنی'' فرشتے یا کوئی اور مخلوق نہیں (ناقل)''، پھر اس بات میں جمہور کا اختلاف ہے کہ وہ انسان کون ہوں گے۔ شرحبیل بن سعد کے بقول وہ ایسے شہداء ہیں جو والدین کی نافرمانی کرتے ہوئے جہاد کے لیے نکلے اور شہید ہو گئے۔ طبری نے اس سلسلہ میں حدیث ذکر کی ہے کہ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ ان شہداء کی شہادت کی نیکی اور والدین کی نافرمانی کا گناہ برابر ہو جائے گا ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد وہ تمام لوگ ہیں جن کی نیکیاں اور گناہ برابر ہوں گے۔ مسند خیثمہ کی پندرہویں جلد کے آخر میں جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: روز قیامت ترازو رکھا جائے گا اور نیکیاں اور گناہ تولے جائیں گے، چنانچہ جن کی نیکیاں گناہوں کے مقابلہ میں زیادہ ہوئیں، خواہ ایک ذرہ ہی زیادہ ہو، وہ جنت میں داخل ہو جائیں گے اور جن کے گناہ نیکیوں کے مقابلہ میں زیادہ ہوئے،

خواہ ایک ذرہ ہی زیادہ ہوئے، وہ جہنم میں جائیں گے۔ پوچھا گیا اے اللہ کے رسول! جن کی نیکیاں اور گناہ برابر ہوئے؟ آپ نے فرمایا کہ وہ اعراف والے ہیں، وہ جنت میں نہیں جائیں گے مگر انہیں اس کی امید ضرور ہوگی'' (25)۔

③ مبہم کی توضیح کے لیے اَحادیث سے استدلال

اگر کسی آیت کے معنی ومفہوم میں ابہام معلوم ہو اور اس کی توضیح کسی حدیث سے ہو رہی ہو تو امام ثعالبی اسے ضرور ذکر کر دیتے ہیں مثلاً سورۃ البقرۃ کی آیت 7: ﴿خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾ ''اللہ تعالیٰ نے ان (کافروں) کے دلوں پر مہر لگا دی ہے'' میں 'ختم' مہر' سے مراد حقیقی مفہوم ہے یا مجازی۔ اس سلسلہ میں امام ثعالبی امام طبری کے حوالے سے رقم طراز ہیں:

''صحیح بات یہ ہے کہ یہاں مہر سے حقیقی معنی مراد ہے مجازی نہیں، کیونکہ نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ بندہ جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نکتہ لگ جاتا ہے، اگر وہ گناہ سے باز آجائے اور توبہ کر لے تو اس کا دل صاف شفاف ہو جاتا ہے، اور اگر وہ گناہ میں بڑھتا جائے تو اس کے دل کی سیاہی بھی بڑھتی چلی جاتی ہے'' (26)۔

④ عام کی تخصیص کے لیے اَحادیث سے استدلال

تفسیر بالماثور میں عام کی تخصیص کے لیے بھی اَحادیث سے استدلال کیا جاتا ہے، چنانچہ اس نوع کی بھی کئی مثالیں تفسیر ابن عطیہ اور تفسیر ثعالبی میں ملتی ہیں مثلاً سورۃ الانعام کی آیت 83: ﴿اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ میں 'ظلم' سے مراد اس کا عمومی مفہوم ہے جس میں ہر طرح کا ظلم شامل ہے یا اس کا کوئی خاص مفہوم ہے، اس سلسلہ میں امام ثعالبی رقم طراز ہیں کہ:

''والظلم فی هذا الموضع الشرک، تظاهرت بذلک الاحادیث الصحیحة وفی قراء ة مجاهد: ولم یلبسوا ایمانهم بشرک، ظلم سے مراد یہاں شرک ہے، اس سلسلہ میں بے شمار احادیث موجود ہیں اور مجاہد کی قراءت میں ظلم کی جگہ شرک کا لفظ ہے'' (27)۔

امام ثعالبی نے اختصار کے پیش نظر یہاں ان احادیث کی طرف اشارہ نہیں کیا جن سے 'ظلم' کے عموم کی تخصیص شرک کے ساتھ ہوتی ہے، ماسوائے ابن مجاہد کی قراءت کے، مگر ابن عطیہ نے اس سلسلہ میں بعض احادیث بھی ذکر کی ہیں۔

⑤ اضافی نکات کے لیے اَحادیث سے استدلال

امام ثعالبی نے بہت سے مقامات پر اضافی نکات کے لیے بھی احادیث ذکر کی ہیں، مثلاً امر بالمعروف والنھی عن المنکر کا ذکر آیا تو اس سے متعلقہ کوئی اہم حدیث ذکر کردی، روزے کا ذکر آیا تو اس کی فضیلت سے متعلقہ احادیث ذکر کردیں اور اس سلسلہ میں بالخصوص ان احادیث سے رجوع کیا جن کی طرف ابن عطیہ کسی وجہ سے توجہ نہ کر سکے مثلاً:

(i) سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 44: ﴿اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ﴾ میں قول وفعل کے تضاد کی مذمت میں امام ثعالبی نے درج ذیل حدیث نقل کی ہے:

> ''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:
> معراج کی رات میں نے دیکھا کہ کچھ آدمی ہیں جن کے ہونٹ اور زبانیں آگ کی قینچیوں سے کاٹی جارہی ہیں، تو میں نے جبریل سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ جبریل نے جواب دیا کہ یہ آپ کی امت کے وہ خطباء ہیں جو لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہیں اور خود پر واہنیں کرتے، حالانکہ یہ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں، کیا پھر بھی یہ عقل سے کام نہیں لیتے'' (28)

واضح رہے کہ امام ابن عطیہ نے اس سلسلہ میں کوئی حدیث ذکر نہیں کی۔

(ii) سورۃ البقرۃ، بذیل آیت 152: ﴿فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ﴾ (29)۔

یہاں امام ثعالبی نے ذکر کی اہمیت کے سلسلہ میں چند ایسی احادیث ذکر کی ہیں جو ابن عطیہ نے روایت نہیں کیں، اگرچہ ابن عطیہ نے بھی ذکر کی فضیلت کے بارے میں کچھ اور احادیث نقل کی ہیں۔

(iii) ایضاً، بذیل آیت 154: ﴿وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ﴾ (30)۔

یہاں امام ثعالبی نے شہید کی فضیلت کے سلسلہ میں ابن عطیہ کی ذکر کردہ احادیث کے علاوہ بھی چند احادیث ذکر کی ہیں۔

(iv) ایضاً، بذیل آیت 184: ﴿فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ﴾ (31)۔

یہاں امام ثعالبیؒ نے روزے کی فضیلت واہمیت کے سلسلہ میں چند احادیث ذکر کی ہیں جب کہ امام ابن عطیہ کے ہاں یہ احادیث یہاں نہیں ملتیں۔

(v) ایضاً، بذیل آیت 185: ﴿يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ﴾ (32) ہاں امام ثعالبیؒ نے دین میں یسر اور رفق ولین کے حوالے سے چند احادیث ذکر کی ہیں جب کہ امام ابن عطیہ نے انہیں ذکر نہیں کیا۔

(vi) ایضاً، بذیل آیت 239: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا﴾ (33)۔

یہاں ثعالبی نے ابوداؤد کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن انیس کی وہ حدیث ذکر کی ہے جس میں ان کا بیان ہے کہ انہوں نے دشمن کے علاقے میں چلتے پھرتے عصر کی نماز ادا کی۔

(vii) ایضاً، بذیل آیت 268: ﴿الشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ﴾ (34)۔

یہاں ثعالبی نے اس آیت کے تحت صلہ رحمی اور تعاون علی البر سے متعلقہ وہ احادیث ذکر کی ہیں جن میں مال خرچ کرنے کی فضیلت مذکور ہے مگر یہ احادیث ابن عطیہ کے ہاں زیر تفسیر آیت میں منقول نہیں ہیں۔

یاد رہے کہ یہ صرف سورۃ البقرۃ سے چند مثالیں ذکر کی گئی ہیں ورنہ پوری تفسیر میں اس نوع کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔

❸ تفسیر القرآن باقوال الصحابۃ

تفسیر بالماثور میں تیسرا اصول یہ ہے کہ اگر قرآن مجید کی تفسیر قرآن اور حدیث سے نہ ملے تو پھر صحابہ کرام کے اقوال وآثار کی روشنی میں تفسیر کی جائے۔ امام ابن عطیہ اور امام ثعالبی کے ہاں بھی اس اصول کی بہت حد تک رعایت کی گئی ہے۔ ذیل میں ایک مثال ملاحظہ ہو:

سورۃ النور کی آیت 64:﴿فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ﴾ میں 'بیوتاً' سے مراد کیا ہے، کی وضاحت کرتے ہوئے امام ثعالبی فرماتے ہیں:

''امام نخعی فرماتے ہیں کہ اس سے مراد مساجد ہیں یعنی جب تم مسجدوں میں داخل ہوتو وہاں موجود لوگوں کو سلام کہو اور اگر وہاں کوئی موجود نہ ہوتو پھر اس طرح سلام کہو' السلام علی رسول اللّٰہ ،السلام علینا وَعلی عباداللّٰہ الصالحین'۔ جب کہ ابن عباس وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ یہاں بیوتا سے مراد وہ گھر ہیں جہاں لوگ سکونت اختیار کیے ہوں یعنی مراد یہ ہے کہ جب تم کسی گھر میں داخل ہوتو گھر میں رہنے والوں کو سلام کہو..... پھر فرماتے ہیں کہ 'سلاح المومن (35) کتاب میں ابن عباس سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے کہ اس سے مراد مسجد ہے یعنی جب تم مسجد میں داخل ہوتو کہو 'السلام علینا وعلی عباداللّٰہ الصالحین'۔ اسے امام حاکم نے مستدرک میں روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ اس کی سند شیخین یعنی بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔ 'سلاح المومن' کی عبارت ختم ہوئی۔ ابن عباس سے جو یہ مروی ہے، یہی صحیح ہے جب کہ امام نوویؒ نے اس سے مراد بیوت مسکونہ لیا ہے''(36)۔

پھر اس کے بعد امام نووی نے اپنے استدلال میں جو احادیث ذکر کی ہیں، امام ثعالبی انہیں نقل کرتے ہیں مگر ان پر کوئی نقد نہیں کرتے۔

④ تفسیر القرآن باقوال التابعین

تفسیر بالماثور میں چوتھا اصول یہ ہے کہ اگر قرآن مجید کی تفسیر قرآن وحدیث اور اقوال صحابہ سے نہ ملے تو پھر تابعین کرام کے اقوال کی روشنی میں تفسیر کی جائے، اگرچہ اس اصول میں اختلاف ہے جیسا کہ ہم شروع میں ذکر کر چکے ہیں، تاہم دیگر ماثورہ تفاسیر کی طرح امام ابن عطیہ اور امام ثعالبی کے ہاں بھی اقوال تابعین کا بکثرت تذکرہ ملتا ہے۔

تفسیر بالماثور کے سلسلہ میں چند ملاحظات اور تفسیر ثعالبی

تفسیر بالماثور کے سلسلہ میں متقدمین ومتاخرین میں سے جمہور کا قریب قریب اس بات پر ہمیشہ سے اتفاق رہا ہے کہ یہ تفسیر قرآن کا بہترین اور محفوظ ترین منہج ہے۔اس لیے اگر قرآن کی تفسیر خود قرآن ہی کے دیگر حصوں یا اس ہستی کے فرمودات کی روشنی میں ہو جس پر قرآن نازل ہوا تو اس سے بڑھ کر قطعیت اور کس تفسیر کو حاصل ہو سکتی ہے، بلکہ جہاں اس سلسلہ میں قطعی تفسیر مل جائے، وہاں اس سے اعراض بغیر کسی شک وشبہ کے نری گمراہی ہے۔اسی طرح تفسیر قرآن میں صحابہ کے اقوال کی اہمیت بھی اہل سنّت نے کبھی نظر انداز نہیں کی، بلکہ تفسیر قرآن میں اقوال صحابہ کا وہ حصہ جس میں ان کی ذاتی رائے واجتہاد وغیرہ کا دخل نہ ہو، بلکہ وہ غیبی یا اخروی امور یا سبب نزول وغیرہ کی قبیل سے ہو تو اسے علمائے محدثین کے بقول حکماً مرفوع حدیث کی اہمیت حاصل ہو جاتی ہے(37)۔

اسی طرح تفسیر قرآن میں تابعین کے اقوال بھی ایک اہم حیثیت رکھتے ہیں، بلکہ جہاں کسی آیت کی تفسیر میں تابعین کے اقوال میں اتفاق ہو تو وہاں امام ابن تیمیہ وغیرہ کے بقول ان کے اقوال حجت کی حیثیت رکھتے ہیں(38)۔اور ظاہر ہے ایسی صورت میں تابعین سے بھی رائے کا اختلاف درست نہیں۔

تفسیر بالماثور کی اس ساری اہمیت کے باوجود اس سلسلہ میں چند قوی ملاحظات بھی ہیں مثلاً تفسیر بالماثور کے منہج کی حامل تفاسیر میں بالعموم صحیح وضعیف تمام روایات بغیر تحقیق کے جمع کر دی جاتی ہیں کیونکہ بالعموم مقصود یہ ہوتا ہے کہ آیت سے متعلقہ تمام روایات یکجا کر دی جائیں،خواہ ان کا براہ راست آیت کی تفسیر سے تعلق ہو یا نہ۔ اور یہی وجہ ہے کہ ماثورہ تفاسیر میں موضوع اور اسرائیلی روایات کا بھی بڑا ذخیرہ در آیا ہے جیسا کہ تفسیر طبری اور تفسیر درمنثور وغیرہ میں ہوا ہے۔اسی طرح آیات کی تفسیر میں صحابہ کے اقوال سے استشہاد کرتے ہوئے مختلف آثار جمع کر دیے جاتے ہیں اور اس سلسلہ میں بالعموم اختلافِ تنوع یا اختلافِ تضاد کو نمایاں کرنے اور جہاں ان میں تطبیق کی ضرورت ہے، وہاں اس ضرورت کو پورا کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی۔اور یہی صورت حال اقوال تابعین کے سلسلہ میں دیکھنے کو ملتی ہے۔تفسیر بالماثور کے سلسلہ میں یہ کوتاہیاں کیوں در آئیں،اس کی کئی توجیہات محققین نے کی ہیں(39)۔

لیکن جہاں تک ان ملاحظات کا تعلق ہے،ان کی صداقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا،لیکن ضرورت اس بات

کی ہے کہ متاخرین ان کوتاہیوں کو دور کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔اور حقیقت یہ ہے کہ یہ کوشش ہمیشہ ہوتی رہی ہے مثلاً حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں اس سلسلہ میں بہت حد تک کامیاب کوشش کی ہے مگر اسے بھی حتمی قرار دے کر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اب اس کام کی مزید ضرورت وافادیت باقی نہیں رہی۔اس کی ایک بڑی دلیل تو یہ ہے کہ کئی اہل علم نے تفسیر ابن کثیر پر اسی سوچ کے ساتھ تنقیح وتہذیب کے لیے قلم اٹھایا ہے(40الف)۔

تفاسیر ماثورہ کے ضمن میں جن ملاحظات کا ہم نے ذکر کیا ہے،اتفاق سے یہ خود امام ثعالبی کے ہاں بھی پائے جاتے ہیں،ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ اس سلسلہ میں تفسیر ثعالبی کی روشنی میں چند اہم نکات کی طرف اشارہ کر دیا جائے

① ثانوی مصادر پر اکتفا

امام ثعالبی کے ہاں ایک بہت بڑا نقص تو یہ رہا ہے کہ انہوں نے اپنی تفسیر میں احادیث سے استشہاد و استدلال کرتے ہوئے حدیث کے بنیادی مصادر تک رسائی نہیں کی، بلکہ ثانوی مصادر پر حد درجہ اکتفا کیا ہے، چنانچہ وہ خود اپنی تفسیر کے مقدمہ میں رقم طراز ہیں:

> ''اس تفسیر میں بخاری ،مسلم، ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ کے علاوہ جو صحیح یا حسن درجہ کی احادیث میں نے روایت کی ہیں، ان میں اذکار واَدعیہ سے متعلقہ احادیث کا بڑا حصہ امام نووی کی کتابوں اور 'سلاح المومن' سے ماخوذ ہے ۔ترغیب وترہیب اور احوال آخرت سے متعلقہ احادیث کا بڑا حصہ امام قرطبی کی 'التذکرۃ' اور عبدالحق(40ب) کی کتاب 'عاقبۃ' سے لیا گیا ہے۔بعض اوقات میں نے بھی اس سلسہ میں بغوی کی 'مصابیح' اور بعض دیگر کتابوں سے بہت سے اضافے کیے ہیں،جیسا کہ آپ دوران مطالعہ دیکھیں گے،ان شاءاللہ۔اور ہر چیز کے مصدر کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے''(41)

مذکورہ اقتباس میں امام ثعالبی نے اپنے مصادر کے طور پر جن کتابوں کا تذکرہ کیا ہے، مثلاً سلاح المؤمن، التذکرہ، عاقبۃ اور مصابیح، یہ سب ثانوی حیثیت کی کتابیں ہیں اور ثانوی مصادر پر اکتفا کرنے سے جو خامیاں بالعموم پیدا ہوتی ہیں، ظاہر ہے امام ثعالبی بھی ان سے نہیں بچ سکے۔موصوف کی تفسیر میں ایسی کئی خامیوں کی نشاندہی کی جاسکتی ہے، بطور نمونہ چند مثالیں ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

(i) سورۃ مریم کی آیت 83 کے ضمن میں امام ثعالبی نے ابن عطیہ کے حوالے سے یہ حدیث ذکر کی ہے:

''(راوی فرماتے ہیں کہ) میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، آپ نماز پڑھ رہے تھے اور رو رہے تھے جب کہ آپ کے سینے سے (رونے کی وجہ سے) اس طرح آواز آ رہی تھی جیسا ہنڈیا ابلتے وقت آواز دیتی ہے'' (42)۔

اس کے بعد امام ثعالبی فرماتے ہیں کہ:

''اس حدیث کو امام مسلم اور امام ابوداؤد نے مطرف عن ابیہ کی سند سے روایت کیا ہے'' (43)۔

حالانکہ یہ حدیث صحیح مسلم میں موجود نہیں ہے البتہ ابوداؤد میں موجود ہے مگر اس میں بھی الفاظ کا فرق ہے (44 الف)

اسی طرح سورۃ البقرۃ کی آیت ۷: ﴿خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ﴾ ''اللہ تعالیٰ نے ان (کافروں) کے دلوں پر مہر لگا دی ہے'' کے ضمن میں امام ثعالبی امام طبری کے حوالے سے ایک حدیث روایت کی ہے، لیکن یہ اصل مرجع سے نہیں بلکہ ابوعبداللہ نحوی (44 ب) کی 'مختصر طبری' سے روایت کی گئی ہے اور اس میں ہے کہ:

''نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ بندہ جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نکتہ لگ جاتا ہے'' (45)۔

حالانکہ اصل مرجع میں بندہ کی جگہ مؤمن کے لفظ ہیں (46)۔

② ضعیف احادیث سے بکثرت استدلال

اسی طرح امام ثعالبی کے ہاں ضعیف روایات سے استشہاد بہت زیادہ ہے، نہ صرف یہ کہ ابن عطیہ کی نقل کردہ ضعیف اَحادیث پر بالعموم کوئی کلام نہیں کیا گیا بلکہ خود امام ثعالبی نے بھی بے شمار ضعیف احادیث اس تفسیر میں نقل کر دی ہیں۔ اگرچہ ان کا دعویٰ یہ ہے کہ:

''میں نے اپنی اس تفسیر میں صحیح، حسن اور نبی کریم ﷺ سے مروی مستند احادیث نقل کی ہیں'' (47)۔ لیکن وہ اپنے دعویٰ پر قائم نہیں رہ سکے'' (48)۔

اس سلسلہ میں چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

سورۃ البقرۃ کی آیت 156: ﴿اَلَّذِیْنَ اِذَا اَصَابَتْھُمْ مُّصِیْبَۃٌ﴾ کے تحت امام ثعالبی نے امام نووی کی 'حلیۃ الابرار' کے حوالے سے تین احادیث نقل کی ہیں۔ پہلی اور تیسری حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور دوسری حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اور اس میں ہے: ''جس نے کسی مصیبت زدہ کی چارہ جوئی کی، اسے اس کی مثل اجر ملے گا''۔ اس روایت کو نقل کرنے کے بعد آپ فرماتے ہیں: اسنادہ ضعیف (اس کی سند ضعیف ہے)۔ پھر اسی طرح تیسری حدیث جو الحلیۃ میں امام ترمذی کے حوالے سے موصوف نے نقل کی ہے، اس کے آخر میں امام ترمذی کے حوالے سے یہ عبارت بھی نقل کی گئی ہے: ((قال الترمذی: لیس اسنادہ بالقوی)) ''امام ترمذی فرماتے ہیں کہ اس کی سند قوی نہیں ہے'' (49)۔

اسی طرح سورۃ الاعراف کی آیت 27: ﴿اِنَّہٗ یَرٰىکُمْ ھُوَ وَ قَبِیْلُہٗ﴾ کے تحت حضرت علی سے مروی ایک حدیث روایت کی گئی ہے کہ ''نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر بیت الخلا میں جاتے ہوئے بسم اللہ کہہ لیا جائے تو یہ انسانوں کی شرم گاہوں اور جنوں کے درمیان پردہ بن جاتا ہے'' (50)۔

پھر اس کے بعد اس روایت کے حوالے سے یہ تبصرہ بھی ساتھ ہی موجود ہے کہ ''اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ اس کی سند قوی نہیں ہے'' (51)۔

گویا امام ثعالبی رحمہ اللہ نے ضعیف روایات کے ضعف کو تسلیم کرنے کے باوجود انہیں نقل کیا ہے اور انہیں حذف کرنا یا ان کی استنادی حیثیت کے حوالے سے کوئی اور تبصرہ کرنا خود ہی مناسب خیال نہیں کیا۔

③ اسرائیلیات سے بکثرت استفادہ

اسرائیلی روایات سے مراد وہ روایات (قصص/حکایات وغیرہ) ہیں جو یہود سے مسلمانوں کے لٹریچر میں نقل ہوئی ہیں۔ بلکہ بعض اہل علم کے بقول صرف یہود ہی سے نہیں بلکہ نصاریٰ اور دشمن اسلام فرقوں (مثلاً زنادقہ وغیرہ) کی طرف سے تفسیر اور حدیث میں راہ پا گئی ہیں۔ بعض اوقات کسی بھی مصدر میں ان کا اصل موجود نہیں ہوتا اور یہ مسلمانوں کے عقائد و ایمانیات میں بگاڑ اور ان کی صفوں میں انتشار کی خبث نیت کے ساتھ پھیلائی گئی ہیں (52)

اسرائیلی روایات کے نقل و بیان کرنے کے سلسلہ میں امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اسرائیلیات تین قسم کی ہیں؛ایک تو وہ جن کی صحت ہمارے دین سے ثابت ہو جائے ،اس قسم کی ہم تصدیق کرتے ہیں۔دوسری قسم وہ ہے جس کا جھوٹا ہونا ہمارے دین میں ثابت ہو چکا ہو،اس قسم کی ہم تکذیب کرتے ہیں اور تیسری قسم وہ ہے جس کے بارے میں ہمارا دین خاموش ہے،نہ ان کی تصدیق کرتا ہے اور نہ تکذیب،تو اس کی ہم بھی نہ تکذیب کریں گے اور نہ تصدیق،اور اس کی روایت کرنا جائز ہے''(53)۔

نیز فرماتے ہیں:

''لیکن ان اسرائیلی روایات کے بارے میں یہ واضح رہنا چاہیے کہ انہیں بطور استشہاد نقل کیا جاسکتا ہے بطور اعتقاد نہیں''(54)۔

امام ابن عطیہ نے اسرائیلی روایات کے سلسلہ میں اگرچہ احتیاط کی کوشش کی ہے(55) ،مگر اس کے باوجود ان کی تفسیر میں بکثرت اسرائیلی روایات ملتی ہیں(56)۔اور یہی وجہ ہے کہ امام ثعالبی کے ہاں بھی اختصار کے باوجود اسرائیلیات کی بہتات ہے۔بعض جگہ وہ اسرائیلی روایات ذکر کرتے ہیں مگر ان کی صحت وضعف یا استدلال کی نوعیت کے حوالے سے ان پر کوئی تبصرہ بالکل نہیں کرتے(57)۔

بعض جگہ وہ کچھ اسرائیلی روایات نقل بھی کرتے ہیں اور ساتھ ان کے ضعف کے حوالے سے تبصرہ بھی کر دیتے ہیں مثلاً سورۃ البقرۃ کی آیت 250 کے تحت واقعہ جالوت کے سلسلہ میں موصوف بعض اسرائیلی روایات نقل کرنے کے بعد رقم طراز ہیں کہ:

''اس آیت کے حوالے سے بعض لوگوں نے بہت سے قصے نقل کیے ہیں اور یہ سب ضعیف اور کمزور اسناد سے مروی ہیں،اس لیے میں نے ان میں سے صرف اسی کا انتخاب کیا ہے جس کا آیت کے ساتھ گہرا تعلق ہے''(58)۔

اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے آگ میں ڈالے جانے کے واقعہ کے بارے میں فرماتے ہیں:

''لوگوں نے اس سلسلہ میں بہت سے قصے بیان کیے ہیں،ان میں سے اکثر چونکہ صحیح نہیں ہیں اس لیے میں نے اختصار سے کام لیا ہے''(59)۔

اسی طرح ہاروت اور ماروت کے قصے کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:

''ہاروت اور ماروت کا جو قصہ زہرہ عورت کے حوالے سے بیان کیا جاتا ہے وہ تمام کا تمام ضعیف ہے'' (60)۔

④ تطبیق اور ترجیح سے اعراض

ہم یہ ذکر کر چکے ہیں کہ تفسیر بالماثور کے سلسلہ میں آیات کی تفسیر میں صحابہ وتابعین کے اقوال سے استشہاد کرتے ہوئے مختلف آثار واقوال جمع کر دیے جاتے ہیں مگر ان میں بالعموم اختلافِ تنوع یا اختلافِ تضاد کو نمایاں کرنے اور جہاں ان میں تطبیق کی ضرورت ہے، وہاں تطبیق دینے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ یہی صورت حال تفسیر ابن عطیہ اور تفسیر ثعالبی دونوں میں دیکھنے کو ملتی ہے (61)۔ اگرچہ بعض جگہ تطبیق یا ترجیح وغیرہ کی مثالیں بھی ملتی ہیں مگر ایسا بہت کم ہے (62)۔

خلاصہ بحث ونتائج

- ⊙ تفسیر ثعالبی ابن عطیہ کی تفسیر المحرر الوجیز کا ایک ملخص ومہذب نسخہ ہے۔
- ⊙ تفسیر ابن عطیہ کی طرح اس تفسیر میں بھی تفسیر بالماثور کا رجحان نمایاں اور غالب ہے۔
- ⊙ اس تفسیر میں امام ثعالبی نے بہت سے قیمتی اضافے کیے ہیں۔
- ⊙ تفسیر بالماثور کے سلسلہ میں اہل علم جن خامیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں، وہ تفسیر ثعالبی میں بھی پائی جاتی ہیں
- ⊙ اس تفسیر میں امام ثعالبی نے بیشتر مقامات پر ثانوی مصادر پر اکتفا کیا ہے جس کی وجہ سے ان سے بعض تسامحات بھی ہوئے ہیں۔
- ⊙ دیگر تفاسیر ماثورہ بالخصوص تفسیر ابن کثیر وغیرہ کے مقابلہ میں تفسیر ثعالبی کا درجہ بہت نیچے ہے۔
- ⊙ تفسیر ثعالبی میں احادیث، لغوی مباحث، فقہی آراء وغیرہ کے حوالے سے کوئی ایسے امتیازات نہیں پائے جاتے جو اسے دیگر معروف تفاسیر سے ممتاز کر سکیں۔
- ⊙ یہی وجہ ہے کہ اہل علم نے اس تفسیر کی طرف توجہ بہت کم دی ہے۔

حوالہ جات وحواشی

(1) زرکلی، خیرالدین، الاعلام، مکتبۃ دارالعلم للملایین، بیروت، ط ثانی 1980ء، ج4، ص:107۔

(2) ایضاً، ج1، ص205,206، زرکلی کے بقول ابواسحاق ثعلبی کی تاریخ وفات 427ھ/1035ء ہے۔

(3) ایضاً، ج4، ص:107۔

(4) ثعالبی، عبدالرحمٰن بن محمد بن مخلوف، 'الجواھر الحسان فی تفسیر القرآن'، مکتبہ دارالکتب العلمیہ، بیروت، ط اول، 1996ء، ج3، ص:140۔

(5) واضح رہے کہ امام ثعالبی جہاں بھی 'مختصر' کہہ کر اپنی اس تفسیر کی طرف اشارہ کرتے ہیں، وہاں ان کی مراد یہ ہوتی ہے کہ یہ ابن عطیہ کی ضخیم تفسیر 'المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز' کا مختصر (یعنی اختصار) ہے۔ یہ اصطلاح شاید انہوں نے اس لیے اختیار کی ہے کہ ان کی تفسیر کے عنوان میں کوئی ایسا اشارہ نہیں جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ یہ تفسیر ثعالبی کی مستقل تفسیر نہیں بلکہ المحرر الوجیز کا اختصار ہے۔

(6) 'الجواھر الحسان'، مقدمہ، ج1، ص:20

(7) ایضاً، ج3، ص:540۔

(8الف) ایضاً، ص:139۔

(8 ب) 'مصابیح السنۃ' امام بغویؒ کی تصنیف ہے۔ آپ کا نام حسین بن مسعود بن محمد ہے۔ آپ 436ھ/الموافق 1044ء میں پیدا ہوئے اور 510ھ/الموافق 1117ء میں فوت ہوئے۔ آپ محی السنۃ کے لقب سے معروف ہیں اور بغوی کی شہرت سے پہچانے جاتے ہیں۔ آپ بیک وقت محدث، مفسر اور فقیہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ کی تصانیف میں حدیث کے حوالے سے شرح السنۃ، مصابیح السنۃ اور الجمع بین الصحیحین معروف ہیں۔ نیز آپ نے لباب التاویل فی معالم التنزیل کے نام سے تفسیر بھی لکھی ہے۔ دیکھیے: زرکلی، محولہ بالا، ج2، ص:259۔

آپ کی کتاب شرح السنۃ حدیث کے بنیادی مراجع میں شامل ہے، البتہ مصابیح السنۃ کی حیثیت ثانوی مصدر کی ہے، اس لیے کہ اس میں آپ نے دیگر مصادر حدیث سے احادیث لے کر حذف سند کے ساتھ ان کو ایک ترتیب میں یکجا کیا ہے۔ اس کتاب میں آپ نے ہر عنوان کے تحت دو دو فصلیں قائم کی ہیں۔ پہلی فصل کو 'الصحاح' کا نام دیا اور دوسری کو 'حسان' کا۔ پہلی فصل میں آپ نے بخاری و مسلم کی احادیث کے انتخاب پر اکتفا کیا ہے اور دوسری فصل میں دیگر کتب حدیث سے حسن درجہ کی روایات کا انتخاب کیا۔ خطیب تبریزی نے اسی کتاب کو مدار بناتے ہوئے پوری کتاب میں ہر عنوان کے تحت ایک تیسری فصل کا اضافہ کر دیا جس میں خطیب نے ان روایات کو جمع کیا ہے جنہیں امام بغوی جمع نہ کر پائے

تھے،خواہ وہ روایات بخاری ومسلم میں موجود تھیں یا دیگر کتب حدیث میں۔اس طرح مشکوٰۃ فقہی واحکامی روایات کا ایک انسائیکلو پیڈیا بن گئی،تاہم اس میں ایمان،فتن،مناقب اورزہدوغیرہ پر بھی ابواب ہیں۔یہ کتاب بلاتفریق تمام سنی المسلک مدارس میں شامل نصاب ہے۔اس کی کل روایات 6294 ہیں۔

(8،ج) 'حلیۃ الابرار'امام نوویؒ کی کتاب ہے۔امام نوویؒ کا نام یحییٰ بن شرف بن مری بن حسن الحزامی الحورانی ہے۔آپ کی کنیت ابو زکریا ہے۔آپ 631ھ/الموافق 1233ء کو شام کی بستی حوران کے محلّہ نوا (نووۃ) میں پیدا ہوئے،اسی نسبت سے آپ کو نووی کہا جاتا ہے اور 676ھ/الموافق 1277ء میں اسی جگہ آپ کی وفات ہوئی۔آپ شافعی المسلک ہیں اور بے شمار کتابوں کے مصنف ہیں جن میں 'تہذیب الاسماء واللغات،منہاج الطالبین،ریاض الصالحین،بستان العارفین،المنہاج فی شرح صحیح مسلم بن الحجاج،روضۃ الطالبین،شرح المہذب،مناقب الشافعی،رسالۃ الاربعین،حلیۃ الابرار،التبیان فی آداب حملۃ القرآن وغیرہ شامل ہیں۔اور واضح رہے کہ آپ کی کتاب 'حلیۃ الابرار'عام طور پر'الاذکار'کے نام سے معروف ہے،دیکھیے: زرکلی،محولہ بالا،ج8،ص:149۔

(8،د) 'سلاح المومن' بھی اذکار وادعیہ کے موضوع کی کتاب ہے۔اس کے تعارف کے لیے دیکھیے:حوالہ نمبر35۔

(8،ھ) عبدالحق اشبیلی کے تعارف کے لیے دیکھیے:حوالہ نمبر40ب

(8،و) زرکلی،محولہ بالا،ج3،ص282۔

(9) محمد حسین ذہبی،'**التفسیر والمفسرون**،مکتبہ وھبہ،14-شارع الجمھوریۃ عابدین،ط ثانی،1985ء' ج1ص:232,233

(10) ایضاً،ص:154۔

(11) ابن تیمیہ رحمہ اللہ،احمد بن عبدالحلیم،'**مقدمه فی اصول التفسیر**'،المکتبۃ العلمیۃ،لاہور،س ن،ص29,30۔

(12) ایضاً،ص:34۔

(13) **الجواھر الحسان**،ج1،ص:41۔

(14) ایضاً۔

(15) ایضاً،ص:42

(16الف) ایضاً،ص:119

(16ب) آپ کا نام عمر بن علی بن سالم بن صدقہ اللخمی الاسکندری،تاج الدین الفاکہانی ہے اور ابن فاکہانی کے نام سے معروف ہیں۔آپ 654ھ/الموافق 1256ء میں اسکندریہ میں پیدا ہوئے اور 734ھ/الموافق 1334ء میں فوت ہوئے۔آپ کئی کتابوں کے مصنف ہیں جن میں سے چند ایک یہ ہیں:الاشارۃ (یہ علم نحو کے موضوع پر ہے)،المنہج المبین فی شرح الاربعین النوویۃ،التحریر والتحبیر فی شرح رسالۃ ابن ابی زید القیروانی،(یہ فقہ مالکی کی کتاب ہے) ریاض الاحکام فی شرح

عمدۃ الاحکام، (حدیث کی کتاب ہے)، الفجر المنیر فی الصلاۃ علی البشیر والنذیر، الغایۃ القصوی فی الکلام علی آیات التقوی۔
دیکھیے: زرکلی، محولہ بالا، ج5، ص:56۔

(17) ایضاً، ص:143۔

(18) ایضاً، 254۔

(19) اس کی ایک دلیل تو یہ ہے کہ اسی وجہ سے اسے علمائے محققین تفسیر بالماثور میں شمار کرتے ہیں، دیکھیے: حوالہ نمبر 9۔ اور دوسری دلیل خود امام ثعالبی کی زیر بحث تفسیر ہے جس میں جابجا تفسیر القرآن بالحدیث کی مثالیں موجود ہیں جن کا بڑا حصہ خود ابن عطیہ ہی سے ماخوذ ہے، گو کہ بہت سے مقامات پر امام ثعالبی کے اپنے اضافے بھی ہیں۔

(20) **الجواھر الحسان**، ج1 ص:45، اسی صفحہ پر اس سلسلہ میں ایک اور مثال بھی دیکھی جا سکتی ہے۔

(21) ایضاً، ص:145۔

(22) ایضاً، ج1، ص:76۔ حدیث سے استدلال کرتے ہوئے یہ توضیح ابن عطیہ کے ہاں نہیں ملتی۔

(23) ایضاً، ص91۔ امام ابن عطیہ کے ہاں بھی یہ دونوں احادیث موجود ہیں۔

(24) ایضاً، ص422۔ امام ابن عطیہ کے ہاں بھی اس حدیث سے استدلال موجود ہے۔

(25) ایضاً، ص545,546۔

(26) ایضاً، ص:48۔

(27) ایضاً، ص:496۔

(28) ایضاً، ص:70۔

(29) ایضاً، ص:124,125۔

(30) ایضاً، ص:126,127۔

(31) ایضاً، ص:141,142۔

(32) ایضاً، ص:143۔

(33) ایضاً، ص:185۔

(34) ایضاً، ص:210۔

(35) واضح رہے کہ سلاح المؤمن نامی کتاب تقی الدین ابوالفتح محمد بن محمد بن علی بن ہمام مصری کی تالیف ہے۔ آپ 682ھ/الموافق 1283ء میں پیدا ہوئے اور 745ھ/الموافق 1344ء میں فوت ہوئے۔ آپ مسلکاً شافعی تھے۔ فقہ اور قراءات کے عالم تھے۔ آپ کی تصانیف میں 'سلاح المؤمن' (اس کتاب سے مفسر ثعالبی نے اپنی تفسیر میں کافی استفادہ کیا

ہے)،'الاھتداء فی الوقف والابتداء'،'قراءات'،'المتشابہ' شامل ہیں۔آپ قاہرہ میں فوت ہوئے۔دیکھیے: زرکلی، الاعلام، محولہ بالا، ج7،ص:35۔

(36) الجواھر الحسان، ج2،ص:458۔

(37) اس سلسلہ میں تفصیل کے لیے دیکھیے: احمد محمد شاکر، **الباعث الحثیث فی شرح اختصار علوم الحدیث للحافظ ابن کثیر**،ص 47،مکتبہ دارالکتب العلمیۃ، بیروت،س ن۔نیز: سیوطی، جلال الدین، **الاتقان فی علوم القرآن**، ج 1، ص :115، ج4 ص:208، مکتبۃ منشورات الرضی، ایران، ط ثانی 1363ھ۔وہی مصنف، **تدریب الراوی**، ج 1، ص:192,193۔

(38) **قواعد فی اصول التفسیر**،ص:35، امام ابن تیمیہ کی اصل عبارت یہ ہے:''**اما اذا اجمعوا علی شیء فلا یرتاب فی کونہ حجۃ**''۔

(39) مثلاً دیکھیے:'**التفسیر والمفسرون**'، ج1،ص:15 تا164۔اور: **مقدمہ فی اصول التفسیر**۔

(40،الف) مثلاً دیکھیے: محمد علی صابونی کی ابن کثیر پر تلخیص بعنوان:'**مختصر تفسیر ابن کثیر**'۔(شائع کردہ، دارالقرآن الکریم بیروت، ط اول 1393ھ) اسی طرح ابن کثیر کی ایک تلخیص بعنوان:'**المصباح المنیر**'، دارالسلام ریاض نے بھی شائع کی ہے۔اس کے علاوہ بھی اس طرح کی کئی تلخیصیں موجود ہیں۔

(40،ب) ان کا نام عبدالحق بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ الازدی الاشبیلی ہے اور یہ عبدالحق اشبیلی کے نام سے معروف ہیں۔آپ 510ھ/الموافق 1116ء کو پیدا ہوئے اور 581ھ/الموافق 1181ء میں فوت ہوئے۔آپ کا شمار علماء اندلس میں ہوتا ہے۔ آپ اپنے وقت کے فقیہ اور حافظ حدیث تھے۔علل الحدیث اور رجال کے ماہر تھے۔آپ کئی ایک کتابوں کے مصنف ہیں جن میں المعتل من الحدیث، الاحکام الشرعیۃ، الجامع الکبیر، غریب القرآن والحدیث وغیرہ شامل ہیں۔دیکھیے: زرکلی، محولہ بالا، ج3،ص:281۔

(41) الجواھر الحسان، ج1،ص:20۔

(42) ایضاً، ج2،ص328۔

(43) ایضاً۔

۴۴،الف۔دیکھیے: **سنن ابی داؤد**، کتاب الصلوۃ، باب البکاء فی الصلاۃ، ح904، دارالسلام، طبع ریاض 1999ء۔امام ثعالبی کا روایت کردہ متن **سنن نسائی**، کتاب الصلاۃ، باب البکاء فی الصلاۃ، ح 1199۔اور **مسند احمد**، ح 15722، 15727، 15735، وغیرہ میں بھی مذکور ہے مگر الفاظ کے فرق کے ساتھ۔

۴۴، ب۔ ابوعبداللہ نحوی نام کے کئی اہل علم معروف ہیں۔ یہاں امام ثعالبی کی مراد کون سے صاحب ہیں، اسے انہوں نے خود بھی واضح نہیں کیا، علاوہ ازیں تفسیر ابن عطیہ میں بھی مفسر ابن عطیہ نے بغیر وضاحت کیے ان کے حوالے سے بعض نکات بیان کیے ہیں۔ تفسیر ابن العربی (الجامع لأحکام القرآن) کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صاحب اندلس کے ہیں اور قاضی ابن العربی کے شیوخ میں شامل ہیں، واللہ اعلم!، دیکھیے: ابن العربی، محمد بن عبداللہ اندلسی، الجامع لأحکام القرآن، بیروت، دار الکتب العلمیۃ، س، ن، ج4، ص:80۔

(45) الجواھر الحسان، ج1، ص:48۔

(46) دیکھیے: تفسیر طبری (جامع البیان فی تفسیر آی القرآن) بذیل تفسیر آیۃ مذکورہ۔

(47) الجواھر الحسان، ج 1، ص : 20۔ ثعالبی کی اصل عبارت یہ ہے: ''فکتابی **ھذامحشوبنفائس الحکم ، وجواھر السنن الصحیحۃ ،والحسان الماثورۃ عن سیدنامحمد**ﷺ''۔

(48) دراصل ضعیف احادیث سے استدلال کے سلسلہ میں محدثین کے ہاں اختلاف رائے ہے، بعض محدثین فضائل وترغیب کے سلسلہ کی ضعیف روایات کو بطور استشہاد نقل کرنے کی اجازت دیتے ہیں جب کہ بعض محدثین اس سلسلہ میں زیادہ شدت سے کام لیتے ہیں اور اسے بھی درست نہیں سمجھتے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ بہت سی صورتوں میں ضعیف روایات سے استشہاد ایک ناگزیر صورت اختیار کر جاتا ہے، اور یہی وجہ ہے کہ امام ثعالبی نے مقدمہ میں صحیح وحسن احادیث کے سلسلہ میں جو کچھ کہا، دوران تفسیر اس میں نظر ثانی کی ضرورت سمجھتے ہوئے ایک جگہ ضعیف حدیث نقل کرنے کے بعد، ضعیف احادیث کے سلسلہ میں اپنا موقف پیش کرتے ہوئے رقم طراز ہیں: ''امام نووی فرماتے ہیں کہ علمائے محدثین وفقہاء وغیرہ فرماتے ہیں کہ فضائل اور ترغیب وترہیب میں ضعیف حدیث ذکر کرنا جائز ہے بشرطیکہ ضعیف حدیث موضوع کے درجہ تک نہ پہنچ چکی ہو۔ البتہ احکام شریعت یعنی حلال وحرام، بیوع، نکاح وطلاق وغیرہ کے مسائل میں صرف صحیح یا حسن حدیث ہی سے استدلال کرنا چاہیے''۔ دیکھیے: الجواھر، ج1، ص537,538۔

(49) الجواھر، ایضاً، ج1، ص128۔

(50) ج1، ص536۔

(51) ایضاً۔

(52) دیکھیے: محمد حسین ذہبی، اسرائیلیات فی التفسیر والحدیث، مکتبۃ وھبہ 14- شارع الجمھوریۃ عابدین، ط1986ء، ص13,14۔

(53) مقدمہ فی اصول التفسیر، ص:32۔

(54) ایضاً۔

(55) مثلاً جیسا کہ وہ اپنی تفسیر کے مقدمہ میں رقم طراز ہیں کہ'' وہ اسرائیلی قصص میں سے صرف وہی نقل کریں گے جن کا نقل کیے

بغیر چارہ نہیں''۔ دیکھیے: ابن عطیہ، قاضی عبدالحق محمد بن غالب، 'المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز' المجلس العلمی، فاس، ج1، ص:6۔

(56) مثلاً یاجوج وماجوج قوموں کے اوصاف کے سلسلہ میں جو روایات مروی ہیں، ان میں سے بعض کو نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''یاجوج وماجوج کے بارے میں اتنا کچھ مروی ہے کہ صحیفے ان کا احاطہ کرنے سے عاجز آ جائیں، اس لیے میں نے ان کی عدم صحت کی وجہ سے اختصار سے کام لیا ہے۔'' دیکھیے: **المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز**، محولہ بالا، بذیل، سورۃ الکھف، آیت 94۔

(57) مثلاً دیکھیے: الجواھر الحسان، محولہ بالا، ج1، ص 106,107، بذیل سورۃ البقرۃ، آیت 50۔ اور بذیل آیت، 247۔

(58) ایضاً، ج1، ص:193۔

(59) ایضاً، ج2، ص:380۔

(60) ایضاً، ج1، ص:101۔

(61) تفسیر ثعالبی (الجواھر الحسان) کے حوالے سے اس طرح کی چند مثالوں کے لیے دیکھیے: الجواھر الحسان، ج 1، ص:42,46,74,75,105,190,231,494,546۔

(62) مثلاً قولِ صحابی اور مرفوع روایت میں تعارض کے حل کے لیے دیکھیے: الجواھر الحسان، محولہ بالا، ج1، ص 37,52۔ نیز آثار صحابہ میں تطبیق کی مثالوں کے لیے دیکھیے: الجواھر الحسان، محولہ بالا، ج1، ص:127,202,594۔ اقوالِ تابعین میں تطبیق کے لیے دیکھیے: الجواھر الحسان، محولہ بالا، ج1،، ص:191,198۔

مقاصدِ شریعت اور حرمتِ منشیات

* مطیع الرحمٰن

منشیات کی ذیل میں جو اشیاء آتی ہیں اُن میں سے ''خمر'' کے بارے میں قرآن کریم نے وضاحت کی ہے۔ اور اس کی حرمت کے بارے میں واضح نصوص پائی جاتی ہیں۔

جہاں تک دیگر منشیات کا تعلق ہے۔ فقہاء نے قرآن کریم اور سنت نبوی ﷺ کی روشنی میں ان کے احکام مستنبط کئے ہیں۔ زیرِ نظر مقالے میں منشیات کے عمومی احکام کے علاوہ جرائم کی تحریم سے متعلق شارع کے مقاصد، جرم کے ارکان اور وہ اصول جو عدالت کو منشیات سے متعلق مقدمات کی سماعت کے دوران قوانین کی تعبیر وتشریح کرتے وقت ملحوظ رکھنے چاہیں، ذکر کئے گئے ہیں۔ مقالہ میں کوشش کی گئی ہے کہ اسلامی شریعت کی رُو سے مقنّنہ کو منشیات کی روک تھام اور اس پر سزا دینے کے لئے جو اختیارات حاصل ہیں، انہیں واضح کیا جائے۔

منشیات (Narcotic) کے معنی اور تعریف

منشیات (Narcotic) ایک عام لفظ ہے جس کی مختلف تعریفات کی گئی ہیں قومی انگریزی اُردو لغت میں اس کے لغوی معنی یہ بیان کئے گئے ہیں نشہ آور چیز خواب آور چیز اور اصطلاحی معنی یہ بیان کئے گئے ہیں کہ منشیات ایک مادہ ہے جو درد دُور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے اور زیادہ مقدار میں اسے استعمال کرنے سے بے حسی اور سکتہ طاری ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ موت بھی واقع ہو سکتی ہے (1)۔

"Black's Law Dictionary" کی تعریف کا ماحصل بھی اسی طرح ہے (2)۔

"The Prohebition (Enforcament of Hadd) order 1979" کے دفعہ II (ز) میں Intoxicont نشہ آور کی تعریف اس طرح کی گئی ہے۔

---

* ایڈوائزر، وفاقی شرعی عدالت، اسلام آباد۔

''متعلقہ گوشوارہ میں بیان کردہ تمام اشیاء نشہ آور کہلائیں گی اس فہرست میں شامل جملہ مواد اور نشہ آور شراب بھی شامل ہوگی''۔ جسے صوبائی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے اس فرمان کے نفاذ کے لئے نشہ آور قرار دے اس طرح Control of Narcotic Substance Act 1997 کے دفعہ II میں منشیات کی اقسام بیان کی گئی ہیں۔

انسان جب نشہ کرتا ہے تو بدمست ہو جاتا ہے اس کو مخمور کہا جاتا ہے۔ حنفیہ کہتے ہیں کہ مخمور وہ شخص ہے جو بات کو نہ سمجھے خواہ وہ تھوڑی بات ہو یا بہت یا آسمان و زمین یا مرد و زن میں امتیاز نہ کر سکے اور امتیاز کرنے کی صلاحیت سے قطعاً محروم ہو جائے اور گو لوگوں کو پہچان سکے لیکن امتیازی خصوصیات کو نہ سمجھ سکے۔

مالکیہ، شوافع، حنابلہ اور احناف میں سے صاحبین کہتے ہیں کہ:

''مخمور یا بدمست وہ شخص کہلائے گا جو نشہ میں برا بھلا کہنے لگے اگر اس کی گفتگو میں گڑبڑ ہو اور اچھے برے میں تمیز نہ رہے تو عام طور پر اسے مخمور کہا جائے گا''(3)۔

فقہاء اُمت اس بات پر متفق ہیں کہ شراب ناپاک شئے ہے اور اس کی خرید و فروخت مسلمان پر حرام ہے اور اسے ''مال'' کی حیثیت حاصل نہیں ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص کسی مسلمان کا ظرف (شراب کا برتن) توڑ دے تو اسے ادائیگی تاوان کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ:

((اِنّ الذی حرم شربها حرم بیعها واکل ثمنها))(4)

''یعنی جس شئے کا پینا حرام ہے اس کی خرید و فروخت اور اس کی قیمت کو کام میں لانا بھی حرام ہے''۔

غرض اس کو مال کی حیثیت حاصل نہیں ہے، لہذا نہ اس کو مہر میں دیا جا سکتا ہے اور نہ اجرت میں اور انگور کا شیرہ اگر خمیر ہو جائے، ابلنے لگے اور جھاگ دینے لگے تو وہ شراب بن جاتا ہے جو کہ چاروں ائمہ کے نزدیک بالاتفاق حرام ہے۔

کسی فعل کو جرم قرار دینے کے لئے شریعت اسلامی کے عام اصول

مفادِ عامہ کے حصول اور دفع مفاسد کی غرض سے قانون مصالح عامہ کا تقاضا ہے کہ جرائم کے ارتکاب پر سزائیں دی جائیں اور ان کو نافذ کیا جائے۔ کیونکہ مجرم اپنے جرم کے ارتکاب سے انسانی معاشرہ کے افراد کے حق

میں ضرر پہنچانے کا سبب ہوتا ہے۔ اور ضرر کے صادر ہونے کا دروازہ کھولتا ہے۔ چنانچہ منشیات کے عادی شخص کے عقل پر پردہ پڑ جاتا ہے اور یہی عقل انسان اور باقی حیوانات کے درمیان سبب تمیز ہے۔ عقل کی خرابی کی وجہ سے وہ پورے معاشرہ کو براہِ راست یا بالواسطہ ضرر میں مبتلا کرنے کا سبب بن جاتا ہے۔ اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ دُنیا میں اکثر جرائم کا ارتکاب وہ شخص کرتا ہے جو نشہ میں ہوتا ہے۔ اب اگر مجرم کو بغیر مناسب سزا کے آزاد چھوڑ دیا جائے تو ان جرائم کا سلسلہ پھیلتا جائے گا۔ انسانیت تباہ ہو جائے گی اور اس طرح آزادانہ فتنہ و فساد کا بازار گرم ہو جائے گا اس لیے مجرم کو سزا دینا مصلحت ہے اور اس بناء پر واجب بھی ٹھہرتا ہے اور سزا نہ دینا اذیت اور ظلم ہے۔ شریعت اسلامی نے سزا اور جرم میں مطابقت کے اصولوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے سزا کے نفاذ میں جرم کی جسامت کو مدنظر رکھا ہے۔ کسی جرم کی مقدار کا اندازہ لگانے کے لئے حسب ذیل امور کا لحاظ ضروری ہے۔

① مجرم کے ضرر کی مقدار جو اس نے دوسرے فرد، اس کے خاندان اور معاشرہ کو پہنچائی۔

② اس خوف و ہراس کا اندازہ جو اس کے جرم سے عوام میں پیدا ہوا ہو۔

③ اس امر کا اندازہ کہ اس جرم سے اسلامی شعائر کی ہتک کس حد تک ہوئی۔

⑤ سزا کی مقدار جو اس جرم سے باز رکھنے اور اس کے برے اثرات سے دیگر افراد کو محفوظ کرنے کا ذریعہ بن سکے اور آئندہ کے لئے ظالموں کو ظلم پر جرات و جسارت نہ ہو۔

مجرم کو سزا دینا معاشرہ کا حق بھی ہے اور معاشرہ کے لئے رحمت بھی ہے۔ اس رحمت کو انسانوں میں جاری و ساری رکھنے کے لیے وقتاً فوقتاً احکام منازل ہوتے رہے۔ کیونکہ دُنیا کے ماہرین قانون و سماجیات اپنے انفرادی میلانات، علاقائی تعصّبات دُنیاوی تعلقات اور باہمی بغض و حسد کے سبب اس رحمتِ عام کو وجود میں لانے میں ہمیشہ ناکام رہتے ہیں اور اس لیے منصفانہ اور عادلانہ قوانین معاشرہ میں رائج نہیں ہو پاتے۔ اللہ تعالیٰ کے احکام و شرائع کا مقصد عدل کو قائم کرنا، روئے زمین سے فساد کو دفع کرنا اور فحش و منکرات سے باز رکھنا ہے۔

بعض ماہرین قانون کا کہنا ہے ''العدل فوق القانون'' کہ عدل قانون سے بالاتر ہے۔ یہ قاعدہ قرآن کریم کی بے شمار آیات کا خلاصہ ہے(5) قانون عدل کے قیام و حصول کی غرض سے وجود میں آتا ہے اس لیے قانون عدل کا خادم ہے نہ کہ عدل قانون کا۔ اگر کوئی قانون عدل کے ضابطوں کے خلاف ہو جاتا ہے تو عدل

کے تقاضوں کے پیش نظر ظلم و ناانصافی کو دُور کیا جائے گا(6)۔ اسلام میں جو سزائیں مقرر ہیں ان کا مقصد عدل و انصاف کا قیام اور انسانی فضیلت و اخلاق کی حفاظت کرنا ہے۔

عموماً وضعی قوانین خالص انسانی فضیلت اور حقیقی عدل و انصاف کے حصول پر مبنی نہیں ہوتے ان کی بنیاد لوگوں کی عرف و عادات یا ان کے درمیان رائج امور پر ہوتی ہے۔ چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ حکومتیں اولاً خود اپنی حفاظت اور من مانی کرنے کے لیے قانون وضع کرتی ہیں خواہ اس سے معاشرہ کی اصلاح عادلانہ بنیاد پر ممکن ہو یا نہ ہو اور پھر ان قوانین میں اپنی حسب منشاء آئے دن ترامیم کرتی رہتی ہیں۔ جن سے انسانی فضیلت کے معیار اور قیام کا کوئی تصور براہِ راست وابستہ نہیں ہوتا ہے۔ حاکم اپنے آپ کو قانون سے بالاتر سمجھتے ہیں یا نفاذ سزا میں معاشرہ کو طبقات میں تقسیم کر دیتے ہیں اسلامی جمہوریہ پاکستان کی دستور سازی، اس کی تنسیخ اور ترامیم کی تاریخ اس کی واضح مثالیں ہیں۔ شریعتِ اسلامی میں سزا کے نفاذ سے دو بنیادی اہداف وابستہ ہیں۔

① انسانیت کی فضیلت کا قیام اور معاشرہ سے رذائل کا خاتمہ

② منفعت اور مصلحتِ عامہ

اسلامی نقطۂ نظر سے شرعی سزائیں انسانوں کی حقیقی مصلحت پر مبنی ہوتی ہیں۔ اور حقیقی مصلحت کبھی ذاتی ہوتی ہے(7) اور کبھی اضافی ہوتی ہے (8) اسلام مصلحت حقیقی اور اضافی کی نگہداشت کرتا ہے اور اس کے حصول کی خاطر ارتکاب جرم پر سزا مرتب کرتا ہے۔(9)

اسی بناء پر شریعت کی نگاہ میں مصالح کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک حقیقی اور دوسری اضافی۔

شریعت اسلامی جن جرائم پر حدود جاری کرنے کا حکم کرتی ہے وہ مصالح حقیقی کے حصول کے لئے ہیں۔ جو ہر زمانہ اور ہر علاقہ کے لئے ہیں اس لیے شریعت میں ان جرائم کی سزاؤں کا تعین کر دیا گیا ہے جن کو شریعت کی اصطلاح میں حدود کہا جاتا ہے۔

جو مصلحتیں اضافی ہیں اور زمانوں اور انسانوں کے اعتبار سے بدلتی رہتی ہیں ان کے خلاف جرائم کے لئے تعزیر کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے۔ جس کی تفتیش اور مقدار کا فیصلہ جرم کی نوعیت کے پیش نظر حاکم، قاضی یا مقنّنہ کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

اسلام سزا کے سلسلہ میں جس مفادِ انسانی کو پیش نظر رکھتا ہے وہ مادی اور معنوی دونوں قسم کے مفاد ہیں ان کی بنیاد ذاتی خواہش، میلان طبع یا نفرت و بیزاری پر نہیں ہوتا بلکہ عام انسانی ضرورت اور عدل و انصاف پر مبنی ہوتا ہے۔

منشیات اپنی مختلف اقسام کی وجہ سے ایک ایسا جرم ہے جس کی وجہ سے معاشرہ کا ہر فرد کسی نہ کسی صورت متاثر ہوتا ہے پورا معاشرہ اس کی زد میں آتا ہے اس لئے منشیات اگر ایک طرف کسی خاص فرد کے خلاف جرم ہے تو دوسری طرف یہ پورے معاشرے کے خلاف ایک اذیت ناک جرم ہے۔ نشہ میں مدہوش شخص اپنے عقل اور جسم کو تباہ کرتا ہے۔ چونکہ انسان کا اپنا جسم اس کی اپنی ملکیت نہیں ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے اس لئے اس جسم کو نقصان پہنچانا اللہ تعالیٰ کے خلاف جرم بنتا ہے۔ مذکورہ امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس جرم کی سزا متعین ہونی چاہیے۔

جرم منشیات کے عمومی ارکان

جرائم دراصل وہ شرعی ممنوعات ہیں جن سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے منع فرمایا ہے یہ ممنوعات اوامر و نواہی دونوں شکل میں ہوتے ہیں یہ ممنوعات نصوص شریعت سے ثابت ہوتی ہیں۔ عمومی لحاظ سے جرم منشیات کے تین بنیادی ارکان ہیں جن کا موجود ہونا ضروری ہے۔

جرم منشیات کا قانونی رکن

کسی جرم کے قانونی رکن سے مراد وہ احکام ہیں جو اس جرم سے باز رکھنے اور اس کے ارتکاب پر سزا بیان کرنے والے ہوں۔

شریعتِ اسلامیہ میں کسی فعل کو جرم قرار دینے کے لیے کسی ایسی نص (دفعہ) کا موجود ہونا ضروری ہے جو اس فعل کو حرام قرار دے اور اس کے کرنے پر سزا بیان کرے، اسی کو ہم آج کی اصطلاح میں جرم کی قانونی بنیاد کہتے ہیں

کسی فعل کو حرام قرار دینے والی اور اس کے ارتکاب پر سزا بیان کرنے والی نص (دفعہ) کا محض موجود ہونا ہی اس امر کے لیے کافی نہیں ہے کہ ہر فعل پر ہر وقت، ہر جگہ اور ہر شخص کو سزا دی جا سکے، بلکہ فعل ممنوع پر سزا دینے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ دفعہ جو اس فعل کو ممنوع قرار دیتا ہے اس فعل کے ارتکاب کے وقت قانوناً نافذ ہو۔

اس مقام پر بھی نافذ ہو، جہاں ارتکاب فعل ہوا ہے اور اس شخص پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہو جس نے اس فعل ممنوع کا ارتکاب کیا ہے۔ اگر ان شرائط میں سے کوئی ایک شرط بھی مفقود ہو تو اس فعل پر سزا جاری نہیں ہو سکے گی۔

منشیات کو حرام قرار دینے والی نصوص

منشیات کو حرام قرار دینے والی نصوص ذکر کرنے سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ نفاذ سزا کے بارے میں شریعت اسلامیہ کے بنیادی قواعد کا تذکرہ کیا جائے۔

① ''نص کے وارد ہوئے بغیر ذی عقل انسانوں کے فعل پر کوئی حکم نہیں لگایا جائے گا(10)۔

② ''اشیاء اور افعال میں اساس اور اصل جواز ہے''(11)۔

③ جس شخص سے جرم سرزد ہوا ہے اس کا مکلّف ہونا ضروری ہے۔

ہر فعل اور ہر ترک فعل بنیادی طور پر مباح اور جائز ہے اور جب تک اس کی تحریم پر کوئی نص وارد نہ ہو اس کے کرنے والے اور نہ کرنے والے سے کوئی باز پرس نہیں ہے۔

مندرجہ بالا تینوں قواعد میں سے ایک ہی مفہوم نکلتا ہے اور وہ یہ کہ کسی فعل یا ترک فعل کو اس وقت تک جرم سمجھنا ممکن نہیں ہے۔ جب تک فعل یا ترک فعل پر کوئی نص صریح موجود نہ ہو اور اگر کوئی نص فعل یا ترک فعل کی حرمت پر وارد نہیں ہے تو پھر فاعل یا تارک فعل پر کوئی جواب دہی نہیں ہے۔ چونکہ شریعتِ اسلامیہ میں حرام افعال کے صرف تحریم سے جرم نہیں سمجھے جاتے بلکہ سزا کے مقرر ہونے پر جرم بنتے ہیں خواہ سزا حد ہو یا تعزیر ہو تو اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ شریعتِ اسلامی میں کوئی فعل اس وقت تک جرم نہیں ہے جب تک اس فعل کی تحریم اور اس کی سزا پر نص موجود نہ ہو۔

قرآنِ کریم اور احادیثِ مبارکہ میں جس نشہ آور مشروب سے متعلق احکام کا ذکر بکثرت ملتا ہے وہ ''خمر'' ہے جو تدریجاً حرام قرار دیا گیا ہے(12)۔

شراب سنہ دو ہجری میں غزوۂ احد کے بعد حرام ہوئی تھی۔ بقول مفسرین اس کے حرام ہونے کی بنیاد چار آیات ہیں۔ سب سے پہلے مکہ معظّمہ میں یہ آیت نازل ہوئی:

﴿وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَراً وَرِزقاً حَسَناً﴾(13)

''لوگو! تم کو کھجور اور انگور سے منشّی اشیاء اور اچھی روزی حاصل کرتے ہو''۔

پس مسلمان شراب پیتے تھے اور یہ انہیں حلال تھی۔ اس کے بعد سیدنا عمر بن الخطاب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور صحابہ کرام میں سے ایک جماعت نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: ''اللہ کے رسول ﷺ! شراب کے بارے میں آپ ﷺ کا کیا حکم ہے؟ اس سے تو عقل بھی جاتی رہتی ہے اور مالی نقصان بھی ہوتا ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

﴿يَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاس﴾(14)

''اے پیغمبر! تم سے شراب اور جوئے کے بارے میں حکم دریافت کرتے ہیں۔ ان سے کہہ دو کہ شراب پینا اور جوا کھیلنا گناہِ کبیرہ ہے البتہ اس میں کچھ لوگوں کا فائدہ ہے''۔

اس آیت کے نازل ہونے کے بعد کچھ لوگ شراب پیتے رہے اور کچھ لوگوں نے پینا چھوڑ دیا پھر ایک موقع ایسا آیا کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگوں کی دعوت کی لوگ اس مجمع میں شراب پی پی کر مست ہو گئے اور جب نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو یہ آیت ﴿قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ﴾(15) کی بجائے، ﴿اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ﴾ پڑھ گئے ''یعنی اے کافرو! ہم اس کی پرستش نہیں کرتے جس کی تم کرتے ہو کی بجائے یہ کہا کہ ہم اُس کی پرستش کرتے ہیں جس کی تم کرتے ہو''۔ تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

﴿يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَاتَقُوْلُوْنَ﴾(16)

''مسلمانو! نشہ میں ہوتے ہوئے نماز کے قریب مت جاؤ جب تک کہ تمہیں اتنا معلوم نہ ہو کہ تم کیا کہہ رہے ہو''۔

اس کے بعد پینے والے اشخاص بہت کم ہو گئے۔ پھر یہ ہوا کہ حضرت عثمان بن مالک نے انصار کی ایک جماعت کو دعوت دی لوگوں نے شراب پی لی اور نشہ کے عالم میں آپس میں جھگڑ پڑے اور مار پیٹ کرنے لگے اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دُعا فرمائی کہ:

''یا اللہ شراب کے بارے میں ہمارے لیے اطمینان بخش حکم نازل فرما''۔

تب یہ آیت:

﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴾(17)

''اے ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے (یہ سب) ناپاک کام اعمال شیطان سے ہیں سوان سے بچتے رہنا تا کہ نجات پاؤ۔ شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمہارے آپس میں دُشمنی ڈلوا دے اور تمہیں خدا کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو کیا تم کو (ان کاموں سے) باز رہنا چاہیے؟''۔

نازل ہوئی اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ((انتهينا يا رب !)) ''یعنی خداوندہم نے شراب نوشی چھوڑ دی'' (18)

اس طرح بتدریج شراب نوشی کے حرام ہونے کا حکم نازل فرمائے جانے میں یہ حکمت تھی کہ اللہ تعالیٰ کو علم تھا کہ لوگ شراب نوشی کے عادی ہیں اور اس سے بہت فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ اگر یک لخت اس کی ممانعت کر دی گئی تو یہ انہیں بہت ناگوار ہوگا لہذا حکمت یہی تھی کہ اس کی ممانعت بتدریج آسان طریقے سے کی جائے۔

بعض علماء کا مؤقف ہے کہ سورۃ بقرہ کی اس آیت سے شراب کا حرام ہونا تین طرح سے ثابت ہوتا ہے:

ایک تو یہ کہ شراب کا پینا گناہ ہے اور گناہ کا ارتکاب حرام ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ﴾(19)

''اے پیغمبر ﷺ! یہ بتا دو کہ میرے رب نے کھلی اور چھپی ہر طرح کی برائیوں اور گناہ اور ناحق بغاوت کرنے کو ''حرام'' قرار دیا ہے''۔

ان دونوں آیات کو ملا کر دیکھنے سے شراب کا حرام ہونا ثابت ہوا۔

دوسرے یہ کہ لفظ ﴿إِثْمَ﴾ سے مراد عذاب ہے جو امر موجب عذاب ہو وہ گناہ ہے۔ اور جو امر موجب

عذاب ہو یا گناہ ہو اُسے حرام ہی کہا جائے گا۔

تیسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا﴾ ''یعنی ان دونوں میں گناہ بہت زیادہ ہے بہ نسبت فائدے کے'' اس سے واضح ہوا کہ آیت میں شراب و قمار کی بابت گناہ اور عذاب کی زیادتی بتائی گئی ہے لہذا وہ حرام ہوئی۔

عقل خیر و شر میں امتیاز کرنے کا ذریعہ ہے اس لیے جو چیز اس قوت امتیاز پر پردہ ڈال دے وہ حرام ہے کیونکہ جب عقل پر پردہ پڑ جائے تو بندہ ان فرائض کے خیال سے غافل ہو جاتا ہے۔ جن کی ادائیگی کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔ دراصل عقل وہ جوہر ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کو تمام مخلوق پر شرف بخشا ہے اور جس کی وجہ سے وہ زمینی اشیاء کو مسخر کرتا ہے اور ان سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ سمجھ بوجھ کی یہی صلاحیت ہے جس سے انسان صحیح اور غلط، حلال اور حرام خیر اور شر میں امتیاز کر سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی صلاحیت کی قدر و قیمت کی وجہ سے شراب کو حرام فرمایا۔ کیونکہ شراب اس پر پردہ ڈال دیتی ہے۔ شراب کو ''مسکر'' اس لیے کہا جاتا ہے کہ ''مسکر'' کا معنی ہے دروازہ بند کرنے والا۔ اور شراب عقل کے دروازے کو بند کر دیتی ہے۔ عرب میں مروّج شراب کی تفصیلات مفسرین، محدثین اور فقہائے کرام نے اپنی تالیفات میں بیان کی ہیں۔ یہاں ان کو نقل کرنے کی ضرورت نہیں(20)۔

شراب نوشی میں بہت زیادہ گناہ ہے یہ شیطانی عمل ہے۔ نجس اور اُمّ الخبائث ہے۔ احادیثِ مبارکہ میں اس کے بارے میں مختلف القابات کا ذکر ملتا ہے مثلاً اُم الفواحش، اکبر الکبائر ماں اور پھوپھی سے برائی کرنے والا جیسے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ ابن ماجہ کی روایت میں ((مدمن الخمر)) کو عابد وثن قرار دیا گیا ہے اور یہ بھی ارشاد نبوی ﷺ ہے ((من شرب الخمر خرج نور الايمان من جوفه)) ''یعنی شراب پینے والے کے باطن سے ایمان کا نور جاتا رہتا ہے''۔ یہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نماز سے روکتی ہے۔

امام ابوزہرہ نے اپنی کتاب ''الجريمه والعقوبة'' میں لکھا ہے:

((الخمر ام الخبائث وأم الشرور والاثام والجرائم ومدعاة الفجور والانحراف ومفسدة الجسم والعقل والنفس))(21)

آئمہ ثلاثہ یعنی مالکیہ، احناف اور حنابلہ کے نزدیک شراب نوشی کی سزا بطور حد 80 دُرّے ہیں جب کہ شوافع

کے نزدیک 40 دُرّے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک مذہب کے اپنے دلائل ہیں جن کی تفصیل مذکورہ مذاہب کی فقہی کتب میں موجود ہے (22)۔ خمر کے علاوہ دوسرے اشیاء مثلاً شیرے (نبیذ) کے بارے میں علمائے احناف کی رائے یہ ہے کہ اس پر حد صرف اس صورت میں نافذ ہوگی جب وہ نشہ آور ہو جائے اگر نشہ آور نہ ہو تو وہ حلال ہے (23)۔

مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کہتے ہیں کہ ہر مشروب جسے زیادہ مقدار میں پینے سے نشہ ہو جائے اسے کم مقدار میں پینا بھی حرام ہے اور اسے خمر کہا جائے گا اور پینے والے کو حد کے مطابق سزا دی جائے گی۔

شراب کے علاوہ دوسری منشیات کا حکم

بعض اشخاص کا خیال ہے کہ شراب کے علاوہ دوسری اشیاء مثلاً بھنگ، افیون اور دوسرے زہریلے پودے حلال ہیں۔ کیونکہ عہد رسالت ﷺ میں یہ اشیاء موجود نہ تھی اور نہ ان کے حرام ہونے کی بابت کوئی صراحت موجود ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ تمام فقہاء اس امر پر متفق ہیں کہ یہ تمام خواب آور مشروبات بھنگ اور افیون وغیرہ حرام ہیں بعض فقہاء نے افیون، بھنگ، ہیروئن وغیرہ خطرناک قسم کی منشیات کو خمر سے بھی زیادہ خطرناک قرار دیا ہے۔ شراب اور دیگر منشیات کی عِلّت مشترکہ عقل پر پردہ ڈالنا اور انسانی جسم کو شدید نقصان پہنچانا ہے۔ نشہ کرنے والا سخت مزاج، سریع الغضب اور ہر وقت معصیت الٰہی کے فکر اور سوچ میں لگا رہتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ وہ گناہ کے ارتکاب میں بڑا جراتمند اور اللہ تعالیٰ کے دُشمنوں کے ساتھ دوستی کرنے والا بن جاتا ہے۔ دین، نفس انسانی، عقل اور معاشرے کے خلاف نشہ کے نقصانات ان گنت ہیں۔ مصر اور سعودی عرب کے علماء بورڈ نے صراحت کی ہے کہ ان اشیاء کے استعمال میں بڑا نقصان اور بکثرت خرابیاں ہیں۔ عقل زائل ہونے اور جسم کی ہلاکت کے علاوہ اس میں اور بھی بڑی بڑی مضرتیں اور خرابیاں ہیں اور یہ تو ممکن ہی نہیں کہ شریعت اس کے ارتکاب کی اس لیے اجازت دے دے کہ اس کی برائیاں حرام ہونے کی برائی سے کم ہیں (24)۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے اپنی کتاب ''السیاسۃ الشرعیہ'' میں لکھا ہے کہ:

> ''بھنگ حرام ہے اور اس کے پینے والے کو اسی طرح سزا دی جائے گی جس طرح شراب پینے والے کو''۔

رسول کریم ﷺ سے ''مسکر'' کے بارے میں جو احادیث مروی ہیں۔ ان کا ماحصل یہ ہے کہ ہر وہ چیز جو عقل پر پردہ ڈالتی ہے۔ اور نشہ دلاتی ہے۔ وہ حرام ہے اس میں مطبوخ، غیر مطبوخ اور پینے یا کھانے کی کوئی قید نہیں ہے بلکہ یہ ساری چیزیں حرام ہیں۔ متقدمین فقہائے کرام نے منشیات کی اقسام کو بالاستیعاب ذکر اس لیے نہیں کیا ہے کہ زیادہ تر منشیات چھٹی صدی یا اس کے قریب زمانے میں نمودار ہوئیں (25)۔

علامہ ابن عابدین نے کہا ہے کہ:

''افیون اس زمانے کی بیماری ہے۔ اور اس کو اگر مسلسل چار دن تک کھایا جائے اور پھر چھوڑ دیا جائے تو موت واقع ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے'' (26)۔

بعض فقہاء کی رائے یہ ہے کہ جس شخص نے حشیش کو حلال سمجھا وہ کافر ہو گیا حاشیہ ابن عابدین میں ہے کہ:

''جس نے حشیش کا کاروبار کیا وہ زندیق ہو گیا''۔

((وحكى القرافى وابن تيميه الاجماع على تحريم الحشيشة قال ومن استحلها فقد كفر وانما لم يتكِلم فيها الأئمة الاربعه لانهالم تكن فى زمنهم وانما ظهرت فى اخر المائة السادسة))

''قرافی اور ابن تیمیہ رحمہما اللہ نے حشیش کی حرمت پر اجماع نقل کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ جو شخص اس کو حلال سمجھتا ہے وہ کفر کرتا ہے۔ آئمہ اربعہ نے اس سے بحث اس لیے نہیں کی ہے کہ ان کے زمانے میں منشیات کی یہ اقسام موجود نہ تھیں۔ یہ اقسام چھٹی صدی ہجری کی پیداوار ہیں''۔

جہاں تک شراب کے علاوہ دوسری منشیات کا تعلق ہے۔ احناف، شوافع، حنابلہ اور مالکیہ کے ایک قول کے مطابق خمر کے علاوہ دوسری منشیات کی خرید و فروخت اور کھانے یا پینے والے پر حد کی سزا نہ ہوگی بلکہ اسے تعزیری سزا دی جائے گی۔ کیونکہ خمر کی حرمت قطعی ہے اور قرآن وسنت سے ثابت ہے جب کہ دیگر اشیاء کی حرمت ظنی دلیل سے ثابت ہے اس لیے اس کو حلال قرار دینے والا کافر نہیں سمجھا جائے گا۔ لیکن خمر کو حلال قرار دینے والا کافر ہوگا اور اس پر حد نافذ ہوگی۔

امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ نے روایت کی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے ((کل مسکر حرام)) ''ہر نشہ آور شے حرام ہے''۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ((ان من الحنطة خمراً ، ومن الشعیر خمراً، ومن الزبیب خمراً ، ومن التمر خمراً ومن العسل خمراً، وانا انهی کل مسکر)) بروایت ابوداؤد وغیرہ ''یعنی گندم سے بھی شراب بنتی ہے، جو سے بھی کشمش سے بھی، کھجور سے بھی اور شہد سے بھی اور میں ہر نشہ آور شئے سے منع کرتا ہوں''۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((کل مسکر خمر و کل مسکر حرام)) ''یعنی ہر نشہ آور (خمر) ہے اور ہر (خمر) حرام ہے۔ یہ دونوں روایتیں صحیح مسلم میں آئی ہیں(27)۔ بھنگ اور دوسری منشیات کا علاج کی غرض سے کم مقدار میں استعمال جائز ہے اس لئے کہ ان اشیاء کی حرمت بعینہٖ نہیں ہے بلکہ بوصفہ ہے یعنی ان کے ضرر کی وجہ سے ہے(28)۔

شریعت کی بنیادی خصوصیت مفادِ عامہ کا حصول اور فساد و ضرر کا ازالہ کرنا ہے اس لئے جو نت نئے جرائم پیدا ہوتے ہیں ان کا حکم شرعی معلوم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ شریعتِ اسلامی کے زرّیں اصول یعنی مقاصدِ شریعت اور مصلحتِ عامہ کے اصول نیز جرائم کے ارکان اور جرائم سے متعلق قوانین کی تعبیر و تشریح کا بغور جائزہ لیا جائے۔

منشیات کا حکمِ شرعی حرمت ہے اور یہ منشیات کا قانونی رکن ہے اس طرح باقاعدہ قانونی شکل میں اس وقت فرمان نفاذ (حد) امتناع منشیات 1979ء اور Control of Narcotic Substance Act. 1997 نافذ ہے اور اس پر عمل ہو رہا ہے ان قوانین میں منشیات کی کاشت، منشیات سازی اس کا استعمال ترسیل وغیرہ جو طبّی، اور سائنسی اغراض کے علاوہ ہوں جرم قابل سزا قرار دیا گیا ہے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا شریعت میں کسی شخص کو قانون سازی کا کوئی اختیار حاصل ہے؟ فقہائے کرام نے اس بارے میں تصریح کی ہے کہ جرائم اور سزاؤں کا ایک بہت بڑا حصہ، اس کی تفصیلات وغیرہ شارع نے اولوالامر یعنی مقنّنہ پر چھوڑ دیا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اطیعوا اللّٰهه واطیعوا الرسول واولی الأمر منکم ﴾(29)

''اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور جو صاحبِ اختیار ہیں ان کی بھی''۔

اس آیتِ کریمہ کی روشنی میں حاکم حالات اور زمانے کی مناسبت سے اس بارے میں قانون سازی کر سکتا ہے(30)۔ اسلامی شریعت کے ماہرین کے نزدیک قرآن، سنّت اور مصلحۃ عامہ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے خلیفہ یا اس وقت کے مقنّنہ کو اس حد تک اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنے زمانے اور علاقائی حدود کے اندر کسی فعل کو جرم قرار دے اس طرح اس کے بالعکس بھی جائز ہے(31)۔

ڈاکٹر محمد فاروق النبہان نے لکھا ہے کہ:

''شریعتِ اسلامی جلب مصالح اور دفع مفاسد کے اصولوں پر قائم ہے اور اگر کسی انسان کے تصرفات سے معاشرہ پر کوئی ضرر مرتب ہوتا ہو تو اس شخص کو اپنے اس خاص مصلحت سے روکا جائے گا۔ کیونکہ شریعتِ اسلامیہ کا یہ ایک مسلّمہ قاعدہ ہے۔ درء المفاسد مقدّم علی جلب المصالح''(32)۔

ڈاکٹر عبدالقادر عودہ شہید نے لکھا ہے:

''تعزیری جرائم سے متعلق مقنّنہ کی آراء علاقہ اور عادات کی وجہ سے مختلف ہوتے ہیں اس لیے کسی ملک کا کوئی قانون اگر کسی فعل کو مباح قرار دیتا ہے اور دوسرا ملک اس فعل کو حرام قرار دیتا ہے اور اس پر سزا مرتب کرتا ہے تو یہ جائز ہے''(33)۔

اس کی حکمت پر بحث کرتے ہوئے عبدالعزیز عامر لکھتا ہے کہ:

''کوئی فعل اپنی ذات میں مباح ہوتا ہے۔ لیکن یہ ایک مفسدہ کے لیے ذریعہ بنتا ہے۔ اکثر فقہائے کرام کی رائے یہ ہے کہ یہ مباح فعل فقہی قاعدہ سدّ الذرائع کی وجہ سے حرام بن جاتا ہے اور اس فعل پر تعزیری سزا دی جائے گی''(34)۔

ڈاکٹر عبدالحمید متولّی نے ایک خوبصورت مثال سے اس قاعدہ کی وضاحت کی ہے وہ لکھتے ہیں کہ:

''اگر کسی علاقے کے باشندے انگور کے باغات اس لیے لگاتے ہیں کہ وہاں شراب کے

کارخانے لگا کر اس سے شراب تیار کریں تو خلیفہ کے لیے جائز ہے کہ وہ اس علاقہ میں انگوروں کی کاشت پر پابندی عائد کرے'' (35)۔

وفاقی شرعی عدالت کے سامنے Control of Narcotic Substance Act. 1997 کے دفعہ نمبر 79 کو قرآن اور سنت سے متصادم ہونے کی بنیاد پر چیلنج کیا گیا۔ درخواست دہندہ کا مؤقف یہ تھا کہ: تعزیری سزا حد کی سزا سے متجاوز نہیں ہونی چاہیے۔ عدالت نے قرار دیا کہ حاکم فساد فی الارض کی بنیاد پر جرم اور مجرم کے حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے سزائے موت دے سکتا ہے۔ قانون کے مذکورہ دفعات احکام اسلام سے متصادم نہیں ہے (36)۔

تعبیر وتشریح کے لئے لازمی اصول

ماہرین اصول فقہ نے شریعت کی نصوص کی تعبیر وتشریح کے لیے کچھ ایسے اصول وضوابط مقرر کیے ہیں جن کی پابندی لازمی ہے۔ یہ قواعد نصوص میں وارد ہونے والے احکام اور ان احکام کی علتوں کی چھان بین اور پرکھ کے بعد اخذ کئے گئے ہیں۔ شریعت اور روح شریعت سے اخذ کردہ یہ اصول اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ شریعت کا مقصد مجموعی مفادات کی تکمیل ہے۔ اسی لیے جہاں کچھ نصوص اجتماعی حقوق کو تحفظ دیتی ہیں وہاں دیگر نصوص حقوق افراد کا تحفظ کرتی ہیں اور بعض نصوص میں اجتماعی حقوق اور انفرادی حقوق بیک وقت ملحوظ ہوتے ہیں چنانچہ جن مسائل میں نصوص موجود نہیں ہیں ان کے احکام معلوم کرنے کے لیے فقیہ اور قاضی امور بالا کو پیش نظر رکھتے ہوئے اجتہاد کرتا ہے۔

تحریم وتحلیل کے ضمن میں شارع کے عمومی مقاصد

شارع نے بلا مقصد احکام وقوانین جاری نہیں کئے بلکہ احکام وقوانین میں عمومی مقاصد کارفرما ہیں۔ اس لیے نصوص کو حقیقی معنی میں اس وقت تک سمجھنا ممکن نہیں ہے، جب تک یہ نہ معلوم ہو جائے کہ فلاں نص کو جاری کرنے سے شارع کا مقصد اصلی کیا ہے، کیونکہ نصوص کے الفاظ اور اس کی عبارتیں متعدد وجوہ کی بناء پر متعدد معنی پر دلالت کر سکتی ہیں اور کسی ایک معنی کو اس وقت تک ترجیح نہیں دی جا سکتی جب تک خود شارع کا مقصد معلوم نہ ہو جائے، نیز نصوص میں تعارض کی صورت میں یہ تعارض اس وقت ختم ہوگا اور متعارض نصوص میں اس وقت ہم آہنگی

قائم ہوگی جب شارع کے مقصد کا علم ہو جائے گا۔ قانون اسلامی پر تحقیق کرنے والے کے لیے اور شریعت کی نصوص کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے یہ معلوم کیا جائے کہ قانون سازی سے شارع کے مقاصد کیا ہیں؟ وہ کون سے واقعات تھے جن میں قرآن کی نصوص نازل ہوئی تھیں اور کس قسم کے حالات میں سنت کی نصوص ارشاد فرمائی گئی تھیں۔ قرآنی آیات کے اسباب نزول اور احادیث کے اسباب ورود تفسیر و حدیث کی کتابوں میں تفصیل سے بیان کر دیئے گئے ہیں، ماہرین اصول نے شریعت کے عمومی مقاصد کو تین مقاصد یعنی ضروریات، حاجیات اور تحسینیات پر منحصر کر دیا ہے(37)۔

اگر حکم تحسینی پر عمل سے کسی لازمی حکم میں خلل پیدا ہوتا ہو تو حکم تحسینی کو نظر انداز کر دیا جائے گا۔ جیسے کسی زخم وغیرہ کے علاج کے لیے ستر کھولنا جائز ہے کیونکہ ستر امر تحسینی ہے جب کہ علاج ضروری ہے اور جیسے دوا کے لیے اور ضرورت کے وقت ناپاک شئے کا استعمال درست ہے کیونکہ ناپاکی سے بچنا امر تحسینی ہے اور علاج کرنا ضروری ہے۔

احکام ضروریہ کو اسی وقت نظر انداز کیا جا سکتا ہے، جب ان کی نسبت زیادہ ضروری احکام موجود ہوں اور پہلے احکام پر تعمیل سے ان زیادہ ضروری احکام میں خلل آتا ہو۔

اصول یہ ہے کہ اگر ایسی صریح نص موجود ہو جس کا ورود اور دلالت قطعی ہو تو اس میں اجتہاد کی کوئی گنجائش نہیں ہے کیونکہ اس نص کا ورود قطعی ہے، یعنی اللہ اور رسول کی جانب سے اس کے ورود میں کوئی شبہ نہیں ہے اور چونکہ اس کی دلالت قطعی ہے اس لیے اس کے معنی بھی محل بحث نہیں ہیں۔ اس زمرے میں قرآن کی وہ آیات آتی ہیں جو مفسر اور محکم ہیں۔

منشیات کے مقدمات کی سماعت کرنے والی عدالتوں کو چاہیے کہ وہ نصوص کے سمجھنے میں ان قواعد سے مدد لے کر ان نصوص کی مراد اور مقصد کا پتہ چلائیں اور یہ معلوم کریں کہ کون کون سی جزئیات ان نصوص کے تحت داخل ہیں۔ ان قواعد سے عدالت کو یہ علم بھی حاصل ہو جاتا ہے کہ وہ کون سی نصوص ہیں جن کی تطبیق لازمی ہے اور خود عدالت کو نص کی تعبیر اور اسے بروئے کار لانے یا کالعدم قرار دینے کے کس قدر اختیارات حاصل ہیں۔ اگر ایک طرف دیوانی عدالت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ان قواعد کو وسعت کے ساتھ منطبق کرے اور نص کی تعبیر و تطبیق میں قیاس، عرف اور انصاف کے تقاضوں سے مدد لے تو دوسری طرف فوجداری عدالت پابند ہے کہ وہ نص کی تعبیر و

تطبیق کے سلسلے میں صرف اس صورت حال پر اعتماد کرے جو اس کے سامنے آئی ہے۔ فوجداری عدالت از خود قیاس عرف یا استحسان سے کسی جرم یا سزا کی تخلیق نہیں کر سکتی، اگرچہ جو صورت حال اس کے سامنے پیش کی گئی ہے۔ وہ اخلاق فاضلہ کے سراسر منافی ہو۔ غرض کیسے ہی حالات و اعتبارات کیوں نہ ہوں فوجداری عدالت کو نص صریح کی خلاف ورزی کا کوئی اختیار حاصل نہیں ہے بلکہ وہ شریعت کے ان دو اساسی اصولوں کی پابند ہے۔

1- رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان:

((ادرؤ الحدود بالشبهات))(38) ''شبہات میں حدود ساقط کرو''۔

2- آپ ﷺ کا یہ فرمان:

((فان الامام ان يخطى فى العفو خير من ان يخطئ فى العقوبه))(39)

''امام کا معاف کر دینے میں غلطی کر جانا اس سے بہتر ہے کہ وہ سزا دینے میں غلطی کر جائے''

ملک میں قانون کا نفاذ ایک ضروری امر ہے۔ لیکن اگر کسی بھی علاقے یا جگہ پر قانون کے نفاذ سے خون خرابہ کا اندیشہ ہو تو انسانیت کو بچانے کے لیے قانون کے نفاذ کو مؤخر کیا جا سکتا ہے کیونکہ انسانیت کو بچانا قانون نافذ کرنے کے نسبت زیادہ ضروری امر ہے اس وقت عوام الناس کو قوانین کے نفاذ کی حکمت اور فوائد کی تعلیم دینی چاہیے تا کہ لوگوں میں قوانین کے احترام کا شعور بیدار ہو سکے۔ اس طرح اگر کسی جرم کے لیے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ سزا مقرر کی گئی ہو تو قاضی کا اختیار صرف اتنا ہے کہ وہ ان دونوں حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنے اجتہاد سے کسی مناسب سزا کا تعین کرے کیونکہ اولوالامر کا کام تعزیری نظام کا وضع کرنا اور اس کے لیے حدود متعین کرنا ہے اور قاضی کا کام یہ ہے کہ وہ ان حدود سے تجاوز نہ کرے اور قانون کے مطابق چلے۔ اس لیے وہ کسی جرم میں کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ مقدار سے زیادہ سزا نہیں دے سکتا(40)۔

جرم منشیات کا مادی رکن

مادی رکن سے مراد کسی ایسے عمل کا ارتکاب جن کے کرنے یا نہ کرنے سے جرم بنتا ہو تو یہ جرم کا مادی رکن کہلاتا ہے۔ جرم کا مادی رکن اس وقت وجود میں آتا ہے جب فعل ممنوع کا ارتکاب کر لیا جائے، خواہ وہ جرم ایجابی ہو یا سلبی ارتکاب جرم میں یہ بھی ہوتا ہے کہ مجرم فعل ممنوع کو پورا کرے تو اس صورت میں یہ جرم تام مکمل جرم ہوگا۔

فقہائے کرام نے آغازِ جرم کے بارے میں کسی خاص اصول کو وضع کرنے کا اہتمام نہیں کیا ہے۔ حدود کفارہ کی سزا ان متعین جرائم پر دی جاتی ہے۔ جن کو عملاً مجرم نے مکمل کر لیا ہو اس لیے ہر فعلِ حرام کے آغاز پر تعزیری سزا دی جائے گی اور ہر قابل سزا آغاز فی حد ذاتہ معصیت، یعنی جرم تام متصور ہوگا اگر چہ وہ ان اعمال کا ایک جز ہو جن سے جرم تام مکمل ہوتا ہے، بشرطیکہ وہ جز خود بذاتہ ممنوع ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ ایک فعل بذات خود ایک معین جرم ہو مگر دوسرے فعل سے مل کر ایک اور نوعیت کا جرم بن جائے۔

کوئی شخص جب کسی نشہ آور چیز کو طبی یا دیگر جائز مقاصد کے بغیر ناجائز مقصد کی خاطر بناتا ہے یا کاشت کرتا ہے تو یہ ایک معصیت ہے اس طرح کوئی شخص اس نشہ آور چیز کو خریدتا ہے تو وہ معصیت کا مرتکب ٹھہرا اور جب اسے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتا ہے تو یہ ایک الگ معصیت ہے یہ تمام افعال الگ الگ جرائم ہیں کیونکہ اولوالامر نے اس سلسلے میں ہر فعل کو الگ الگ جرم قرار دیا ہے اور یہ قوانین نصوص شرعیہ سے متصادم نہیں ہیں اس لئے کہ یہ شریعت کے مقاصد کو پورا کرتے ہیں(41)۔

جرم منشیات کا اخلاقی رکن

ادبی یا اخلاقی رکن سے مراد یہ ہے کہ مجرم ایک مکلّف شخص ہے اور اس سے اس کے جرم کی باز پرس ہو سکتی ہے۔ یہ جرم کا ادبی رکن ہے ان تمام ارکان کا عمومی حیثیت سے ہر جرم میں موجود ہونا ضروری ہوتا ہے تا کہ اس جرم پر سزا دینا ممکن ہو سکے۔

قرونِ وسطیٰ میں ہر چیز انسان، حیوان اور جمادات تک فوجداری مسؤلیت کی زد میں آتے تھے ہر انسان خواہ وہ بالغ مرد ہو یا بچہ سمجھدار ہو یا نہ سمجھ اپنے ارادے کا مالک ہو یا نہ ہو، اس کے حواس درست ہوں یا حواس کھو بیٹھا ہو اس طرح افعال ممنوعہ کی تحریم پہلے سے متعلق نہیں ہوتی تھیں۔ سزائیں بھی بیشتر متعین نہ ہوئی تھیں بلکہ عدالت کی صوابدید پر موقوف ہوتی تھیں۔

شریعتِ اسلامیہ صرف زندہ اور مکلّف انسان کو مسؤل قرار دیتی ہے، موت سے اس کی تمام ذمہ داریاں اور مسؤلیت ساقط ہو جاتی ہے۔

قانونی طور پر مکلّف سے مراد وہ شخص ہے جو مکلّف ہونے کی وجہ سمجھ سکتا ہو، اور جس بات کا اس کو مکلّف بنایا جا رہا ہے اس کا مکلّف بننے کا وہ اہل ہو۔ اور شرعاً کوئی شخص اسی فعل کا مکلّف قرار دیا جا سکتا ہے جو ممکن ہو، مکلّف کی قدرت میں ہو، اور مکلّف کو اس کا اس قدر علم حاصل ہو جو اسے اس حکم کی انجام دہی پر آمادہ کر سکے (42)۔

شریعت بچوں سے درگزر کرتی ہے جب تک کہ وہ بالغ نہ ہو جائیں، کیونکہ فرمانِ الٰہی ہے:

﴿وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ﴾(43)

''اور جب تمہارے لڑکے بلوغ کو پہنچ جائیں تو انہیں بھی (گھر میں داخلے سے) اجازت لینا چاہیے جیسا کہ اگلے لوگ اجازت لے چکے ہیں''۔

اور فرمانِ رسول ﷺ ہے:

''تین اشخاص جواب دہ نہیں ہیں، بچہ جب تک بالغ نہ ہو جائے، سونے والا جب تک بیدار نہ ہو جائے اور مجنون جب تک اس کی ذہنی حالت بحال نہ ہو جائے''(44)۔

شریعت اسلامیہ مکرہ (مجبور) اور بے شعور شخص پر مواخذہ نہیں کرتی، کیونکہ اللہ سبحانہ کا ارشاد ہے:

﴿اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ﴾(45)

'بجز اس صورت کے کہ اس پر زبردستی کی جائے دران حالیکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو''

اور فرمانِ الٰہی:

﴿فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ﴾(46)

''لیکن جو شخص مضطر ہو جائے اور نہ بے حکمی کرنے والا اور نہ حد سے نکل جانے والا ہو، تو اس پر کوئی گناہ نہیں''۔

اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

''میری اُمت سے خطاء اور نسیان معاف ہیں اور وہ افعال بھی معاف ہیں جن پر کسی کو مجبور کیا گیا ہو''(47)۔

حضرت امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اگر کوئی مسلمان کسی ایسے ملک میں رہائش پذیر ہو جہاں حرام کے کاروبار کو عمومی حیثیت حاصل ہو جب کہ اس مسلمان کے لیے یہاں سے نقل مکانی ممکن نہ ہو اور اس کے لیے حلال کاروبار کے راستے بھی مسدود ہو چکے ہوں اور ان حالات کا بدل دینا اس شخص کی استطاعت میں بھی نہ ہو تو شریعت اسلامی کی رُو سے اس شخص کے لیے بوجہ ضرورت یہ فعل جو حرام لذاتہ ہے مباح ٹھہرتا ہے۔ کیونکہ اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو وہ بڑی مشقت میں پڑ جائے گا۔

امام شاطبی رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ یہ حکم شریعت کے مقاصد سے قریب تر ہے اگرچہ عین اس حکم پر کوئی نص وارد نہیں ہے۔

اسلام ماحول کے اثرات سے پیدا ہونے والے حالات کا پوری طرح ادراک کرتا ہے اور اس حق کو تسلیم بھی کرتا ہے یعنی یہ فعل تو بذاتہ اور اصلاً حرام ہے لیکن اس ماحول اور معاشرہ کی وجہ سے عفو کے حکم میں داخل ہو جاتا ہے تا کہ اہل ایمان کے اوپر حرج واقع نہ ہو۔

بعض فقہاء کی رائے مالکیہ کی رائے سے مختلف ہے ان کی رائے میں ماحول کے اثرات کی وجہ سے کسی فعل کا وصف یعنی حکم بدلتا نہیں بلکہ اس میں کمزوری آ جاتی ہے۔ لہذا اس شخص کی مسؤلیت اور ارتکابِ جرم پر سزا میں بھی کمزوری آ جاتی ہے۔

یاد رہے کہ اس حرام کی اباحت صرف اس صورت میں ہے کہ مسلمانوں کے لیے کوئی اور حلال ذرائع کسب موجود نہ ہوں(48)۔

اسلام میں جرم کی سزا صرف جرم کرنے والے مجرم کو دی جاتی ہے مجرم کے باپ دادا یا اولاد کو اس کی سزا نہیں دی جاتی۔ شریعت کا اساسی قاعدہ ہے۔

﴿اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی وَاَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی﴾(49)

''کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا اور انسان کو صرف اپنی ہی کمائے ملے گی''۔

اس لیے ہر انسان صرف اپنے جرم پر مسؤل ہے اور کوئی دوسرا شخص اس کی جگہ مسؤل نہیں ہے، خواہ اس کا مجرم سے کوئی بھی تعلق کیوں نہ ہو۔

شریعت کا ایک اساسی قاعدہ یہ بھی ہے کہ جب تک کسی فعل کی حرمت کو بیان نہ کیا جائے اس فعل کا کرنا جائز ہے اور جب اس کی حرمت بیان کر دی جائے تو اس پر سزا اس وقت سے ہے جب وہ قانون لوگوں کے علم میں آ جائے اور اس قانون کے علم میں آنے سے پہلے کیا گیا فعل ممنوع عفا اللّٰہ عما سلف کے حکم میں داخل ہے۔ الا یہ کہ نص میں اس کی تصریح کر دی گئی ہو۔ لیکن یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ قرآن اور سنت میں حدود کی جو سزائیں مقرر کی گئی ہیں وہ محکم کے درجہ میں ہیں کیونکہ رسول کریم ﷺ کے وصال اور قرآن کریم کے مکمل ہونے کے اعلان کے بعد اس میں نسخ نہیں ہو سکتا اس لیے ان قوانین کو محکم کا درجہ حاصل ہو گیا ہے۔

خلاصہ بحث

① شریعتِ اسلامیہ کے احکام مقاصدِ خمسہ یعنی حفظ دین، حفظ نفس، حفظ عقل، حفظ نسل اور حفظ مال کے حصول کے لیے ہیں۔

② شریعتِ اسلامی کا بنیادی مقصد عدل کا قیام ہے۔ اس عدل کے قیام کے لیے قوانین بنائے گئے ہیں اگر کوئی قانون عدل کے قیام میں رکاوٹ بنتا ہو یا قانون پر عمل کرنے سے عدل کے تقاضے پورے نہ ہوتے ہوں تو قانون کے نفاذ کو معطل کیا جائے گا۔

③ اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کے فواحش کو حرام قرار دیا ہے۔

④ منشیات سے انسانی عقل میں فتور آ جاتا ہے اور یہ عقلی فتور بے شمار جرائم کا سبب بنتا ہے اس لیے شریعت نے اس کو حرام قرار دیا ہے۔

⑤ شریعتِ اسلامیہ میں اولوالامر کو وسیع اختیارات حاصل ہیں وہ احکام شریعت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کسی فعل مباح کو حرام قرار دے سکتے ہیں یا کسی ایسے فعل یا ترک فعل کے لیے نصوص شرعیہ کی روشنی میں اجتہاد کر سکتے ہے۔

⑥ اگر منشیات کی کسی قسم کا ذکر قرآن یا سنت میں نہ بھی ہوا ہو یا وہ جدید تحقیق شدہ ہو تو بھی اولوالامر کی ذمہ داری ہے کہ اس کو ممنوع قرار دے۔

حواشی وتعلیقات

(1) قومی انگریزی اُردو لغت : زیر انتظام ڈاکٹر جمیل جالبی مقتدرہ قومی زبان سروسز بک کلب 1994 ص1995 بذیل مادہ (Narcotic)

(2) Black's Law Dictionary Fifth Edition 1979, P:922

(3) ڈاکٹر وھبہ الزحیلی: الفقہ الاسلامی وادلتہ، دارالفکر، دمشق 6/149,150,152

(4) مسلم بن حجاج: الصحیح، باب تحریم بیع الخمر، حدیث نمبر 1579، جلد 3، ص1306

(5) مثلاً ﴿﴾ وغیرہ

(6) یہی وجہ ہے کہ بعض استثنائی حالات میں قانون کو معطل کیا جاتا ہے اور اس پر عمل روک دیا جاتا ہے مثلاً حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قحط کے زمانے میں چور کی سزا معطل کی تھی۔ (علی حسب اللہ: اصول التشریع الاسلامی، ادارہ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی 1987، ص79)

(7) مصلحت بذاتہ سے مراد یہ ہے کہ اس مصلحت پر مبنی حکم اور اس کی تائید وحمایت کا وجود ہر زمانے، ہر ملک اور ہر حال میں یکساں طور پر قائم رہتا ہے۔

(8) مصلحت اضافی سے مراد یہ کہ ایک وقت اور ایک زمانے میں اور لوگوں کے حالات کے مطابق وہ مصلحت نہیں رہتی۔

(9) یہ مصلحت حیاتِ انسانی کے حسب ذیل پانچ اصولوں پر مشتمل ہے۔

(i) دین کی حفاظت (ii) نفس کی حفاظت (iii) عقل کی حفاظت
(iv) نسل کی حفاظت (v) مال کی حفاظت

(10) عبدالقادر عودہ شہید، التشریع الجنائی الاسلامی، دارالکتاب العربی، بیروت جلد 1، ص115

(11) مجلۃ الاحکام العدلیہ

(12) النحل: 67، النساء: 43، المائدہ: 91,90، ابو ہریرہ، معاویہ، ابن عمر، قبیصہ بن ذویب، جابر الشرید بن سوید، ابوسعید الخدری، عبداللہ الحلبی، ابن مسعود، شرجیل بن اوس غطیف بن حارث جیسے جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے خمر کی حرمت اور سزا کے بارے میں احادیث مروی ہیں جن کو اصحاب السنن نے اپنی اپنی سنن میں روایت کیا ہے اور سند کے اعتبار سے متواتر کے درجے تک پہنچی ہیں (تفصیل کے لیے علامہ جمال الدین عبداللہ بن یوسف الزیلعی الحنفی: نصب الرایہ الاحادیث الھدیہ، 3/346، علامہ حافظ علی بن ابی بکر الہیثمی: مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، 6/277 محمد بن علی بن محمد الشوکانی: نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار، 7/146 ملاحظہ ہو)

(13) النحل:27

(14) البقرہ:219

(15) الکافرون:2-1

(16) النساء:43

(17) المائدہ:90,91

(18) سلیمان بن اشعث سجستانی: صحیح سنن المصطفیٰ، کتاب الاشربہ، باب فی تحریم الخمر۔

(19) الاعراف:33

(20) شراب کی اقسام کے لیے ملاحظہ ہو عبدالرحمٰن الجزیری: کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ، ج5، ص61 وبعد

(21) امام ابوزہرہ، الجریمہ والعقوبہ، ص127

(22) کمال الدین محمد بن عبدالواحد المعروف بابن الہمام الحنفی: فتح القدیر 4/185، علاء الدین ابوبکر بن مسعود الکسانی: بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع، 5/113، عثمان بن علی الزیلعی الحنفی: تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق 3/198، قاضی ابوالولید محمد بن احمد القرطبی الشہیر بابن رشد: بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد، 2/435، محمد بن احمد بن عرفۃ الدسوقی المالکی: حاشیۃ الدسوقی علی الشرح الکبیر للدردیر، 4/353، المنتقی علی المؤطا 3/143، القوانین الفقہیہ ص361، المغنی 8/304، نیل الاوطار 7/144، مغنی المحتاج 4/189، المہذب 2/286، السیاسیۃ الشرعیہ لابن تیمیہ ص105

(23) ابوبکر محمد بن احمد بن ابی سہیل السرخسی، المبسوط 24/7، البدائع 5/113، حاشیہ ابن عابدین 5/320

(24) ماہنامہ ''الازہر'' اشاعت ماہ شعبان 1360ھ عزت حسین: المسکر والمخدرات ص123، محمد امین الشہیر بابن عابدین، ردالمحتار علی الدرالمختار الشہیر بحاشیہ ابن عابدین 4/43، محمد بن ابی عباس احمد بن حمزۃ الرملی، نہایۃ المحتاج الی شرح المنہاج 8/10۔

(25) احمد بن عبدالحلیم ابن تیمیہ: السیاسیۃ الشرعیہ فی اصلاح الراعی والرعیۃ، دارالکتب العربیہ، بیروت ص94

(26) حاشیہ ابن عابدین، ج4، ص43

(27) مسلم بن حجاج: الصحیح، کتاب الاشربہ

(28) ردالمحتار علی الدرالمختار حاشیہ ابن عابدین 5/305,304

(29) 58:2

(30) محمد تقی امینی: احکام شرعیہ میں حالات وزمانے کی رعایت، سندھ ساگر اکادمی لاہور 1982، ص105,104

(31) اصول التشریع الاسلامی، ص159,158

(32) محمد فاروق النبہان: نظام الحکم بن الاسلام ص121

(33) عبدالقادر عودہ شہید، التشریع الجنائی الاسلامی ج اول، ص94

(34) عبدالعزیز عامر: التعزیر فی الشریعۃ الاسلامیہ ص74,73

(35) ڈاکٹر عبدالحمید متولی: مبادئ نظام الحکم فی الاسلام ص323

(36) محمد خالد بن سرکار شریعت درخواست نمبر 1/ایل آف 1999 تاریخ فیصلہ 21/دسمبر 2001ء

(37) مقصد اول: مقصد اول لوگوں کی ضروریات کا تحفظ کرنا ہے اور ضروریات زندگی وہ امور ہوتے ہیں جن پر انسانی زندگی کا دارومدار ہو اور جن کے بغیر صحیح معنی میں انسانی زندگی استوار نہ ہو سکے، بلکہ بدنظمی انتشار اور فساد پھیل جائے۔

مقصد دوم: مقصد دوم لوگوں کو ضروریات زندگی کی فراہمی ہے حاجات زندگی وہ ہیں جو لوگوں کو سہولت فراہم کرنے، انہیں محنت ومشقت میں مدد دینے اور زندگی کی گراں باریوں میں ان کا ہاتھ بٹانے کے لیے لازمی ہوں، جن کے بغیر بدنظمی اور انتشار اور فساد کا اندیشہ نہ ہو دیگر ان کے بغیر لوگوں کی زندگیوں میں دشواریاں اور زحمتیں بڑھ جائیں۔ گویا وہ تمام امور حاجات زندگی میں داخل ہیں جن سے دشواریاں ختم ہوتی ہیں، زحمتیں کم ہوتی ہوں اور لوگوں کو زندگی کے برتاؤ میں سہولت میسر آتی ہو۔

مقصد سوم: مقصد سوم آسائش زندگی کی فراہمی ہے، یعنی ان امور کو وجود میں لانا ہے جن سے مروّت اور آداب زندگانی کے مطابق لوگوں کی زندگی میں حسن و جمال پیدا ہو جائے اور زندگی ایک بہتر ڈگر پر جاری رہ سکے۔ یہ امور ایسے نہیں ہوتے کہ ان کے بغیر زندگی میں ابتری پیدا ہو جائے، جیسا کہ ضروریات زندگی کے فقدان سے ہوتی ہے اور نہ یہ امور ایسے ہیں جن کے نہ ہونے سے دشواریاں رونما ہونے لگیں، جیسا کہ حاجات زندگی کے نہ ہونے سے ہوتا ہے۔ البتہ ان آسائشات کی عدم موجودگی سے عقلاء اور فطرتِ سلیمہ کے مالک لوگوں کی نظر میں ان کی زندگی اچھی اور خوشگوار نہ ہو۔

(38) محمد عبدالرحمٰن عبدالرحیم المبارکفوری، تحفۃ الاحوذی شرح الجامع الترمذی، باب ماجاء فی دراء الحدود، ج4، ص488

(39) تحفۃ الاحوذی شرح الجامع الترمذی، باب ماجاء فی درء الحدود، ج4، ص488۔

(40) الجریمہ والعقوبۃ، ص128

(41) تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو The Prohebition (Enforcement of Hadd) Order 1979

Control of Narcotic substances Act 1997.

(42) ابوحامد محمد بن محمد الغزالی، المستصفی، ج1، ص63

(43) النور:59

(44) تحفۃ الاحوذی، باب ما جاء فی من لا یجب علیہ الحد، ج4، ص685، ط دار الفکر 1399/1979۔

(45) النحل:106

(46) البقرہ:173

(47) ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ، الترمذی، الجامع السنن، ج4، ص32

(48) ابوزہرہ: الجریمہ والعقوبہ، ص442، بحوالہ الاعتصام للشاطبی 300/2

(49) النجم:39,38

رسول اکرم ﷺ کی رفاہی منصوبہ بندی اور عہدِ حاضر میں اس سے استفادہ

* ڈاکٹر محمد سجاد

❶ اسلام میں رفاہِ عامہ کی اہمیت

اسلام محض ایک اخلاقی ضابطہ اور چند اصولوں کا نام نہیں بلکہ یہ ایک مکمل نظام حیات ہے۔ اس کا عمرانی نظریہ اس قدر وسیع، اس کے اصول اس قدر جامع، عام فہم اور ہمہ گیر ہیں کہ ان کا انطباق ہر موقع ومحل پر کیا جا سکتا ہے۔ اسلامی معاشرہ کے صحت مندانہ قیام کے لئے اسلام نے حریت، مساوات، نفع رسانی اور رواداری کے اصولوں کو پیش نظر رکھا ہے۔ چونکہ افراد کے مابین تعاون، ہمدردی اور باہمی محبت وخیر خواہی کا جذبہ معاشرہ میں سیاسی استحکام، معاشرتی امن وسکون اور معاشی ترقی کے لئے از حد ضروری ہوتا ہے۔ لہٰذا اسلام نے باہمی ہمدردی و تعاون اور خیر خواہی کو اعلیٰ انسانی اوصاف کا حصہ بنا دیا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ (المائدہ:2)

"نیکی اور بھلائی کے کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو اور گناہ وسرکشی میں ایک دوسرے کے مددگار نہ بنو"۔

اسلام حقوق اللہ اور حقوق العباد کا حسین امتزاج ہے۔ وہ اپنے ماننے والوں سے اس امر کا تقاضا کرتا ہے کہ حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی بھی بہت ضروری ہے۔ قرآن مجید نے ایسے نمازیوں کے لئے ہلاکت کی وعید سنائی ہے جو نماز کو رکوع وسجدہ تک محدود رکھتے ہیں اور انسانیت کو دکھوں سے نجات نہیں دلاتے۔ ارشاد ہوتا ہے:

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ افکارِ تمدن اسلامی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

﴿فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ﴾ (الماعون:7-4)

''ایسے نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں اور جو ریا کاری کرتے ہیں اور اشیاء ضرورت کو روکتے ہیں''۔

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 177، اسلامی عقائد، عبادات، معاشرتی فلاح و بہبود اور رفاہِ عامہ کا عالمگیر چارٹر ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

﴿لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ. وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ﴾

''نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق و مغرب کی طرف اپنا منہ کرلو بلکہ نیکی تو یہ ہے کہ لوگ اللہ پر، یوم آخرت پر، فرشتوں پر، کتابوں اور پیغمبروں پر ایمان لائیں، اور اس کی محبت پر اپنا مال عزیزوں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور سائلوں کو دیں اور گردنیں چھڑانے پر خرچ کریں''

انسانی فلاح و بہبود کے اس چارٹر کے مطابق اصلی نیکی اور بھلائی یہ ہے کہ انسان ایمانیات کے نتیجے میں اپنے مال و دولت کے ساتھ محبت اور رغبت کے باوجود اسے معاشرتی بہبود اور رفاہی کاموں پر خرچ کرے۔ اسلام کے معاشرتی بہبود و رفاہِ عامہ کے نظام اور اسلام کی روحانی اور اخلاقی اقدار میں گہرا تعلق ہے۔ اسلام کی یہ اقدار انسان کو ایثار، قربانی اور بے لوث خدمت خلق پر آمادہ کرتی ہیں۔ نتیجتاً وہ اپنے ضرورت مند بھائیوں کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے پر روحانی خوشی محسوس کرتا ہے۔

اسلام آخری اور مکمل دین ہے۔ اس لئے اس نے ہر قسم کے انسانوں کی فطرت کے مطابق ہدایات دی ہیں بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جن کے لئے روحانی اور اخلاقی اقدار کے ساتھ ساتھ قانونی اور انتظامی ضابطوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ضرورت کے پیش نظر اسلام میں اخلاقی و قانونی ضابطوں کے درمیان حسین امتزاج پیدا کیا گیا ہے۔ معاشرتی فلاح و بہبود کے بنیادی اصول سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 177 میں بیان ہوئے

ہیں۔ انہی اصولوں کو عہد رسالت ﷺ کے آخر میں قانونی حیثیت دے کر حکومتِ اسلامیہ کی باضابطہ حکمتِ عملی قرار دیا گیا۔ چنانچہ ارشادِ ربانی ہے کہ:

﴿ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ﴾ (التوبہ:60)

''صدقات (زکوٰۃ) تو فقراء، مساکین، کارکنانِ صدقات کا حق ہے اور ان لوگوں کا جن کی تالیفِ قلب منظور ہو، اور غلاموں کو آزاد کرانے میں اور قرض داروں کے (قرض ادا کرنے میں) اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں کی مدد میں (یہ مال خرچ کرنا چاہیے)''۔

اس آیت میں ہر قسم کے بے کس، مجبور محتاج، غریب اور بے سہارا لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے جو اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں وہ اپنی جامعیت اور استیعاب میں تاریخی عوامل کے تحت ہر زمانے میں رونما ہونے والے فقر و احتیاج اور بے کسی و بیچارگی پر حاوی ہیں۔ ان میں وہ لوگ شامل ہیں جو حاجت مند ہوں، جو معاشی و اقتصادی طور پر بالکل تباہ حال ہوں، جو غلامی کی زندگی بسر کر رہے ہوں اور جو تعلیم و علاج سے محروم ہوں۔ وہ لوگ جو اپنے ضروری سفر پر قادر نہ ہوں یا دورانِ سفر اس قابل نہ رہے ہوں، ان سب کے لئے رفاہِ عامہ کے نقطۂ نظر سے اسلام نے مستقل نظام کو وضع کر دیا ہے۔ الغرض فقر و مسکنت، رقبت و غرامت اور غربت و مسافرت جیسی مجبوریوں اور معذوریوں کے انسداد کے لئے عہدِ رسالت مآب ﷺ میں جو رفاہی منصوبہ بندی کی گئی، اس کا مختصراً جائزہ پیش خدمت ہے۔

❷ رسول اکرم ﷺ کی رفاہی منصوبہ بندی

رسول اکرم ﷺ کی سیرتِ مطہرہ اور خصوصاً آپ ﷺ کے طریق دعوت کے مطالعہ سے یہ حقیقت مترشح ہوتی ہے کہ دین اسلام کی ہمہ گیر مقبولیت اور سریع الاثری کی اہم وجہ یہ تھی کہ آپ ﷺ نے دعوت و تبلیغ کی بنیاد انسانی ہمدردی، سماجی بہبود اور خدمت خلق کے پاکیزہ اصولوں پر رکھی۔ عقائد کی درستگی کے ساتھ ساتھ معاشی استحصال سے نجات، اعلیٰ اخلاقی قدروں کا فروغ اور معاشرتی بہبود، روزِ اول سے ہی آپ ﷺ کی دعوت کے

مقاصدِ اولیٰ میں شامل تھے۔

رسول اکرم ﷺ قبل از اعلان نبوت مکہ کے ظالمانہ ماحول میں بھی سخت نامساعد حالات کے باوجود مسلسل غرباء وفقراء اور ''محروم ومعدوم'' کی خدمت میں مصروف رہے اور اپنی بساط کے مطابق ان کی امداد واعانت فرماتے رہے۔ اس سلسلے میں آپ ﷺ کے لائحہ عمل اور سیرت وکردار کی جو مستند ترین روایت ہم تک پہنچی ہے، اگر مسلمان اسے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنالیں تو نہ صرف اسلامی دُنیا جنت نظیر بن سکتی ہے بلکہ پوری دُنیا آنحضرت ﷺ کو صحیح معنوں میں رحمتِ دو عالم ﷺ ماننے پر مجبور ہوسکتی ہے۔ آپ ﷺ کی چالیس سالہ قبل از نبوت معاشرتی بہبود اور خدمتِ خلق کی حکمتِ عملی کا تذکرہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔ اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس روایت کا پس منظر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ ﷺ غارِ حرا میں تشریف فرما تھے کہ جبرئیل امین آپ ﷺ کے پاس آئے اور آپ ﷺ کو وحی ونبوت سے سرفراز فرمایا۔ اس واقعہ سے متاثر ہوکر آپ ﷺ گھر تشریف لائے اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے اپنی حیرت وپریشانی کا ذکر فرمایا۔ آپ ﷺ کی حیرت وپریشانی کا ذکر سن کر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کی سابقہ زندگی کے حالات پر جو تبصرہ کیا' تاریخ عالم میں سنہری حروف میں لکھنے جانے کے قابل ہے۔ اسی سے آپ ﷺ کے رفاہِ عامہ اور خدمتِ خلق کے جذبہ اور حکمتِ عملی کا تذکرہ ملتا ہے۔ بخاری کی کتاب الوحی میں اسے ان الفاظ میں نقل کیا گیا ہے:

((قال لخديجة واخبرها الخبر لقد خشيت علىٰ نفسى ۔ فقالت خديجة: كلاَّ والله ما يخز يك الله ابدًا ۔ انك لتصل الرحم و تحمل الكلّ وتكسب المَعدوم و تقرى الضيف و تُعين على نوائب الحق)) (1)

''آپ ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو واقعہ کی خبر سنائی اور کہا کہ مجھے گھبراہٹ سی محسوس ہورہی ہے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ہرگز نہیں! خدا کی قسم، اللہ آپ ﷺ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا، کیونکہ آپ (ﷺ)

① تعلقات جوڑتے ہیں۔

② ناتواں کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔

③ جو چیز دوسروں کے پاس نہیں آپ ﷺ انہیں کما کر دیتے ہیں۔

④ مہمانوں کی مہمان نوازی کرتے ہیں۔

⑤ حادثات کے شکار لوگوں کے حقوق دلانے میں مدد کرتے ہیں''۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنی حکمت و دانائی سے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اعزہ و اقارب سے نیک سلوک کرنا، انسانی تعلقات کو استوار کرنا، بے کس و ناتواں کے مسائل و مصائب خود اپنے سر لینا' محروم و معدوم کو خود کما کر دینا، مہمانوں کی مہمان نوازی کرنا، اور حادثات و مقدمات میں حقدار کو حق دلانے میں مدد دینا عالمگیری رفاہی اصول ہیں۔ انسانیت کی فلاح اور معاشرت و تمدن کی فلاح و بہبود کا انحصار انہی پر ہے۔

الغرض ہم رسول اللہ ﷺ کی ''رفاہی منصوبہ بندی'' کے اقدامات کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

① رفاہی منصوبہ بندی کے لئے فکری و تربیتی اقدامات

② رفاہی منصوبہ بندی کے لئے عملی اقدامات

❶ رفاہی منصوبہ بندی کے لئے فکری اور تربیتی اقدامات

ارشادِ نبوی ﷺ ((الدین النصیحة)) کی روشنی میں خیر خواہی دین کی روح ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے اکثر دعاؤں میں اہل ایمان کو صیغہ جمع استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ جو بہتری اور خیر وہ اپنے لئے اپنے رب سے طلب کریں اس میں دوسرے مسلمان بھائیوں کو بھی شریک کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((لا یؤمن احدُکم حتیٰ یحبَّ لا خیه ما یحبُّ لنفسهٖ))(2)

''تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لئے وہ کچھ نہ چاہے جو اپنے لئے چاہتا ہے''۔

اسی طرح انسانی تعلقات میں باہمی خیر خواہی کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے سرکار دو عالم ﷺ نے معاشرت کا یہ زریں اصول عطا فرمایا کہ:

((خير الناس من ينفع الناس))(3)

''بہترین انسان وہ ہے جس سے دوسرے انسانوں کو فائدہ پہنچے''۔

معلوم ہوا کہ انسانی ترقی وکمال کی معراج یہ ہے کہ اس کا وجود معاشرے کے دوسرے افراد کے لئے منفعت بخش اور فیض رساں بن جائے۔ اس کی ذات سے خیر وخوبی کے سوتے پھوٹتے ہوں۔ اس کا علم جہالت کی تاریکیوں میں نور بکھیرتا ہو۔ اس کے جسمانی قویٰ ہر وقت کمزور اور بے سہارا لوگوں کی امداد واعانت پر صرف ہو رہے ہوں۔ اس کی ذہنی صلاحیتوں سے معاشرتی فوز وفلاح کے نت نئے منصوبے جنم لیتے ہوں اور اس کی آنکھیں جذبہ خدمت سے سرشار ہوں اور معذور ومجبور انسانوں کی راہ تک رہی ہوں۔ ایک اور حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا:

((الخلق عيال الله فاحب الخلق الى الله من احسن الى عياله)) (4)

''مخلوق خدا کا کنبہ ہے، پس بہترین شخص وہ ہے کہ وہ جو خدا کے کنبے کے ساتھ احسان کرے''

اسوۂ رسول اللہ ﷺ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانیت کی فلاح و بہبود بالخصوص دکھی، مصیبت زدہ، مفلوک الحال اور مفلس ومحتاج لوگوں کو باعزت زندگی گزارنے کے قابل بنانا اور بنی نوع انسان کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن کوشش کرنا آپ ﷺ کی بعثت کے اعلیٰ مقاصد میں شامل تھے۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ:

((السَّاعى على الارملة والمسكين كالقائم لا يفتر وكالصائم لايفطر)) (5)

''بیواؤں اور مسکینوں کی مصیبت کو دور کرنے میں کوشاں شخص اجر وثواب میں اس شخص کے برابر ہے جو ہمیشہ نماز میں مصروف رہتا ہے اور اس میں وقفہ نہیں کرتا اور ہمیشہ روزہ رکھتا ہے، افطار نہیں کرتا''۔

امام ابوداؤد اور امام ترمذی رحمہما اللہ کے مطابق نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

((الراحمون يرحمهم الرحمان ، ارحموا من فى الارض يرحمكم من فى السماء)) (6)

''جو لوگ دوسروں پر رحم کرتے ہیں رحمٰن ان پر رحم کرتا ہے۔ اہل زمین پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا''۔

رسول اللہ ﷺ کے ارشادات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے اسلامی حکومت کی ذمہ داری لگا دی ہے کہ وہ رفاہِ عامہ کا فریضہ سرانجام دے اور جو سربراہ مملکت اس فریضہ کی انجام دہی میں غفلت برتے تو اس کا اخروی انجام برا ہوگا آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((ما من عبدٍ يسترعيه الله رعيته فلم يعطها بنصيحة لم يجد رائحةَ الجنةِ))(7)

''جس بندہ کو خدا نے کسی رعایا کا حکمران بنایا اور اس نے اس کے ساتھ پوری خیر خواہی نہ برتی وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا''۔

رفاہِ عامہ کے لئے آپ ﷺ کے ہاں جو تڑپ تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے:

''حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم ایک مرتبہ شروع دن میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ کچھ لوگ ننگے پاؤں، ننگے جسم، دھاری دار چادریں پہنے اور تلواریں لٹکائے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہ لوگ قبیلہ مضر سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے اس فقر و فاقہ اور خستہ حالی کو دیکھ کر آپ ﷺ کا چہرہ مبارک متغیر ہو گیا۔ پریشانی میں آپ ﷺ کبھی اندر تشریف لے جاتے اور کبھی باہر تشریف لے آتے۔ پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کا حکم دیا۔ نماز کے بعد آپ ﷺ نے لوگوں کے سامنے خطبہ دیا۔ آپ ﷺ نے خطبے میں سورۃ النساء کی ابتدائی آیات اور سورۃ الحشر کی آیت نمبر 18 پڑھ کر لوگوں کو اپنے غریب اور حاجت مند بھائیوں پر صدقے کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا کہ ہر آدمی چاہے اس کے پاس ایک دینار ہو، ایک درہم ہو، ایک کپڑا ہی ہو، ایک صاع گندم یا کھجور کا ہو، اس میں سے صدقہ کرے۔ حتیٰ کہ جن کے پاس ایک کھجور ہے تو اس کے ٹکڑے سے بھی اپنے بھائیوں کی خدمت کرے۔ آپ ﷺ کا فرمانا تھا کہ لوگ گھروں کو دوڑ کھڑے ہوئے اور حسب توفیق چیزیں لانے لگے۔ راوی بیان کرتا ہے کہ تھوڑی دیر کے بعد کپڑوں اور کھانے کے دو ڈھیر لگ گئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اس جذبہ ہمدردی و خدمت خلق کو دیکھ کر اس

سے دوسرے فقراء کی ضرورت پوری ہو رہی ہے، آپ ﷺ کا چہرۂ انور خوشی سے چمکنے لگا۔

اس روایت کے راوی حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ:

((رایتُ وجهَ رسولِ اللّٰه ﷺ یتهلّل کانه مذهبة))(8)

''میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کا چہرۂ انور خوشی سے یوں کھل اُٹھا گویا وہ چمکتا ہوا سونے کا ٹکڑا ہے''۔

آپ ﷺ کی اس فکری و عملی تربیت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے خدمتِ خلق اور رفاہِ عامہ کو حرزِ جاں بنایا۔ خلفائے راشدین کا دور رفاہِ عامہ اور معاشرتی فلاح و بہبود کا بے نظیر دور ہے۔ یہ سب کچھ سرکارِ دو عالم ﷺ کی تربیت کا فیضان تھا۔

❷ رفاہی منصوبہ بندی کے لئے عملی اقدامات

عصرِ حاضر میں رفاہِ عامہ یا معاشرتی فلاح و بہبود ایک عام اصطلاح ہے۔ جدید جمہوری ریاستیں اپنے لئے رفاہی اور فلاح ریاست کا جو تصور پیش کرتی ہیں، ان میں بنی نوع انسان کی خدمت اور رفاہِ عامہ کی سرگرمیوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ رفاہِ عامہ یا معاشرتی فلاح و بہبود، جسے انگلش میں "Social Welfare" کہتے ہیں۔ ''انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا'' کے مطابق اس کے دائرہ عمل میں مندرجہ ذیل انیس امور شامل ہیں:

(1) اقلیتوں کا احترام۔

(2) معذور اور فاتر العقل افراد کی حفاظت۔

(3) عمر رسیدہ اشخاص کی نگہداشت۔

(4) غریبوں اور مسکینوں کی امداد۔

(5) جرائم پیشہ افراد اور اشخاص کی بحالی۔

(6) ایسے مریض میں جو جنسی امراض یا نفسیاتی مسائل کا شکار ہوں ان کا علاج۔

(7) خواتین کے حقوق۔

(8) منشیات کے استعمال کے خلاف اقدامات۔

(9) وہ افراد جو محرومیوں سے مغلوب ہوں ان کی دادرسی۔

(10) خاندان کے افراد کی عیادت کرنا۔

(11) زچہ و بچہ کی بہبود، یتامیٰ کی کفالت۔

(12) نوجوانوں کی بہبود۔

(13) دیہاتوں سے شہروں میں منتقلی کے مسائل۔

(14) ناگہانی حادثات سے بچاؤ۔ تراکیب اور امداد۔

(15) معاشرے کی مجموعی اعتبار سے ترقی

(16) نفسیاتی امراض کی روک تھام۔

(17) تعلیمی میدان میں بہبود۔

(18) مہاجرین کی آبادکاری اور امداد۔

(19) بھکاریوں کے مسئلہ کا حل (9)

مندرجہ بالا امور، جن پر عصر حاضر میں رفاہِ عامہ کی بنیاد قائم ہے، ان کو ہم جب سیرت النبی ﷺ اور اسوۂ حسنہ کی روشنی میں دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ رفاہِ عامہ اور معاشرتی فلاح و بہبود کا آغاز آج سے چودہ سو سال قبل ہو گیا تھا جب رسول اللہ ﷺ نے اخوت و مساوات، تعاون و ہمدردی اور رفاہِ عامہ کے فکری و تربیتی اقدامات کے ساتھ ساتھ عملی اقدامات فرما کر، ایک فلاحی و رفاہی ریاست کا نظام تشکیل دیا۔ نیز اسی رفاہی منہاج پر خلفائے راشدین نے ایک فلاحی و رفاہی ریاست کا نظام تشکیل دیا۔ جس میں مندرجہ بالا انیس موضوعات سے بڑھ کر موضوعات اور امور شامل تھے، جن میں فقط انسانوں کی فلاح و بہبود ہی نہیں بلکہ حیوانوں کے لئے بھی ایسے اقدامات کئے گئے کہ جس سے حقیقی رفاہی و فلاحی نظام کا پتہ چلتا ہے۔

ذیل میں چند بنیادی امور کی نشاندہی کی جاتی ہے کہ جس سے رسول اللہ ﷺ کی رفاہی منصوبہ بندی کا عملی نقشہ سامنے آ سکے اور عصر حاضر میں اس سے استفادہ کیا جا سکے۔

i- روزگار کی فراہمی و بحالی کے ادارے

ہر مذہب وملت نے اپنے ماننے والوں کو تلقین کی ہے کہ وہ اپنے دینی بھائیوں کی مدد کریں۔ لیکن اسلام نے اسے بطور خاص اتنی اہمیت دی کہ عبادت کی ادائیگی کو معاملات میں حسن ادائیگی کا ذریعہ قرار دیا۔ دراصل فقر وافلاس اور ناداری ومحتاجی انسان کو ذلت ومسکنت کے پست گڑھے میں گرادیتی ہے اور انسان کی انسانیت پر بدنما داغ بن کر اسے ہمیشہ احساس کمتری میں مبتلا رکھتی ہے، جس کی وجہ سے انسان کی تخلیقی صلاحیتیں تباہ ہوجاتی ہیں۔ اس لئے جب ایک شخص نے سوال کیا تو آپ ﷺ نے اس کو کچھ عطا کرنے کی بجائے اس کو باروزگار بنانے کی ترجیح دی۔

امام ابوداؤد، امام ابن ماجہ، امام ترمذی رحمہم اللہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ:

> ''انصار میں سے ایک شخص سائل کی حیثیت سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تیرے گھر میں کوئی چیز ہے؟ اس نے عرض کیا، ہاں ایک بچھونا ہے، جس کا کچھ حصہ ہم اوڑھ لیتے ہیں اور کچھ بچھا لیتے ہیں اور ایک پیالہ ہے جس سے ہم پانی پیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہ دونوں چیزیں میرے پاس لے آؤ۔ وہ شخص دونوں چیزیں لے کر آ گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے دونوں چیزیں اپنے ہاتھ میں لے کر فرمایا کہ یہ دونوں چیزیں کون خریدے گا؟ ایک شخص نے کہا میں دونوں چیزیں ایک درہم کے عوض خریدتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کوئی ایک درہم سے زیادہ بولی دیتا ہے؟..... آپ ﷺ نے دو یا تین بار یہ بات دہرائی۔ ایک شخص نے کہا کہ میں یہ دونوں چیزیں دو درہم کے عوض لیتا ہوں۔ آپ ﷺ نے اسے دونوں چیزیں دو درہم کے عوض دے دیں۔ آپ ﷺ نے دو درہم انصاری کے حوالے کئے اور فرمایا کہ ان میں سے ایک کا غلہ خرید کر گھر والوں کو دو اور دوسرے کا کلہاڑا خرید کر میرے پاس لے آؤ۔ اس نے ایسا ہی کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے کلہاڑا لے کر اس میں دستہ جمایا، نیز ارشاد فرمایا کہ جاؤ لکڑی کاٹو اور بیچو اور میں تمہیں پندرہ دن تک نہ دیکھوں۔ وہ شخص چلا گیا۔ لکڑی کاٹتا اور بیچتا رہا اور جب آیا تو دس درہم کما چکا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ان میں

سے چند درہموں کا غلہ اور چند کے کپڑے خرید لو۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا ایسا (خود کما کر کھانا) تیرے لئے بہت بہتر ہے بہ نسبت اس کے کہ قیامت کے روز اس حال میں آئے کہ تیرا دوسروں سے مانگنا تیرے چہرے پر داغ کی طرح نمایاں ہو" (10)۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ روزگار کی فراہمی اور بے روزگار افراد کی بحالی سربراہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اور ایسے افراد کے لئے ملازمت کے مواقع پیدا کرنا اور انہیں باروزگار بنانا، دراصل رفاہی وفلاحی کام ہے۔

ii- یتیموں کی کفالت اور خدمت

وہ کمسن بچہ جو باپ کے سایہ محبت سے محروم ہے، جماعت کے ہر رکن کا فرض ہے کہ اس کو اپنی آغوش محبت میں لے، اس کو پیار کرے، اس کی ہر طرح خدمت کرے، اس کی متروکہ مال واسباب کی حفاظت کرے، اس کی تعلیم وتربیت کی فکر رکھے اور یتیم لڑکیوں کی حفاظت اور ان کی شادی بیاہ کی مناسب فکر کرے۔ یہ وہ رفاہی احکام ہیں کہ جو مکہ کا یتیم پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ لایا۔ فرمانِ نبوی ﷺ ہے:

((انا وكافل اليتيمِ فى الجنةِ هكذا۔ واشار بالسبابته والوسطىٰ وفرج بينهما))(11)

"میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح اکٹھے ہوں گے اور آپ ﷺ نے سبابہ انگلی اور درمیانی انگلی کے درمیانی فرق کی طرف اشارہ فرمایا"۔

آنحضرت ﷺ کی تعلیمات نے عرب کی فطرت بدل دی۔ وہی دل جو بے کس وناتواں یتیموں کے لئے پتھر سے زیادہ سخت تھے، موم سے زیادہ نرم ہوگئے۔ ہر صحابی کا گھر ایک یتیم خانہ بن گیا۔ ایک ایک یتیم کے لطف و شفقت کے لئے کئی کئی ہاتھ ایک ساتھ بڑھنے لگے۔ جنگِ بدر کے یتیموں کے مقابلہ میں جگر گوشہ رسول ﷺ فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا اپنے دعویٰ کو اٹھا لیتی ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے خاندان اور انصار وغیرہ کی یتیم لڑکیوں کو اپنے گھر لے جا کر دل وجان سے پالتی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا یہ حال ہے کہ وہ کسی یتیم بچہ کو ساتھ لئے بغیر کبھی کھانا نہیں کھاتے (12)۔ حقیقت یہ ہے کہ معاشرہ کے ان پسماندہ افراد کے لئے جو تعلیمات

اور عملی کردار سرکارِ دو عالم ﷺ نے دُنیا کے سامنے پیش کیا، انسانیت کو آج اس اسوۂ حسنہ کی تقلید کی جس قدر ضرورت ہے شاید پہلے کبھی نہ تھی۔

❸ حاجت مندوں کی خدمت

ہر انسان خواہ وہ کسی قدر صاحب دولت اور بے نیاز ہو، کسی نہ کسی وقت اس پر ایسی افتاد آن پڑتی ہے کہ اس کو دوسروں کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس لئے رفاہِ عامہ کے لئے انسانی جذبہ کے تحت کسی کی مدد کرنا بڑا نیکی و بھلائی کا کام ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

((من كان فى حاجة اخيه كان الله فى جاجتهٖ ومن فرج عن مسلم كُربةً فرج الله عنه كربةً مِن كرباتِ يوم القيٰمة))(13)۔

''جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرنے میں کوشاں رہا تو خدا تعالیٰ اس کی ضرورت پوری کرنے میں لگا رہے گا، اور جو کسی مسلمان کی ایک مصیبت دُور کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی مصیبت دُور کر دے گا''۔

ایک مرتبہ ایک عورت مکہ کی ایک گلی سے گزر رہی تھی۔ اس کے سر پر اتنا بوجھ تھا کہ وہ بمشکل قدم اُٹھا سکتی تھی۔ لوگ اس کا تمسخر اُڑانے لگے۔ حضور ﷺ کہیں قریب ہی تھے۔ آپ ﷺ عورت کو مشکل میں دیکھ کر فوراً آگے بڑھے اور اس کا بوجھ خود اُٹھا کر اس کی منزل پر پہنچا دیا۔

اسی طرح سیرت میں ایک اور واقعہ ملتا ہے کہ ایک دن حضور ﷺ ایک گلی سے گزر رہے تھے کہ ایک اندھی عورت ٹھوکر کھا کر گر پڑی۔ لوگ اسے گرتے دیکھ کر ہنسنے لگے، لیکن آپ ﷺ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ آپ ﷺ نے اس عورت کو اُٹھایا اور اس کے گھر پہنچا دیا۔ اس کے بعد حضور اکرم ﷺ روزانہ اس عورت کے گھر کھانا لے جاتے تھے۔

ایک دن سرورِ کائنات ﷺ نے دیکھا کہ ایک غلام آٹا پیس رہا ہے اور ساتھ ہی درد سے کراہ رہا ہے۔ آپ ﷺ اس کے قریب گئے تو معلوم ہوا کہ وہ بیمار ہے لیکن اس کا ظالم آقا اس کو چھٹی نہیں دیتا۔ آپ ﷺ نے اس کو آرام سے لٹا دیا اور سارا آٹا خود پیس دیا، پھر فرمایا جب تم کو آٹا پیسنا ہو تو مجھے بلا لیا کرو(14)۔

❹ صحتِ عامہ کے ادارے

آج کل رفاہِ عامہ اور معاشرتی فلاح و بہبود میں صحتِ عامہ کے اداروں کا بڑا عمل دخل ہے۔ سیرت النبی ﷺ اور آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے حفظانِ صحت کے جو اصول وضع کئے اور متعدی امراض کے خلاف جو مدافعتی تدابیر بیان فرمائیں، وہ آج بھی طب جدید کے ماہرین کے لیے حیرت و استعجاب کا باعث ہیں۔ جادوٹونہ، بھوت پریت اور دیگر اوہام باطلہ میں گرفتار معاشرے میں، آپ ﷺ نے سب سے پہلے باقاعدہ علاج معالجہ کی طرح ڈالی۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((ما انزل اللّٰه داءً الا انزل له شفاءً)) (15)

''ایسی کوئی بیماری نہیں جس کی اللہ تعالیٰ نے دوا پیدا نہ کی ہو''۔

آپ ﷺ بیمار کو طبیب حاذق سے علاج کرانے اور اسے پرہیز کرنے کا حکم دیتے تھے، نیز نادان طبیب کو علاج کرنے سے منع فرماتے اور اسے مریض کے نقصان کا ذمہ دار ٹھہراتے تھے۔ اسی طرح معاشرے میں جو اشخاص مسلمانوں کی ہمدردی، دعاؤں اور مدد کے حقدار ہیں، ان میں بیمار بھی شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خود بیمار کے ساتھ ہمدردی فرماتے ہوئے چند عبادات میں تخفیف و تاخیر اور کچھ کو ترک کرنے کی اجازت دی ہے۔ مثلاً جہاد، حج وغیرہ۔ بیمار کی مدد کرنا، اس کی عیادت کرنا، یہ بھی رفاہِ عامہ کے کاموں میں سے ہے۔ سرکار دو عالم ﷺ کا معمول یہ تھا کہ آپ ﷺ بیمار کی خدمت کرتے، اس کی عیادت کو جاتے، چاہے کوئی بچہ کیوں نہ ہو۔ آپ ﷺ مریض کے قریب بیٹھ جاتے اور بیمار کو تسلی دیتے اور اس کی ضرورت کو پورا کرتے۔ بخاری شریف میں ہے کہ:

((كان غلام يهودى يخدم النبى ﷺ فمرض فاتاه النبى ﷺ يعوده فقعد عند رأسه فقال له اَسلِم فنظر الى ابيه وهو عنده فقال اطع ابا القاسم فاَسلم فخرج النبىُّ ﷺ وهو يقال الحَمدُ للّٰهِ الذى انقذه من النار)) (16)

''ایک یہودی لڑکا نبی اکرم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ وہ بیمار ہوا تو آپ ﷺ اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ آپ ﷺ اس کے سر کے پاس بیٹھے اور فرمایا: مسلمان ہو جاؤ تو وہ اپنے والد کی طرف دیکھنے لگا، تو اس کے والد نے کہا ابو القاسم کی

بات مان لو۔ وہ لڑکا مسلمان ہو گیا۔ حضور اکرم ﷺ یہ کہتے وہاں سے نکلے کہ سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اسے جہنم کی آگ سے بچالیا''۔

ایک اور حدیث میں فرمایا:

((اطعموا الجائعَ وَعُودوا المریضَ وفکّوا العَانی))(17)

''بھوکوں کو کھانا کھلاؤ، مریض کی عیادت کرو اور قیدیوں کو چھڑاؤ''۔

اس حدیث مبارکہ میں بھوکوں کو کھانا کھلانے، بیماروں کی عیادت کے علاوہ مظلوم قیدیوں کی رہائی کے لئے سماجی خدمت اور رفاہِ عامہ کے پروگرام کے تحت ''فری لیگل ایڈ کمیٹیوں'' کے قیام اور حقوق انسانی کے تحفظ اور فلاح کے لئے منظّم جدوجہد کا اشارہ ملتا ہے۔

❺ تعلیمی ادارے

عصر حاضر میں رفاہی خدمات کے سلسلے میں سب سے زیادہ زور جہالت کے خاتمے اور تعلیم کے فروغ پر دیا جاتا ہے۔ تمام عالم انسانیت اس میں کوشاں ہے کہ بنی نوع انسان کو علم کی ضیاء سے منور کیا جائے نیز دُنیا سے جہالت کی تاریکی ختم کی جائے۔ اقوام متحدہ کے ادارے اس سماجی و رفاہی کام میں لگے ہوئے ہیں۔ جب کہ رسول اللہ ﷺ نے بعثت کے وقت جو پہلا اعلان فرمایا وہ ناخواندگی کے خاتمے اور خواندگی کے فروغ کے بارے میں تھا۔ یہ معلّمِ صدق وصفا کی تعلیمات کا ہی نتیجہ تھا کہ عرب کی جاہل اور تہذیب ناآشنا قوم علم کی علمبردار اور علوم وفنون کی بانی بن گئی۔ آپ ﷺ فرمان ہے:

((طَلبُ العلِم فریضۃٌ علیٰ کُلّ مسلمٍ))(18)

''علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے''۔

((من خرج فی طَلبِ العلم فھو فی سبیل اللہ حتی یرجع))(19)

''جو علم کی راہ میں نکلا وہ اللہ کی راہ میں ہے جب تک کہ لوٹ نہ آئے''۔

تعلیم اور تعلیمی ادارے رفاہِ عامہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جہالت کی تاریکی کو مٹا کر علم کے نور سے

آشنائی انہی سے ہوتی ہے۔ اسی لیے رسول اللہ ﷺ نے علم اور تعلیم کو صدقہ جاریہ قرار دیا کہ یہ رفاہِ عامہ کا اہم ذریعہ ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

((اِذا مات الانسانُ انقطعَ عنهُ عمَلُه الامن ثلاثةٍ صدقه جارية وعلم يتنفع به واولاد صالح يَدعواله))(20)

''جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے عمل کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے سوائے تین چیزوں کے:

- ⊙ صدقہ جاریہ
- ⊙ ایسا علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔
- ⊙ نیک اولاد جو اس کے لئے دُعا کرے''۔

رسول اللہ ﷺ نے اُمتِ مسلمہ کی تعلیم و تربیت کے لئے باقاعدہ انتظام کیا۔ ہجرتِ مدینہ کے بعد سب سے پہلی مسجدِ نبوی ﷺ میں ''صفہ'' کے نام سے دُنیا کی سب سے پہلی اقامتی یونیورسٹی (Residential University) کی بنیاد رکھی۔ مختلف علاقوں میں مقرر والیوں اور گورنروں کے ذمہ یہ لگایا کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں لوگوں کی تعلیم کا انتظام کریں۔

❻ مہمان نوازی

مہمان نوازی (Hospitaality) بھی محتاج مسافر کی معاشی کفالت کا ذریعہ ہے۔ مسافر اپنے گھر میں غنی اور بے نیاز ہوسکتا ہے مگر سفر میں اس کی حالت قابل رحم ہوتی ہے۔ بالخصوص وہ مسافر جو سفر کی تھکن سے چور ہو جائے، یا اس کا سفر خرچ ختم ہو جائے، اور وہ با آسانی اپنی منزل مقصود تک نہ پہنچ سکے۔ نبی کریم ﷺ ایسے مسافروں کے لئے بلاتمیز مسلم و کافر، بہت بڑا سہارا تھے۔ آپ ﷺ ان کی مہمان نوازی کر کے ان کی بھوک پیاس دُور کرتے اور آرام مہیا فرما کا ان کی تھکن دُور فرماتے۔

ایک دفعہ ایک کافر مہمان بن کر آیا۔ آپ ﷺ نے ایک بکری کا دودھ اسے پلایا، وہ پی گیا۔ پھر دوسری بکری کا دودھ پلایا وہ بھی پی گیا۔ غرض آپ ﷺ نے سات بکریوں کا دودھ اسے پلایا اور وہ پی گیا، مگر آپ ﷺ تنگ نہ ہوئے۔ ایک دفعہ غفار قبیلہ کا ایک شخص آ کر آپ ﷺ کا مہمان ٹھہرا۔ اس رائے کا شانہ نبوی ﷺ میں صرف ایک بکری کا دودھ تھا، چنانچہ خانہ نبوی ﷺ کے تمام افراد بھوکے سوئے حالانکہ اس سے پہلی رات بھی فاقہ تھا(21)۔

آپ ﷺ بنفس نفیس راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر مہمانوں کی خبر گیری فرمایا کرتے تھے۔ ان واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ عصر حاضر میں مسافرت اور سفر کے لئے ہر قسم کی سہولتیں پیدا کرنا، رفاہِ عامہ کے کاموں میں سے ہے۔ صحابہ کرام، خصوصاً خلفائے راشدین کے عہد میں سفر کی مختلف سہولتیں مثلاً سڑکیں، کنویں اور سرائیں بنائی گئیں تا کہ مسافروں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اور وہ آرام وسکون سے سفر کر سکیں۔

❼ امانت اور قرض

امانت (Trust) معاشی رفاہیت (Economic Welfare) کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ نبی کریم ﷺ بلا معاوضہ لوگوں کی امانتوں کی حفاظت فرمایا کرتے تھے۔ آپ ﷺ کی امانت اور دیانت کا یہ عالم تھا کہ آپ ﷺ کے جانی دُشمن بھی آپ ﷺ کی امانت داری کے معترف تھے اور اپنی امانتیں آپ ﷺ کے پاس رکھتے تھے۔ امانت بھی رفاہِ عامہ کا ایک ادارہ ہے۔ جس شخص کے پاس امانت رکھی جا رہی ہے اگر وہ امانت دار ہے تو پورا معاشرہ اس پر اعتماد کرے گا۔

قرض اور عاریت کے ذریعے بھی رفاہی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ جو لوگ ضرورت مند ہیں، دوسرے لوگ جو مال دار ہیں ان سے مدد طلب کریں اور مالدار افراد کے لئے ضروری ہے کہ وہ قرض یا عاریت سے رفاہِ عامہ کے نقطہ نظر سے اپنے بھائیوں کی خدمت کریں۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

((ینبغی لعبدٍ ان یاتی اخاہ یسأله قرضًا وهو یجده فیمنع))(22)

''کسی بندہ کے لئے یہ مناسب نہیں کہ اس کا بھائی اس سے قرض مانگنے آئے اور وہ اس کو دینے کی گنجائش رکھتا ہو، پھر وہ اس سے انکار کر دے''۔

❽ اسلامی ریاست ایک رفاہی ادارہ

اسلامی ریاست ایک ایسی ریاست ہے جو کہ تمام انسانوں کی بھلائی کے لئے معرض وجود میں آئی ہے۔ اس کے پیش نظر یہ ہوتا ہے کہ بلا تخصیص رنگ ونسل، زبان وعلاقہ تمام انسانوں کی بھلائی وخیر خواہی کرے۔ اور یہ کہ اسلامی حکومت دستور اور اخلاقاً دونوں طرح اپنے شہریوں کی فلاح و بہبود کے علاوہ بنیادی ضروریاتِ زندگی کی

ضمانت دینے کی پابند ہے۔ اسلامی ریاست کا امتیازی وصف یہ ہے کہ وہ رفاہِ عامہ اور کفالتِ عامہ کی ذمہ داری لیتی ہے۔ جناب رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشادِ گرامی بحیثیتِ سربراہ مملکتِ اسلامیہ کے لئے ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ:

((انا اول بالمومنین من انفسھم فمن توفیٰ وعلیہ دین فعلیّ قضائہ ومن ترك مال فلِوَر ثتہٖ))(24)

''میں مسلمانوں کے لئے ان کی جانوں سے زیادہ قریب ہوں، لہذا جو شخص مرجائے اور قرضہ چھوڑ جائے، اس کی ادائیگی میرے ذمہ ہے اور جو کوئی مال چھوڑ کر مرے تو وہ اس کے وارثوں کے لئے ہوگا''۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ شریعت نے اسلامی ریاست کو اپنے تمام شہریوں کا ولی (سرپرست) قرار دیا ہے۔ سرپرستی کا ایک تقاضا یہ ہے کہ ان افراد کی بنیادی ضروریات کے علاوہ رفاہِ عامہ کے لئے ہر ممکن کوشش کرے۔ ارشاد ہوتا ہے:

((اللّٰہ ورسُولہٗ مولیٰ مَن لا مولیٰ لہ)) (24)

''اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس کے سرپرست ہیں جس کا کوئی ولی (سرپرست) نہ ہو''۔

ایک دوسرے ارشادِ گرامی میں فرمایا کہ:

((السّلطان ولُّی مَن لا ولی لہ))(25)

'سلطان (سربراہ حکومت) اس کا سرپرست اور ذمہ دار ہے جس کا کوئی سرپرست نہ ہو'

عہدِ نبوی ﷺ میں ''اوقاف'' بھی بیت المال کی آمدنی کا ایک اہم ذریعہ تھا۔ ''وقف'' سے مراد وہ اشیاء منقولہ یا غیر منقولہ ہیں جو ذاتی ملکیت سے نکال کر ''فی سبیل اللہ'' دے دی جائیں۔ اسلام کے معاشی نظام نے اس کے اجراء اور توسیع کے لئے بہت زیادہ ترغیب دی ہے۔ حضور ﷺ کے ارشادات سے ''وقف'' کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ:

''جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے تمام عمل ختم ہو جاتے ہیں، مگر تین مستثنیٰ ہیں، ایک صدقہ جاریہ، دوسرا علم نافع، تیسرا نیک اولاد، جو اس کے لئے ہر وقت دُعا کرتی ہے''(26)

اوقاف کی آمدن سے رفاہِ عامہ کے کاموں میں مدد لی جاتی ہے۔ بے سہارا یتیم لڑکیوں کی شادہ بیاہ کا بندوبست کیا جاتا اور ایسے افراد جو شادی کی مالی استطاعت نہ رکھتے ہوں، ان کی مدد کی جاتی۔ اپاہجوں اور معذوروں کی معاشی کفالت کرنے، غریب مریضوں کا علاج کرانے، مقروض لوگوں کے قرض ادا کرنے میں اوقاف کی آمدنی استعمال ہوتی تھی۔

الغرض سرورِ کائنات ﷺ، رحمتِ مجسم ﷺ کی سیرت طیبہ کا اعجاز ہے کہ انسانی ہمدردی اور خدمتِ خلق سے متعلق آپ ﷺ کی پاکیزہ تعلیمات اور آپ ﷺ کا اسوۂ حسنہ پوری تہذیب انسانی کی توجہ کا مرکز ہے۔ موجودہ دَور میں تمام اقوامِ عالم آپ ﷺ کے ارشاداتِ عالیہ کی روشنی میں سماجی بہبود اور رفاہِ عامہ کے منصوبے تشکیل دینے پر مجبور ہیں۔ جدید ریاستوں نے تدریجاً ایک فلاحی و رفاہی تصور پیدا کیا۔ مگر تاریخ دان اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ فلاحی و رفاہی ریاست تشکیل دینے والے اور اس کو روبہ عمل لانے والے پہلے مدبر محسن انسانیت، رحمتِ مجسم ﷺ کی ذاتِ اقدس ہے۔

عہد حاضر میں رفاہی منصوبہ بندی کی ضرورت

رفاہ عامہ اور معاشرتی فلاح و بہبود کا مطلب، اجتماعی مسائل اور کوششوں کو اس طرح بروئے کار لانا ہے کہ سب کی زندگی کی بنیادی ضرورتیں پورے ہوئے بغیر نہ رہیں۔ کوئی بے خانہ و بے خانماں نہ رہے۔ حالت مرض میں مریض کو محروم دوا نہ رہ جائے۔ جہالت، ذہن و دل کی تاریک ہے۔ اجتماعی کوششوں سے اسے ضیائے علم سے دور کیا جائے اور کوئی بلاوجہ شمع علم و عرفان سے محروم نہ رہنے دیا جائے۔

خدمتِ خلق و رفاہِ عامہ کا مروجہ تصور انیسویں صدی عیسوی کے بدلتے ہوئے حالات کی پیداوار ہے۔ یہی تصور آج کے بیشتر ترقی یافتہ ممالک میں مختلف صورتوں میں اور مختلف ضابطوں کی صورت میں نظر آتا ہے۔ آج کی دُنیا انسان سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔ انسان کی فلاح و بہبود کے لئے لاتعداد پروگرام وضع کئے گئے ہیں۔ بین الاقوامی ادارے (U.N.O) کا نعرہ یہ ہے کہ سارے عالم سے بھوک، جہالت، بیماری کو ختم کر دیا جائے۔ اس ادارے کی بے شمار شاخیں انسانیت کی فلاح کے لئے کام کر رہی ہیں۔ جدید جمہوری ریاستیں اپنے لئے فلاحی و رفاہی ریاست کے نام سے موسوم ہونا پسند کرتی ہیں۔ نیز حقوق انسانی کے تحفظ اور ان کی ادائیگی کو فرض

قرار دیتی ہیں۔ نظام سرمایہ داری اور نظام اشتراکیت نے بھی رفاہی نظام کو اپنانے کی کوششیں کیں، مگر ان کا یہ رفاہی نظام محدود طبقے تک محدود رہا۔ نظام سرمایہ داری کے ہاں فلاحی و رفاہی تصور امراء تک محدود رہا جب کہ نظام سوشلزم نے کسی حد تک رفاہی نظام کو کامیاب بنانے کی کوشش کی مگر ان کے ہاں یہ نظام انسانیت کے لئے اس قدر مہنگا ثابت ہوا کہ انسانیت سے اس کا فطری حق ''حق ملکیت'' چھین لیا گیا۔ بہر حال دونوں نظام اپنے ہاں رفاہی و فلاحی تصور کے دعویدار ہیں۔

رفاہِ عامہ اور خدمتِ خلق کا تصور تعلیمی سطح پر ایک باقاعدہ سائنس کا درجہ اختیار کر چکا ہے۔ سماجی خدمات کا شعبہ دُنیا بھر کے ممالک میں ایک اہم ریاستی ذمہ داری کے طور پر کام کر رہا ہے۔ عہدِ حاضر میں جب کہ ایک طرف سائنسی و تیکنیکی علوم میں حیرت انگیز ترقی کے سبب صنعت و زراعت اور تجارت کو بے حد فروغ حاصل ہوا ہے، اس قدر رفاہی نظام اور رفاہی ادارے کام کر رہے ہیں اور دوسری طرف بے کاری اور بے روزگاری، فقر و فاقہ، بے چینی، بدامنی اور اضطراب میں بھی اسی نسبت سے اضافہ ہوا ہے۔ اس صورت حال نے بے شمار معاشرتی، اقتصادی، تہذیبی اور ثقافتی و تمدنی مسائل کو جنم دیا ہے۔ اس صورت نت نئے مسائل کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری ہو گیا ہے۔ یورپ کے صنعتی انقلاب کے بعد شہر بڑی بڑی صنعتوں کے مرکز بنتے چلے گئے اور دیہاتی آبادی ذرائع روزگار کی تلاش میں دیہاتوں سے شہروں میں منتقل ہوتی چلی گئی۔ آبادی کی یہ نقل مکانی اس وسیع پیمانے پر ہوئی کہ شہر ہر قسم کے مسائل کی آماجگاہ بن گئے۔ رہائش، خوراک، لباس، ٹرانسپورٹ، تعلیم اور علاج کے لاتعداد مسائل اٹھ کھڑے ہوئے۔ اسی طرح مغرب کے بعد جب مشرق نے بھی صنعتی میدان میں قدم رکھا تو یہاں بھی یہی صورتحال پیدا ہو گئی۔ ان حالات میں فلاح عامہ کے لئے ایسے اداروں کی ضرورت میں اضافہ ہوا ہے کہ ان مسائل کو حل کیا جائے۔ فلاح عامہ کے لئے رفاہِ عامہ کے ادارے تشکیل دیئے گئے کہ انسانیت کی تعمیر میں مددگار ثابت ہوں۔

آج جب کہ پوری دُنیا، غربت و افلاس، جہالت و جاہلیت اور بدامنی و عدم سکون کا شکار ہے، مادیت کا غلبہ ہے جب کہ روحانیت مفقود ہے، ایسے حالات میں سماجی خدمت اور رفاہِ عامہ کی بدولت انسانیت کی فلاح کے لئے کوشش کرنا بہت بڑی نیکی ہے۔ چنانچہ اسوۂ حسنہ کی روشنی میں ایسا نظام تشکیل دیا جائے جس سے انسانیت کی تعمیر ہوتی ہو۔ اس موقع پر ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ:

''سرمایہ دارانہ نظام عام رفاہیت کا صرف خواب دکھاتا ہے، سوشلزم اس کی تعبیر بتانے کی کوشش کرتا ہے، جب کہ اسلام اس کی عملی شکل پیش کرتا ہے''۔

حواشی وتعلیقات

(1) بخاری ، کتاب الوحی ، باب کیف کان بد ء الوحی۔ رقم حدیث :3

(2) بخاری ، کتاب الایمان ، باب ای الاسلام افضل۔رقم حدیث :12

(3) مشکوٰۃ ، کتاب الاداب۔وکنزالعمال فی سنن الاقوال والافعال 128/16

(4) مشکوٰۃ ، کتاب الاداب ، باب الشفقه و رحمة على الخلق 613/2 و طبرانی ، المعجم الأوسط حدیث:5541

(5) بخاری ، کتاب الأدب باب السّاعی علی المسکین رقم حدیث :5548

(6) الترمذی ، ابواب البروالصله ' باب ما جاء فی رحمه و کفاله 106/8 ۔

(7) مشکوٰۃ ، کتاب الاداب ، باب الشفقه و رحمة على الخلق 613/2 ۔
بخاری ، کتاب الاحکام ، باب من استر علی رعیة فلم ینصح ۔

(8) مسلم ، کتاب الزکاۃ ، باب الحث علی الصدقه 327/1 ۔

(9) انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، مطبع لندن، 421/29۔

10) سنن ابی دائود ، کتاب الزکاۃ ، باب ما یحوز فیه المسألة۔

(11) بخاری ، کتاب الآداب ، باب فضل من یعول یتیما۔

(12) سید سلیمان ندوی ''سیرت النبی ﷺ'' ادارہ اسلامیات لاہور، 1982ء، 249/6۔

(13) بخاری ، کتاب المظالم والغصب ، باب لا یظلم المسلم المسلم

(14) ساجد الرحمٰن صاحبزادہ، پیغمبر اخلاق، ادارۂ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، ص120۔

(5!) بخاری ، کتاب الطب ، باب ما انزل اللّٰہ داء الاانزل اللّٰہ شفاء۔

(16) بخاری ، کتاب الجنائز ، باب عیادۃ المشرک۔

(17) بخاری، کتاب الأطعمۃ باب قول اللّٰہ تعالیٰ کلوا من طیبات.....

(18) ترمذی ، کتاب العلم عن رسول اللّٰہ باب فضل طلب العلم۔

(19) سنن ابن ماجه ، المقدمه باب فضل العلماء والحث على طلب العلم

(20) مسلم ، کتاب الوصایا ، باب ما یلحق الانسان من الشواب بعد وفاتہ 73/5

(21) احمد بن حنبل ، مسند ، 397/6 .

(22) طبرانی ، المعجم الکبیر 279/7 رقم حدیث :7878

(23) بخاری ، کتاب النفقات ، باب قول النبی ﷺ من ترک کلا اوضیاعا.....

(24) ترمذی ، ابواب الفرائض، باب ما جاء فی میراث المال

(25) ترمذی ، ابواب النکاح ، باب ما جاء لا نکاح الابولّیٍ

(26) مسلم ، کتاب الوصایا ، باب ما یلحق الانسان من الشواب بعد وفاتہ 73/5

جزیہ: (مفہوم صغار کا جائزہ)

* ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی

اسلام نے جزیہ کو وسیلۂ تذلیل کے طور پر نہیں بلکہ اصلاح حال اور رحمت کی حیثیت سے پیش کیا ہے۔ دراصل یہ بنی نوع انسان کی خدمت اور حفاظت کی خاطر کیے گئے ان اقدام کا حصہ ہے جن سے دیگر مذاہب کے لوگ استفادہ کر سکتے ہیں اور مسلمانوں کے ساتھ ان کے معاشرے اور اسلامی سلطنت میں امن و آشتی کے ساتھ زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

بعض معاصر مصنفین نے غیر مسلموں کے لیے جزیہ کی ادائیگی کو دوسری نظر سے دیکھا اور جزیہ کو ان (غیر مسلموں) کے لئے تذلیل وسزا کا باعث قرار دیا ہے۔ انہوں نے قرآن کی آیت ﴿قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ﴾ (1) میں مسئلہ صغار کو موضوع خاص بنایا اور بعض فقہاء کے اصل انداز فکر کی بجائے ان کی آراء کے کسی حصہ کو لے کر غلط نتائج اخذ کیے۔ بعض دیگر علماء نے مسئلہ صغار میں یہ تشریح کی کہ یہ حالات کے ساتھ مطابقت کے حوالہ سے ہے اور دراصل یہ اُن غیر مسلموں کے لیے مخصوص رویہ اور سزا ہے جو کہ مسلمانوں کے خلاف ہمہ وقت سازش میں مصروف عمل ہوں جارح و جنگجو ہوں اور اسلام کو ختم کرنے کے درپے ہوں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا کہ: ﴿يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ﴾ (2) ''یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کی روشنی کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں''۔ اور ﴿وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً﴾ (3) ''اور مشرکین سے تم سب مل کر لڑو جس طرح وہ سب مل کر تم سے لڑتے ہیں''۔

اس تعبیر و تشریح سے انکار نہیں لیکن جزیہ کو اہل ذمہ کی اہانت اور ذلت کا باعث سمجھنا بھی درست نہیں نیز یہ

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ حدیث و سیرت، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

تصور بھی درست نہیں کہ یہ ذلت واہانت ان کے لیے اسلام کی طرف راغب ہونے کا سبب بنے گی اس لیے کہ اسلام کی طرف دعوت کے اسلوب کی اساس قرآن مجید کی آیت ﴿اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ﴾(4) ہے نہ کہ اہانت وذلت کے ذریعہ مجبور کرنے پر۔

جزیہ کی مشروعیت سے (اسلام کا) مقصود حصول مال نہیں بلکہ اچھے طریقوں سے لوگوں کو دین کی طرف بلانا ہے کیونکہ اس جزیہ کے بدلہ میں تو ان سے جنگ ترک کر دی جاتی ہے تا کہ وہ مسلمانوں کے درمیان رہیں دین اسلام کی خوبیوں سے آشنا ہوں، اسے وعظ ونصیحت سننے کا موقع ملے شاید کہ وہ اسلام لے آئے۔

مسئلہ صغار کا، اصل مآخذ قرآن وسنت اور اس کے عملی مظاہر یعنی سیرت طیبہ وآثار صحابہ کی روشنی میں جائزہ لیا جائے اور جمہور فقہاء کے اصل انداز فکر کو دیکھا جائے تو یہ اشکال سرے سے رفع ہو جاتا ہے اور واضح نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جزیہ غیر مسلموں کو آزار پہنچانے اور ان کی تذلیل کے لیے نہیں بلکہ ان کی حفاظت وتکریم کا ایک ذریعہ ہے۔

ذیل کے صفحات میں آیت جزیہ سے متعلق قرآن وسنت اور آثار صحابہ اور فقہاء کی آراء کی روشنی میں جائزہ لیا گیا ہے تا کہ مذکورہ بالا شبہات کو رفع کیا جا سکے۔

جزیہ کا معنی ومفہوم

عربی لغت میں جزیہ کا مادہ ج۔ز۔ی ہے جس میں کفایت کر جانے، پورا کر لینے، کافی ہو جانے اور بدلہ وغیرہ کے معنی پائے جاتے ہیں۔ عربوں میں جزی یجزی جزیۃ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی آدمی اپنی طرف سپرد کیے گئے کام کو بخوبی ادا کر دے چنانچہ لفظ ''جزیہ'' کا مفہوم عربی وزن ''فعلۃ'' پر مجازات کے معنی میں ہے یعنی جو امن وامان انہیں فراہم کیا گیا اس کے بدلہ میں انہوں نے کفایت کی اور بدلہ دیا(5)۔

ابن المطرز کا کہنا ہے کہ:

((هی من الاجزاء "لأنها تجزئ عن الذمی))(6)۔

''جزیہ'' عربی لفظ ''اجزاء'' سے ہے جس کے معنی ہیں کہ یہ مبلغ ذمی کی طرف سے کافی ہوگی''

ماوردی لکھتے ہیں۔

((اسمها مشتق من الجزاء،إمّا جزاءً على كفرهم لا خذها منهم صغارا وإمّا جزأً على أماننا لهم، لأخذها منهم رفقا)) (7)۔

''اس کی وجہ تسمیہ یہ ہوگی کہ یہ جزا ہے ان کے کفر پر باقی رہنے کی کہ جوان سے بطور صغار لی جاتی ہے۔ یا یہ بدلہ ہے ہماری (اسلامی) حکومت کی اس امان کا جو ہم انہیں فراہم کرتے ہیں اور یہ بدلہ جو کہ ان سے سہولت کے ساتھ وصول کیا جاتا ہے''۔

ابن قدامہ کے بقول:

((وهی فعلة من جزی یجزی اذا قضی، قال اللّٰه تعالی "واتقوا شیـ
"لا تجزی نفس عن نفس شیئا")) (8)۔

''لفظ جزیہ جزا سے ہے جس کے معنی بدلہ دینے کے ہیں، قرآن میں ہے کوئی نفس دوسرے کا فدیہ نہ دے گا، اس اعتبار سے جزیہ فدیہ کے معنوں میں ہے۔''

قبل از اسلام جزیہ کا تصور

مخصوص حالات میں دوسری اقوام کو اپنی عملداری میں داخل کرنا اور ان سے جزیہ لینے کا تصور سے شروع نہیں ہوا بلکہ امر واقع یہ ہے کہ انسانی تاریخ میں ہر غالب قوم نے مغلوب قوم سے خراج کیا۔ عہد نامہ جدید میں اس خراج کا ذکر یوں ہے:

''حضرت مسیح نے سمعان سے پوچھا، سمعان تمہیں معلوم ہے کہ زمین کے بادشاہ خراج و ج کرتے ہیں؟ اپنوں سے لیتے ہیں یا غیر اقوام سے۔ پطرس نے جواب دیا۔ غیروں سے'' (9)۔ اسی ط علیہم السلام نے بھی جب ظالم اقوام پر غلبہ پایا تو مغلوب قوم سے نہ صرف جزیہ لیا گیا بلکہ انہیں غلام بر حضرت یشوع نے کنعانیوں پر جب غلبہ حاصل کیا تو ان لوگوں کو غلام بنایا اور جزیہ بھی لیا (10)۔

قسطنطین کے قوانین میں بھی خراج کا ذکر ملتا ہے لیکانیٹس کی ایک عبارت میں بتایا گیا ہے کہ: ''محصول سر بچوں، بوڑھوں، بیماروں و اپاہجوں سے بھی ناجائز طریق پر وصول کیا جاتا تھا (11)۔

مولانا شبلی لکھتے ہیں کہ:

''نوشیروان کے دور میں لوگوں سے جزیہ وصول کیا جاتا تھا اور کہا جاتا تھا کہ جزیہ صرف ذمیوں کی حفاظت کا معاوضہ ہے اسی طرح عرب میں بھی اس کی صورتیں رائج تھیں (12)

[redacted] وجوب جزیہ:

[redacted] کے برعکس اسلام نے مفتوحین کے ساتھ ذلت اور ناانصافی کا سلوک نہیں کیا بلکہ انہیں اپنی شہری [redacted] افت میں آزادی کے ساتھ بود و باش کا حقدار بنایا چنانچہ جزیہ کو ایسے عقد کے طور پر رکھا جس [redacted] کی اقوام کے مابین ایک پختہ معاہدہ قرار پاتا ہے کہ مفتوح قوم ایک مخصوص رقم کے عوض اُن [redacted] ائے گی اور تمام معاشرتی سہولتوں کی تکمیل میں آزاد ہوگی۔ چنانچہ ذمہ کی اصطلاح سے ہی [redacted] اب ہر قسم کا نقص عہد حرام ہے اور ان کے ساتھ وفا و حفاظت کا ذمہ ہے۔ دوسری طرف [redacted] کے لئے ہے جو کہ مسلمانوں کے ساتھ قتال کرنے کے اہل ہیں یعنی جو مقاتلین نہیں ان [redacted] چنانچہ اخذ جزیہ کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

[redacted] لَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ [redacted] رَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ [redacted] وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴾(13)۔

[redacted] ں سے لڑو جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے جو اللہ اور اس کے [redacted] رام کردہ شے کو حرام نہیں جانتے، نہ دین حق کو قبول کرتے ہیں ان لوگوں میں سے [redacted] ناب دی گئی۔ یہاں تک کہ وہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔

[redacted] بت سے معلوم ہوتا ہے کہ جزیہ ہر عاقل بالغ مرد پر واجب ہے۔ مقاتلہ (از باب مفاعلہ) کا لفظ [redacted] ں قتال میں سے ہونے کو بیان کرتا ہے اس لیے شرعی مفہوم میں غیر اہل قتال وجوب جزیہ کے حکم میں [redacted] ں نہیں، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے کئی مواقع پر صحابہ کرامؓ کو عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے (14) حضرت عمرؓ سے بھی بچوں اور عورتوں سے جزیہ نہ لینا ثابت ہے۔ آپؓ نے اپنے فوجی سالاروں کو لکھا کہ:

((ان یقاتلوا فی سبیل اللّٰہ ولا یقاتلوا الامن قاتلھم ولا یقتلوا النسآء ولا الصبیان ولا یقتلوا الا من جرت علیہ الموسیٰ..... و ان یضربوا الجزیۃ ولا یضربوھا علی النساء ولا الصبیان ولا یضربوھا الا علی من جرت علیہ الموسیٰ)) (15)۔

''کہ وہ اللہ کی راہ میں جنگ کریں، عورتوں اور بچوں کو قتل نہ کریں اور صرف اس کو قتل کریں جو بالغ ہو، نیز ذمیوں پر جزیہ عائد کریں لیکن عورتوں اور بچوں پر جزیہ نہ لگائیں اور صرف ان لوگوں پر جزیہ لگایا جائے جو بالغ ہوں''۔

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ:

علماء اس بات پر متفق ہیں کہ جزیہ صرف ان بالغ آزاد مردوں سے لیا جائے گا جو کہ لڑائی کے قابل ہوں۔ عورتیں، بچے، غلام، مجنون اور بوڑھے اس سے مستثنیٰ قرار پائیں گے (16)

آیت جزیہ.....بعض شبہات کا ازالہ

آیت جزیہ ﴿قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ﴾(17) میں "عن ید" اور "وھم صاغرون" کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوئے بعض مفسرین اور فقہاء نے ایسی آراء پیش کی ہیں جن سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جزیہ ایک سزا ہے، نیز جزیہ لیتے وقت ذمیوں سے اہانت کا سلوک کرنا چاہیے۔ حالانکہ یہ تصور درست نہیں، اسلام اپنے بنیادی اصول و ضوابط کی روشنی میں اس تصور کو رد کرتا ہے نیز اکثر فقہاء و مفسرین نے آیت جزیہ کی جو شرحیں ذکر کی ہیں ان میں ذمیوں کی اہانت کا کوئی تصور موجود نہیں۔

مختلف مفسرین کے نزدیک ''عن ید'' سے مراد یہ ہے کہ:

① نقد ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں دینا۔

② وہ جزیہ لے کر خود چلتے ہوئے آئیں۔

③ جزیہ ادا کرنے والے جزیہ کھڑے ہو کر دیں اور لینے والا بیٹھ کر وصول کرے(18)۔

④ ادائیگی جزیہ کی قدرت ہو، لہٰذا جو عاجز ہوگا اور جسے قدرت نہ ہوگی اس سے جزیہ نہیں لیا جائے گا(19)۔

"وھم صاغرون" کا مفہوم

"الصغر" یہ الکبر کی ضد ہے دونوں الفاظ ایک دوسرے کے مقابلہ میں استعمال ہوتے ہیں۔عربی زبان میں یہ الفاظ کبھی قدر و منزلت کا مفہوم بیان کرتے ہیں اور کبھی حجم میں بڑے اور چھوٹے ہونے کے معنی دیتے ہیں(20)۔

قرآن مجید کی کئی آیات میں یہ مفاہیم موجود ہیں مثلاً:

﴿ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّ كَبِيْرٍ مُّسْتَطَر ﴾(21)۔

"اور ہر چھوٹی بڑی بات بھی لکھی ہوئی ہے"

﴿لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ﴾(22)۔

"جس نے کوئی چھوٹا بڑا بغیر گھیرے کے باقی ہی نہیں چھوڑا"

﴿ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ ﴾(23)۔

"اور نہ کوئی چیز اس سے چھوٹی اور نہ کوئی چیز بڑی"

﴿ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ ﴾(24)۔

"عنقریب ان لوگوں کو جنہوں نے جرم کیا ہے اللہ کے پاس پہنچ کر ذلت پہنچے گی"۔

مفسرین وفقہاء کے نزدیک صغار کا مفہوم

مختلف مفسرین وفقہاء کے نزدیک صغار سے مراد یہ ہے۔

⊙ ذمی جزیہ کی ادائیگی بایں طور کرے کہ وہ کھڑا ہو۔

- جزیہ لینے والا چل کر آئے (سواری پر نہ ہو) اور اس سے جزیہ لیتے وقت نرمی نہ کی جائے۔
- ان کا احترام نہ ہو رہا ہو۔
- ادائیگی جزیہ کے وقت ان کی تعریف نہ کی جائے(25)۔
- حنابلہ کے نزدیک ''صغار'' سے مراد یہ ہے کہ:

((جريان احكام الاسلام عليهم))(26)۔

''یعنی اس پر اسلامی ریاست کے قوانین لاگو ہوں گے''۔

- ابن قیم کے نزدیک صغار سے مراد ذمیوں پر قوانین کا جاری ہونا ہے(27)۔

تفسیر المراغی کے مطابق: ''اس سے مراد ان (اہل ذمہ) کا اسلامی احکام اور اس کی بالادستی کو زیر دست ہو کر قبول کرنا ہے۔

((المراد به هناالخضوع لاحكام الاسلام وسيادته التى بها تصغر انفسهم لديهم))(28)۔

فتح العزیز میں ہے:

((والصغار فى أصح الأقوال فى التفسير الأصحاب، التزام أحكام الاسلام و جريان حكمه عليهم))(29)۔

''مفسرین کے ہاں صغار کی تفسیر میں صحیح قول یہ ہے کہ اس سے مراد ان (اہل جزیہ) پر دارالاسلام کے قوانین کی پاسداری کرنا اور ان قوانین کی عملداری میں آنا ہے''۔

صغار کے مندرجہ بالا مفاہیم کی روشنی میں دو مختلف باتیں سامنے آتی ہیں۔

(ا) صغار سے مراد یہ ہے کہ غیر مسلم ذمیوں سے جزیہ وصول کرتے وقت ان کا احترام نہ کیا جائے بلکہ ایسے طریقے سے جزیہ وصول کیا جائے جس میں ان کا کمتر ہونا ظاہر ہو۔

(ب) صغار سے مراد یہ ہے کہ غیر مسلم (ذمیوں) پر اسلامی قوانین واحکام لاگو ہوں گے۔

ہمارے خیال میں دوسرا مفہوم ہی صغار کی راجح شرح ہے اور جمہور مفسرین وفقہاء نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ اس سلسلہ میں ابن القیم کا قول بہت اہمیت رکھتا ہے۔ چنانچہ وہ پہلے مفہوم کی تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

((وهذا كله مما لا دليل عليه ولا هو مقتضى الآية ولا نقل عن رسول اللّٰه ﷺ ولا عن الصحابة انهم فعلوا ذلك))(30)۔

''یہ ایک ایسی رائے ہے جس کی کوئی دلیل موجود نہیں، یہ مفہوم نہ ہی قرآنی آیت کا مقتضی ہے نہ اس کو آنحضرت ﷺ سے نقل کیا گیا ہے اور نہ ہی صحابہ سے متعلق یہ بات موجود ہے کہ انہوں نے کبھی ایسا کیا ہو''

یہ رائے نقل کرنے کے بعد وہ مفہوم ثانی کی تائید میں فرماتے ہیں:

((والصواب فی الآية ان الصغار هو التزامهم لجريان احكام الملة عليهم واعطاء الجزية فان التزام ذلك هو الصغار))(31)۔

''صحیح بات یہ ہے کہ صغار اسلامی ریاست کے قوانین کے لاگو ہونے کا نام ہے' نیز صغار سے مراد ان کا ٹیکس کی ادائیگی کی پابندی کرنا ہے''

شرح السیر الکبیر میں بعینہ یہی مفہوم نقل کیا گیا ہے:

((والصواب ان الصغار هو التزامهم بجريان احكا م الملة واعطاؤهم الجزية فان الالتزام بذلك هو الصغار)) (32)۔

امام شافعیؒ کے نزدیک صغار سے مراد یہ ہے کہ ان (ذمیوں) پر معاملات کے باب میں اسلامی احکام وقوانین لاگو ہوں گے یعنی ان کے ذمہ، دارالاسلام کے قوانیں کی پابندی ضروری ہوگی(33)۔ نیز آپ فرماتے ہیں کہ:

((وسمعت عددا من اهل العلم يقولون الصغار أن يجرى عليهم حكم الاسلام))(34)۔

''میں نے بہت سے اہل علم سے سنا ہے کہ صغار کے معنی اہل ذمہ پر قوانین کے جاری ہونے کے ہیں''۔

المبسوط میں ہے:

"المقصود من الجزية ليس هو المال، بل الدعاء الى الدين بأحسن الوجوه، لأنه بعقد الذمة يترك القتال أصلا، ولا يقاتل من لايقاتل ثم يسكن بين المسلمين فيرى محاسن الدين ويعظه واعظ فربما يسلم" (35)

امام شافعی اہل جزیہ کی اہانت کے تصور کو یکسر رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

((وإذا اخذ منهم الجزية اخذها باجمال ولم يضرب منهم احد ا ولم ينله بقول قبيح والصغار ان يجرى عليهم الحكم لا ان يضربوا ويؤذوا)) (36)

''اہلِ ذمہ سے جزیہ کی وصولی درست طریقہ پر ہوگی نہ تو انہیں مار پیٹ کی جائے گی نہ کوئی درشت کلامی ان سے کی جائے اور صغار کا مفہوم بس اتنا ہی ہے کہ ان پر قانون لاگو ہوتا ہے نہ کہ انہیں مارا جائے یا اذیت دی جائے''

مذکورہ بالا بحث کا نتیجہ اور خلاصہ یہ ہے کہ صغار کے معنی و مفہوم کے سلسلہ میں یہ رائے مرجوح ہے کہ ذمیوں کی توہین کی جائے اور انہیں حقیر سمجھا جائے۔

اہل جزیہ کی اہانت کا تصور: نظائر نبوی سے استفادہ

''صغار'' کے ذیل میں کی گئی بحث سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام میں جزیہ دینے والوں کی ذلت مقصود نہیں۔ یہاں ہم رسول اللہ ﷺ کی احادیث اور عملی نظائر نبوی سے اس بات کو واضح کریں گے کہ ذمی کی تذلیل و اہانت کو جائز نہیں کیا گیا بلکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ اہل جزیہ کے بارے میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ. اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ﴾(37)۔

''جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی نہیں لڑی اور تمہیں جلا وطن نہیں کیا ان کے ساتھ سلوک و احسان کرنے اور منصفانہ بھلے برتاؤ کرنے سے اللہ تعالی تمہیں نہیں روکتا بلکہ اللہ تعالی تو انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے''۔

آیت میں ''قسط'' کے ساتھ لفظ'' تبروھم'' آیا ہے جو کہ اعلی درجہ کے حسن سلوک کی طرف اشارہ ہے جس کا ذکر قرآن میں والدین کے لیے کیا گیا ہے (38) اور رسول اکرم ﷺ کی حدیث میں اس کو اخلاق کا اعلی درجہ قرار دیا گیا ہے ارشاد نبوی ﷺ ہے: ((البر حسن الحلق))(39)۔

اہل ذمہ سے حسن سلوک کے حکم کے ساتھ ساتھ دیگر کئی ایسی روایات ہیں جن میں اُن کے ساتھ ظلم وزیادتی سے باز رکھا گیا ہے چنانچہ ارشاد گرامی ہے:

((من آذی ذمیا فانا خصمه ومن کنت خصمه خصمته یو م القیامة))(40)

''جس نے کسی ذمی کو تکلیف دی تو میں روز قیامت اس کا مقابل ہوں گا اور جس کا مقابل میں ہوا اُسے زیر کروں گا''۔

((الامن ظلم معاهدا اوانتقصه او کلفه فوق طاقته فانا حجیجه یوم القیامة))(41)۔

''جس نے کسی عہد والے پر ظلم کیا یا اس پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالا تو میں قیامت کے دن اس (مظلوم) کا وکیل ہوں گا''۔

کتب سیرت وتاریخ میں اہل جزیہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے کئی معاہدات ومکاتیب مذکور ہیں جن سے اہل جزیہ کے ساتھ حسن معاملت کا پتہ چلتا ہے مثلا آپ ﷺ نے اہل نجران کو لکھا کہ:

''نجران اور اس کے ہمسایہ وحلیفوں کے لئے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ وامان ہوگا اس بات پر کہ ان کے مال وجان مذہب ان کے غیر موجود وموجود افراد اور ان کی عبادت گاہیں نیز جو کچھ تھوڑا یا بہت ان کے دست تصرف میں ہے وہ محفوظ رہے گا۔ کسی اسقف کو اس کے عہدہ سے تبدیل نہیں کیا جا سکے گا اور نہ کسی راہب کو اس کی رہبانیت سے ہٹایا جائے گا اور نہ کسی کاہن کو اس کی کہانت سے ہٹایا جائے گا اور ان پر کسی قسم کی ذلت نہیں طاری کی جائے گی''(42)۔

اہل جزیہ کے ساتھ نرمی ورعایت.....آثار صحابہؓ

اہل جزیہ کے ساتھ حسن معاملہ واحسان کا جوسلوک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، آپ ﷺ کے صحابہ نے بھی اس عمل کو اپنے ادوار میں جاری وساری رکھا چنانچہ حضرت عمرؓ جزیہ لینے کے لیے ذمیوں کی اہانت اور انہیں تکلیف دینے سے منع فرماتے تھے۔ایک مرتبہ شام کے کسی علاقے میں آپؓ نے کچھ لوگوں کو تکلیف وایذاء میں مبتلا دیکھا تو فرمایا کہ ان لوگوں کے ساتھ ایسا معاملہ کیوں کیا گیا؟ جواب میں کہا گیا کہ یہ لوگ جزیہ نہیں ادا کرتے اس لیے انہیں سزا دی جارہی ہے۔آپؓ نے مزید استفسار فرمایا کہ یہ کیا کہتے ہیں اور عدم ادائیگی کا کیا عذر پیش کرتے ہیں؟ جواب میں کہا گیا کہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس جزیہ دینے کے لیے کچھ نہیں۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ انہیں چھوڑ دو اور ان کی طاقت سے زیادہ ان پر بوجھ نہ ڈالو کیوں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''ہم لوگوں کو عذاب نہیں دیتے۔ جو افراد دنیا میں لوگوں کو عذاب میں مبتلا کرتے ہیں اللہ انہیں قیامت کے دن عذاب میں مبتلا کرے گا''(43)۔

حضرت عمرؓ، خاندان تغلب کے عیسائیوں سے جزیہ لینا چاہتے تھے جبکہ اس قبیلہ کے افراد (اسے کسر شان سمجھتے ہوئے) دیگر علاقوں میں منتشر ہوگئے۔ چنانچہ نعمان بن ذرعہ نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ بنوتغلب عرب ہیں جزیہ کو کسر شان سمجھتے ہیں۔ان کے پاس نقد مال وزر نہیں ہے بلکہ زمینیں اور مویشی ہیں۔اپنے دشمن کو زک پہنچانے اور تباہ کرنے میں یہ شہرت رکھتے ہیں۔آپ انہیں منتشر کرکے ان کے ذریعہ دشمنوں کو تقویت حاصل کرنے کا موقعہ فراہم نہ کریں۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے اس بات پر صلح کرلی کہ ان سے دگنا صدقے کے برابر لیا جائے گا(44)۔

حضرت عمرؓ کے فیصلے سے معلوم ہوا کہ ''وھم صاغرون ''کا وہ مفہوم جو جو ذلت کے معنوں میں لیا جاتا ہے درست نہیں وگرنہ حضرت عمرؓ، بنوتغلب کے جزیہ کی شکل کبھی تبدیل نہ کرتے۔آپؓ نے اُن پر لاگو جزیہ کی شکل صرف اس وجہ سے تبدیل کی کہ بنوتغلب اس طریقے کو شان کے خلاف سمجھتے تھے اور اپنی بے عزتی تصور کرتے تھے چنانچہ حضرت عمرؓ نے ان کے اس مزاج کی رعایت کرتے ہوئے جزیہ کی یہ شکل تبدیل کردی۔

ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کے پاس جزیہ کی مد میں کثرت سے مال آیا جس سے آپ کو شبہ ہوا کہ وصولی کرنے

والوں نے کہیں زیادتی نہ کی ہو چنانچہ آپؓ نے محصل سے استفسار فرمایا تو محصل کی طرف سے جواب ملا کہ اللہ کی قسم ہم نے ان کی سہولت اور خوشدلی کے ساتھ یہ سب کچھ وصول کیا ہے، آپؓ نے مزید سوال کیا کہ ''بغیر کوڑے مارے اور بغیر لٹکائے؟''، محصل نے جواب دیا، ''جی ہاں'' اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا! ''الحمدللہ''، جس نے مجھے اور میرے دور حکومت کو رعایا پر مظالم و تشدد سے محفوظ رکھا(45)۔ ایک مرتبہ آپؓ نے خراج کی وصولی میں کچھ وقت کی سہولت و رعایت دینے پر خوشی کا اظہار فرمایا(46)۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے عامل کو خراج کی وصولی میں یہ ہدایات فرمائیں کہ:

''دیکھو! خراج وصول کرنے کے لئے نہ تو ان کا گدھا فروخت کرنا اور نہ گائے، بیل، ان کی گرمی و سردی کی پوشاک بھی فروخت نہ کرنا، اس سے نرمی برتنا اور حتی الامکان ان کی سہولت مدنظر رکھنا'' (47)۔

جزیہ کی وصولی میں نرمی و تخفیف کے مذکورہ دلائل ذکر کرنے کے بعد ابوعبید لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کو آپ ﷺ کی سنت سے تقویت پہنچتی ہے جس میں آپ ﷺ نے اہل یمن کو لکھا تھا کہ ''ہر بالغ سے ایک دینار یا اس کے مساوی قیمت کی یمنی چادریں لی جائیں'' یہ عبارت صاف بتا رہی ہے کہ آپ ﷺ نے ان سے نقد دینار کے عوض کپڑے لے لئے تھے۔ یہ سب کچھ ذمیوں کو سہولت اور آسانی پہنچانے کے لئے کیا گیا تھا(48)۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جب دمشق فتح کیا تو اہل دمشق کے ساتھ جزیہ پر معاہدہ فرمایا اور لکھا کہ:

''اگر وہ جزیہ ادا کریں تو ان کے جان و مال اور عبادت گاہیں اور شہر، اللہ اور اس کے رسول اور خلفاء و مومنین کے ذمہ میں ہوں گے اور ان کے ساتھ سوائے خیر و بھلائی کے کوئی اور معاملہ نہیں کیا جائے'' (49)۔

''ایک مرتبہ حضرت عروہ بن زبیر نے کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ جزیہ کی ادائیگی میں دھوپ پر کھڑے کئے گئے ہیں تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو سخت ناپسند کیا اور فرمایا کہ ''میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ اللہ تعالی ایسے لوگوں کو عذاب دیں گے جو دُنیا میں لوگوں کو عذاب میں مبتلا کرتے ہیں'' (50)۔

اہل جزیہ کے ساتھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ان مذکورہ نظائر سے صاف واضح ہوتا ہے کہ آیت جزیہ سے مراد قطعاً یہ نہیں کہ اہل جزیہ کو ذلیل کیا جائے یا ان کو تکلیف پہنچا کر جزیہ وصول کیا جائے۔

اسلام نے اہل جزیہ کے ساتھ نہایت درجہ کا سلوک واحسان کیا ہے۔ مخالفین عقیدہ سے ایک معمولی اور جائز رقم لے کر ان کو نہ صرف جان کی امان فراہم کرنا بلکہ انہیں اپنی ریاست کے شہری کے جملہ حقوق عطا کرنے کی مثال دنیا کی کسی قوم و مذہب کے ہاں نہیں ملتی۔ اسی پر اکتفاء نہیں کیا گیا بلکہ انہیں ریاستی دفاع سے بھی مستثنیٰ رکھا گیا ہے اور ان کی حفاظت کے لئے خود اپنے (مسلمانوں کے) جان و مال کو خطرے میں ڈال دیا۔ اس کا اندازہ آپ ﷺ کے (اہل ذمہ کے ساتھ) کئی معاہدات ومکتوبات سے ہوتا ہے۔ یہاں ہم مکتوب نبوی کا صرف ایک جملہ قارئین کی توجہ کے لیے ذکر کرتے ہیں جو کہ آل ذی مرحب کے لئے آپ ﷺ نے لکھوایا تھا وہ یہ کہ

((وأن نصر آل ذی مرحب علی جماعة المسلمین))(51)۔

''آل ذی مرحب کے دُشمنوں کے خلاف ان کی مدد ونصرت مسلمانوں کے ذمہ واجب ہوگی''۔

چنانچہ علامہ قرافی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

((فقد یؤدی الی اتلاف النفوس والأموال صونا لمقتضاه عن الضیاع انه لعظیم))(52)۔

''اس کی وجہ سے مسلمانوں کو جان و مال کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے تا کہ وہ عقد ذمہ کی ذمہ داریوں سے عہد برا ہوسکیں بلاشبہ یہ ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے''۔

امام قرافی ابن حزم کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ:

''اس بات کی نظیر عالم انسانیت میں ماسوائے امت مسلمہ کے کہیں نہیں ملتی کہ ''اگر ذمیوں کا کوئی دُشمن انہیں نقصان پہنچانے کی غرض سے حملہ آور ہو جائے تو مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اسلحہ کے ساتھ ان کا دفاع کریں خواہ اس میں انہیں جانیں بھی قربان کرنا پڑیں تا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے دیئے گئے ذمہ کو بچا سکیں''(53)۔

اہل جزیہ کے بارے میں یہ تصور کرنا ہرگز درست نہیں کہ انہیں رسوا کیا جائے یا جزیہ وصول کرتے ہوئے انہیں تکلیف میں مبتلا کیا جائے بلکہ حق تو یہ ہے کہ دُشمن سے ان کی حفاظت کے ساتھ ساتھ انہیں ہر قسم کی چھوٹی بڑی تکلیف سے بھی بچایا جائے حتی کہ ان کی غیبت کر کے بھی انہیں تکلیف اور دکھ میں مبتلا نہ کیا جائے۔ علامہ قرافی کی رائے یہ ہے کہ:

((ان عقد الذمة يوجب حقوقا علينا لهم لأنهم فى جوارنا وفى وذمة الله تعالى ، وذمة رسول الله ﷺ ، ودين الاسلام ، فمن اعتدى عليهم ولو بكلمة سوء أو غيبة فى عرض أحدهم أو نوع من أنواع الأذية أو اعان على ذلك فقد ضيع ذمة الله وذمة رسوله ﷺ وذمة دين الاسلام))(54)۔

''معاہدۂ ذمہ کی وجہ سے ہم پر ان (غیر مسلم اہل جزیہ) کے حقوق لازم ہو جاتے ہیں اس لیے کہ اس عقد سے وہ ہمارے جوار وامان میں آ جاتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول اور اسلام کے ذمہ میں داخل ہو جاتے ہیں چنانچہ جو آدمی ان (اہل جزیہ) پر ظلم و زیادتی کرے اگرچہ یہ برے انداز تخاطب یا غیبت کے ذریعہ سے ہی کیوں نہ ہو تو گویا اُس نے اللہ اور اس کے رسول اور دین اسلام کے ذمہ کو ضائع کر دیا''۔

حواشی وتعلیقات

(1) التوبہ:29

(2) التوبہ:32

(3) التوبہ:36

(4) النحل:125، غیر مسلم مستشرقین کی طرف سے جزیہ کے حوالہ سے کئے گئے اشکال واعتراضات کے لیے ملاحظہ ہوں۔
A.S. tritton, Islam: Belief and Practices. P. 117, Majid Khuduri, International Law: treties in law in the middle east, P362, 363.

(5) ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب، دار صادر، بیروت، مادہ ''جزی'' 145/14

(6) ابن المطرز، ابو الفتح ناصر الدین، المغرب فی ترتیب المعرب:143/1

(7) الماوردی، علی بن محمد بن حبیب، الأحکام السلطانیۃ، دار الکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1999 ص:251، نیز ملاحظہ ہو، ابو یعلیٰ۔ محمد بن الحسین الفراء۔ الأحکام السلطانیہ، مطبعہ البابی الحلبی قاہرہ:1357ھ، ص:137

(8) ابن قدامۃ، أبی محمد عبداللہ بن أحمد، المغنی، مکتبۃ الریاض الحدیثۃ، ریاض:495/8 ''﴿لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَیْئًا وَّ لَا یُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّ لَا یُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّ لَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ﴾ البقرۃ:48)

(9) متی:24/7

(10) یشوع:10/16 مزید مثالوں کے لیے ملاحظہ ہو، متی:9/9، 27/17

(11) ملاحظہ ہو ڈینٹل سی ڈینٹ جونیر کی کی کتاب کا ترجمہ ''جزیہ اور اسلام'' مترجم مولانا غلام رسول مہر، طبع، شیخ غلام علی پبلشرز، لاہور 1962ء ص:95

(12) جزیہ اور اسلام، ص:78,106 (حاشیہ)

(13) التوبہ:29

(14) (امام ابوعبید نے کتاب الأموال فقرہ نمبر 93 تا 99 میں جزیہ سے متعلق اس حکم کی تمام روایات کو جمع کیا ہے)

(15) الشوکانی، محمد بن علی، نیل الاوطار المطبعۃ العثمانیۃ المصریۃ:61/8، ابن قدامۃ:507/8

(16) القرطبی، شمس الدین، الجامع لاحکام القرآن:72/8

(17) التوبہ:29

(18) الزمخشری، جار اللہ، ابوالقاسم محمود، الکشاف 413/2، الطبری، محمد بن جریر، جامع البیان، دار المعرفۃ بیروت:109/10

(19) فارسی میں بھی بعض مفسرین نے ''عن ید'' کو بمعنی دسترس وتوانگری کے لیا ہے ملاحظہ ہو امیر علی کی تفسیر مواہب الرحمان :297/2، ابن القیم اس حکم کو درست تسلیم کرتے ہیں لیکن آیت پر اطلاق کے حوالہ سے اس کو درست نہیں مانتے ملاحظہ ہو: **احکام اهل الذمة ، دار العلم للملايين**، بیروت، 1983ء، ص:23/1۔ مذکورہ اقوال کی مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، ابن الجوزی، زادالمسیر فی علم التفسیر، طبع بیروت:420/3

(20) **حسين بن محمد الدامغانی ، قاموس القرآن او اصلاح الوجوه والنظائر فی القرآن الكريم ، تحقيق ، عبد العزيز سيد ، دار العلم للملايين ، بيروت ، 281 .**

(21) القمر:53۔

(22) الکہف:49۔

(23) یونس:61۔

(24) الانعام:124۔

(25) تفسیر الطبری، 110/10، القرطبی، الجامع لاحکام القرآن:115/8، الکشاف:263/2، **زاد الميسر**:421/3

(26) البہوتی، منصور بن ادریس، **كشاف القناع على متن الاقناع، مطبعة انصار السنة** ، 1947ء : 704/1 ، **احکام اهل الذمة**:23/1۔

(27) **احکام اهل الذمة**:24/1۔

(28) تفسیر المراغی، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر:91/8، رشید رضا، تفسیر المنار، مطبعۃ المنار، قاہرہ، دارالفکر، بیروت:290/10

(29) فتح العزیز:116/16۔

(30) **احکام اهل الذمة**:23/1 .

(31) **احکام اهل الذمة**:24/1۔

(32) شرح السیر الکبیر:261/3۔

(33) الشافعی، محمد بن ادریس، الام، **دار المعرفة** ، بیروت: 176/2 ، **المهذب** :270/2، القرطبی:115/8

(34) کتاب الام للشافعی:176/2۔

(35) السرخسی، المبسوط:77/10۔

(36) کتاب الام للشافعی:176/2۔

(37) الممتحنۃ:8، ملاحظہ ہو آیت کے ذیل میں امام قرافی کی بحث، القرافی، أبوالعباس أحمد بن ادریس، الفروق (مع ھوامش) تحقیق خلیل المنصور، دارالکتب العلمیۃ بیروت:29/3۔

(38) مریم:14، لفظ ''بر'' کے قرآنی استعمالات کے لیے ملاحظہ ہوں آیات، البقرۃ:177,189,44، المائدہ:2، المجادلہ:9

(39) صحیح مسلم، حدیث نمبر (2553)۔

